اَلْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ

وَالْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَاباً وَّ خَیْرٌ اَمَلاً

(اور باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے پروردگار کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی زیادہ اچھی ہیں
اور تمنا و آرزو کی راہ سے بھی بہتر ہیں۔ سورۂ کہف: ۴۶/۱۸۔ف)

تالیف

کرّار حسین اظہری مبارکپوری نزیل حوزۂ علمیہ قم مقدسہ ایران

ناشر

جامعئہ الاطہر کراچی پاکستان

سید رعایت حسین نقوی

و

حسن اختر

اشاعت کتاب
بمناسبت

اَلْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ

چہلم (۲؍جولائی ۲۰۰۴ء بمطابق ۱۳؍جمادی الاوّل ۱۴۲۵ھ)

مرحوم و مغفور مسعود حسین ابن محمد ابراھیم



تاریخ ولادت
۱۵؍اکتوبر
۱۹۲۸ء

تاریخ وفات
۲؍جون
۲۰۰۴ء
بمطابق
۱۳؍ربیع الثانی
۱۴۲۵ھ
بروز بدھ
بوقت اَذان فجر

تمام مومنین و مسلمین سے اور بالخصوص اس کتاب کے پڑھنے والوں سے مرحوم مسعود حسین ابن محمد ابراھیم کے ایصال ثواب کیلئے ایک مرتبہ سورہ الحمد اور تین مرتبہ سورہ الاخلاص بمعہ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف کی تلاوت کی التماس ہے۔

مسلتمِسین

زوجہ مرحوم مسعود حسین

زوجہ و جناب محمود حسین
زوجہ و جناب مقبول حسین
زوجہ و جناب محمد حسین مسعودی
زوجہ و جناب سیّد عابد شبیر نقوی
زوجہ و جناب سیّد عباس شبیر نقوی
زوجہ و جناب آغا علی سرور

اَلْبَاقِیَاتُ الصّالِحَاتُ

﴿ وَالْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَاباً وَّ خَیْرٌ اَمَلاً ﴾

(اور باقی رہنے والی نیکیاں تمھارے پروردگار کے نزدیک ثواب کے اعتبار سے بھی زیادہ اچھی ہیں اور تمنا و آرزو کی راہ سے بھی بہتر ہیں. سورۂ کہف: ۱۸/۴۶۔ف)

﴿تالیف﴾

کرّار حسین اظہری مبارکپوری نزیل حوزۂ علمیہ قم مقدسہ ایران

﴿ناشر﴾

جامعۂ الاطہر کراچی پاکستان

شناسنامہ

نام کتاب.....اَلْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ

تالیف.....مولانا کرّار حسین اظہری مبارکپوری

نظر ثانی.....مولانا محمد حسین مسعودی

طبع اوّل.....بمناسبت چہلم مرحوم و مغفور مسعود حسین ابن محمد ابراھیم

جون ۲۰۰۴ء مطابق جمادی الاوّل ۱۴۲۵ھ

کمپوزنگ.....محمد رضا اظہر (فرزند مولف و دیگر افراد خانوادہ)

ناشر.....جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز (کراچی) پاکستان

تعداد..... ۵۰۰

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

ملنے کا پتہ:

دفتر جامعۃ الاطہر پبلیکشنز (کراچی) پاکستان

R-340 بلاک 20، ایف بی ایریا، انچولی سوسائٹی، کراچی

خط و کتابت کے لئے

پی او بکس 2335 کراچی پاکستان

فون نمبر 6603982-6378027-6808027

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست عناوین

باب اول

﴿در فضائل تعقیبات﴾

فضائل تعقیبات ۳۱
فضائل تسبیح ۳۲
فضائل خاک پاک کربلائے معلیٰ ۳۳
احادیث میں فضائل تسبیح خاک کربلا ۳۴
کربلا کی خاک پاک کا احترام ۳۹
ہر عبادت و ذکر الٰہی، تسبیح ہے ۴۱
صحیح تسبیح پڑھنے کا طریقہ ۴۲
قبلِ خواب و بعدِ نماز، تسبیح پڑھنے کا طریقہ ۴۳
احادیث میں فضائل سجدہ گاہ کربلا ۴۵

فضائل سورۂ اخلاص.....

فضائل آیت الکرسی.....

باب دوّم

﴿در تعقیبات واعمال﴾

تعقیبات مشترکہ برائے نماز پنجگانہ (۶ عدد)..... ۵۳

دعائے سلامتیٔ ایمان (تعقیب نمبر ۶)..... ۵۷

تعقیبات مختصہ..... ۵۹

(۱) تعقیب نماز صبح..... ۵۹

(۲) تعقیب نماز ظہر..... ۶۰

(۳) تعقیب نماز عصر..... ۶۲

(۴) تعقیب نماز مغرب..... ۶۳

(۵) تعقیب نماز عشاء..... ۶۴

اعمال شب جمعہ..... ۶۵

اعمال روز جمعہ..... ۶۸

دعائے غسل جمعہ..... ۷۱

باب سوّم

درا عمال واذ کار ماہ ہائے سال

۱۔ اعمال ماہ محرم الحرام

محرم کی پہلی رات ۷۸
اعمال شب عاشور ۷۹
اعمال روز عاشور ۸۱
اعمال روز عاشور بطریق دوم ۸۴
روز عاشور تعزیت کا طریقہ اور فاقہ شکنی کی دعا ۹۵

۲۔ اعمال ماہ صفر المظفر

۳ر صفر ۹۶
۲۰ر صفر کا دن: اربعین حسینی ۹۷
۲۸ر صفر کا دن ۹۷

۳۔ اعمال ماہ ربیع الاول

ربیع الاول کا پہلا دن ۹۷
۸ر ربیع الاول ۹۷

۹ ربیع الاول کا دن ۹۸

۱۲ ربیع الاول کا دن ۹۸

۱۷ ربیع الاول کی رات، اس کا دن اور چند اعمال ۹۸

﴿۴۔ اعمال ماہ ربیع الآخر﴾

۱۰ ربیع الثانی کا دن ۹۹

﴿۵۔ اعمال ماہ جُمادی الاولیٰ﴾

۱۳، ۱۴، ۱۵ جُمادی الاولیٰ ۱۰۰

۱۵ جُمادی الاولیٰ کا دن ۱۰۰

﴿۶۔ اعمال ماہ جُمادی الآخرۃ﴾

۳ جمادی الثانیہ کا دن ۱۰۱

۲۰ جمادی الثانیہ کا دن ۱۰۱

﴿۷۔ اعمال ماہ رجب المرجب﴾

اعمال واذکار مشترکہ ۱۰۲

اعمال واذکار مختصہ ۱۰۴

رجب کی پہلی رات ۱۰۴

رجب کا پہلا دن ۱۰۵

۱۳ رجب کا دن ۱۰۶

۱۵ر رجب کی رات ۱۰۶
۱۵ر رجب کا دن ۱۰۶
۲۷ر رجب کی رات اور دن ۱۰۷

﴿۸۔ اعمال ماہ شعبان المعظم﴾

اعمال واذکار مشترکہ ۱۰۸
اعمال واذکار مختصہ ۱۰۹
شعبان کا پہلا دن .....
۳ر شعبان کا دن ۱۰۹
۱۵ر شعبان کی رات (شبِ برات) کے چند اعمال .....
۱۵ر شعبان کا دن ۱۱۰
شعبان کا آخری جمعہ ۱۱۱

﴿۹۔ اعمال ماہ رمضان المبارک﴾

اعمال واذکار مشترکہ ۱۱۲
اعمال واذکار شب ۱۱۲
دعائے افطار ۱۱۳
ہر شب کی دعا ۱۱۳
اعمال واذکار سحر ۱۱۴

سب سے مختصر دعائے سحر ۱۱۵

تسبیحات سحر ۱۱۶

اعمال واذکار روز ۱۱۷

ہر روز کی دعا ۱۱۸

ہر شب وروز کی دعا ۱۱۹

ہر نماز کے بعد پڑھنے والی دعائیں ۱۱۹

دعائے یَاعَلِیُّ! یَاعَظِیْمُ! ۱۲۰

دعائے اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْ ۱۲۰

اعمال واذکار مختصہ ۱۲۱

رمضان المبارک کی پہلی رات کے اعمال ۱۲۱

اعمال شب ہائے قدر ۱۲۳

اعمال مشترک ۱۲۳

اعمال مخصوص ۱۳۰

انیسویں (۱۹) شب کے مخصوص اعمال ۱۳۰

ہر وقت لعنت بھیجنا مستحب ہے ۱۳۱

لعنت، صلوات، انتظار، تین عظیم عبادتیں ۱۳۲

اکیسویں (۲۱) شب کے مخصوص اعمال ۱۳۳

❁ تیئیسویں (۲۳) شب کے مخصوص اعمال ۱۳۷
رمضان المبارک کی آخری رات ۱۴۲
رمضان المبارک کا پہلا دن ۱۴۳
ماہِ رمضان میں ہر دن کی الگ الگ مخصوص دعائیں ۱۴۳
۱۔ پہلے دن کی دعا ۱۴۳
۲۔ دوسرے دن کی دعا ۱۴۴
۳۔ تیسرے دن کی دعا ۱۴۴
۴۔ چوتھے دن کی دعا ۱۴۴
۵۔ پانچویں دن کی دعا ۱۴۵
۶۔ چھٹے دن کی دعا ۱۴۵
۷۔ ساتویں دن کی دعا ۱۴۶
۸۔ آٹھویں دن کی دعا ۱۴۶
۹۔ نویں دن کی دعا ۱۴۶
۱۰۔ دسویں دن کی دعا ۱۴۶
۱۱۔ گیارہویں دن کی دعا ۱۴۷
۱۲۔ بارہویں دن کی دعا ۱۴۷
۱۳۔ تیرہویں دن کی دعا ۱۴۸

۱۴۔ چودہویں دن کی دعا ۱۴۸

۱۵۔ پندرہویں دن کی دعا ۱۴۸

۱۶۔ سولہویں دن کی دعا ۱۴۸

۱۷۔ سترہویں دن کی دعا ۱۴۹

۱۸۔ اٹھارہویں دن کی دعا ۱۴۹

۱۹۔ انیسویں دن کی دعا ۱۵۰

۲۰۔ بیسویں دن کی دعا ۱۵۰

۲۱۔ اکیسویں دن کی دعا ۱۵۰

۲۲۔ بائیسویں دن کی دعا ۱۵۰

۲۳۔ تیئیسویں دن کی دعا ۱۵۱

۲۴۔ چوبیسویں دن کی دعا ۱۵۱

۲۵۔ پچیسویں دن کی دعا ۱۵۲

۲۶۔ چھبیسویں دن کی دعا ۱۵۲

۲۷۔ ستائیسویں دن کی دعا ۱۵۲

۲۸۔ اٹھائیسویں دن کی دعا ۱۵۲

۲۹۔ انتیسویں دن کی دعا ۱۵۳

۳۰۔ تیسویں دن کی دعا ۱۵۳

رمضان المبارک کا آخری جمعہ ۱۵۴
رمضان المبارک کا آخری دن اور دعائے ختم قرآن ۱۵۴

﴿۱۰۔اعمال ماہ شوال المکرّم﴾

شوال کی پہلی رات ۱۵۵
شوال کا پہلا دن ۱۵۶

﴿۱۱۔اعمال ماہ ذی القعدۃ الحرام﴾

۲۳ر ذیقعدہ ۱۵۷
۲۵ر ذیقعدہ کی شب اور روز ۱۵۷

﴿۱۲۔اعمال ماہ ذی الحجۃ الحرام﴾

ابتدائی دس دنوں کے اعمال ۱۵۸
اعمال واذکار مخصوص ۱۵۹
ذی الحجہ کا پہلا دن ۱۶۰
۸ر ذی الحجہ کا دن ۱۶۰
۹ر ذی الحجہ کی رات (شب عرفہ) ۱۶۰
۹ر ذی الحجہ کا دن (روز عرفہ) ۱۶۰
۱۰ر ذی الحجہ کی رات ۱۶۲
۱۰ر ذی الحجہ کا دن ۱۶۲

۱۸ر ذی الحجہ کا دن ۱۶۶
۲۴ر ذی الحجہ کا دن ۱۶۷
ذی الحجہ کا آخری دن ۱۶۷

باب چہارم

﴿در ادعیہ وزیارات یومیہ﴾

ادعیۂ ایام ہفتہ وزیارات یومیہ ۱۶۹
(۱) دعائے روز شنبہ (سنیچر) ۱۷۳
◉ زیارت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در روز شنبہ.. ۱۷۴
(۲) دعائے روز یکشنبہ (اتوار) ۱۷۷
۞ زیارت حضرت علی علیہ السلام در روز یکشنبہ ۱۷۹
۞ زیارت حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام در روز یکشنبہ.... ۱۸۳
(۳) دعائے روز دوشنبہ (پیر) ۱۹۳
۞ زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام در روز دوشنبہ ۱۹۵
۞ زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام در روز دوشنبہ ۱۹۷
(۴) دعائے روز سہ شنبہ (منگل) ۱۹۸

❁ زیارت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام در روز سہ شنبہ. ۱۸۹
❁ زیارت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام در روز سہ شنبہ..... ۱۸۹
❁ زیارت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام در روز سہ شنبہ.... ۱۸۹
(۵) دعائے روز چہار شنبہ (بدھ)..... ۱۹۰
❁ زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام در روز چہار شنبہ.... ۱۹۲
❁ زیارت حضرت امام علی رِضا علیہ السلام در روز چہار شنبہ..... ۱۹۲
❁ زیارت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام در روز چہار شنبہ..... ۱۹۲
❁ زیارت حضرت امام علی نقی علیہ السلام در روز چہار شنبہ..... ۱۹۲
(۶) دعائے روز پنجشنبہ (جمعرات)..... ۱۹۳
❁ زیارت حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام در روز پنجشنبہ..... ۱۹۵
(۷) دعائے روز جمعہ (جمعہ)..... ۱۹۵
❁ زیارت حضرت امام صاحب الزمان علیہ السلام در روز جمعہ. ۱۹۷
دعائے حضرت مہدی علیہ السلام (عج)..... ۱۹۹
دعائے حضرت صاحب الامر علیہ السلام (عج)..... ۲۰۱
دعائے توسل..... ۲۰۳
دعائے نور (کبیر)..... ۲۰۹
دعائے نور کا حوالہ، بعض کتب ادعیہ وزیارات کے نام..... ۲۱۷

دعائے نور حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام ۲۲۲

دعائے عدیلہ ۲۲۳

رات میں سوتے وقت پڑھنے کی دعائیں ۲۳۰

کھانے پینے کی دعائیں ۲۳۶

آئینہ دیکھنے کی دعا ۲۳۷

جماع کے وقت پڑھنے کی دعا ۲۳۷

ناخن کاٹنے کا طریقہ اور دعا ۲۳۸

حضرت علی علیہ السلام سے منقول اعضائے وضو کی دعائیں ۲۳۹

زیارت قبور مومنین ۲۴۳

قبرستان میں پڑھنے کی عائیں ۲۴۷

تلقین ۲۵۲

تلقین برائے مرد ۲۵۴

تلقین برائے زن ۲۵۸

تلقین میں ایک غلطی اور اس کی اصلاح ۲۶۲

تحفۃ العوام کے مؤلف کا نام ۲۶۵

بعض کلمات تلقین میں مؤلف کی تحقیق ۲۶۵

باب پنجم

درنماز

نماز ہدیۂ میت (نماز وحشت) ۲۷۱
نماز وحشت کا دوسرا طریقہ ۲۷۲
ہر شیعہ کے لئے نماز وحشت پڑھنا ۲۷۳
ہر شب ہر شیعہ کے لئے نماز وحشت پڑھنا ۲۷۳
نماز ہدیۂ والدین ۲۷۵
نماز دیگر ۲۷۶
نماز ہدیۂ فرزند ۲۷۶
نماز آیات کا طریقہ ۲۷۶
نماز آیات کا دوسرا طریقہ ۲۷۷
نماز عیدین ۲۷۷
اعمال وادعیۂ عید نوروز (۲۱/مارچ) ۲۷۹
نماز عید نوروز کا طریقہ ۲۸۰
نماز شب کے فضائل ۲۸۲

دنیا میں نماز شب کے فوائد ۲۸۳
آخرت میں نماز شب کے فوائد ۲۸۵
نماز شب کا وقت ۲۸۷
نماز شب کا طریقہ ۲۸۷
نماز زیارت ۲۹۰
وقت نماز زیارت ۲۹۰
نماز زیارت کے متعلق علامہ مجلسیؒ کا نظریہ ۲۹۲
نماز زیارت کے متعلق علامہ کرمان شاہیؒ کا نظریہ ۲۹۳
طریقۂ نماز زیارت ۲۹۳

باب ششم

درزیارات

چہاردہ معصومین علیہم السلام کی زیارتیں ۲۹۷
نمبر۱۔ زیارت جناب رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ۲۹۷
نمبر۲۔ زیارت جناب فاطمہ زہراء علیہا السلام ۲۹۸

نمبر۳۔(زیارت جامعہ) زیارات ائمۂ معصومین علیہم السلام ۲۹۹
نمبر۴۔زیارت عاشورائے معروفہ..... ۳۰۱
نمبر۵۔زیارت مخصوص اربعین: چہلم..... ۳۰۹
نمبر۶۔زیارت مخصوص نیمۂ شعبان: شب برات..... ۳۱۴
نمبر۷۔زیارت امام حسین علیہ السلام مخصوص شب ہائے قدر ۳۱۵
نمبر۸۔زیارت امام حسین علیہ السلام مخصوص عیدین..... ۳۱۹
نمبر۹۔زیارت وارثِ حضرت امام حسین علیہ السلام..... ۳۲۸
نمبر۱۰۔زیارت حضرت علی اکبر علیہ السلام..... ۳۳۰
نمبر۱۱۔زیارت حضرت عباس علیہ السلام..... ۳۳۱
نمبر۱۲۔زیارت سائر شہدائے کربلا علیہم السلام..... ۳۳۲

نماز پنجگانہ کے بعد پڑھنے والی مختصر زیارتیں

نمبر۱۳۔دور سے مختصر بیحد بافضیلت زیارت امام حسین علیہ السلام.. ۳۳۴
نمبر۱۴۔زیارت دیگر حضرت امام حسین علیہ السلام..... ۳۳۵
نمبر۱۵۔زیارت حضرت امام علی رِضا علیہ السلام..... ۳۳۸
نمبر۱۶۔زیارت حضرت صاحب الزمان علیہ السلام..... ۳۳۹

باب ہفتم

در متفرقات

۱۔ شدائد و مشکلات حل ہوں ۳۴۳

۲۔ وسعت رزق ۳۴۳

۳۔ قرض، دشمن، شفاء ۳۴۴

۴۔ قضائے حاجات و مہمات ۳۴۴

۵۔ عزت و دولت اور جاہ و منصب ۳۴۵

۶۔ محبت زن و شوہر ۳۴۵

۷۔ توانگری ۳۴۵

۸۔ قضائے حاجات و دفع بلیات ۳۴۶

۹۔ بخار ۳۴۶

۱۰۔ شفائے بیمار ۳۴۶

۱۱۔ لڑکا پیدا کرنا ۳۴۷

۱۲۔ حصول علم و مال ۳۴۷

۱۳۔ غنا و ثروت ۳۴۷

۱۴۔حاجت..... ۳۴۸
۱۵۔زن وشوہر کے درمیان بہترین تعلقات..... ۳۴۸
۱۶۔وسعت رزق، حاجت، ثروت..... ۳۴۸
۱۷۔حیوانات موذی..... ۳۴۹
۱۸۔قرض..... ۳۴۹
۱۹۔دعائے مجلسی علیہ الرحمہ..... ۳۵۰
۲۰۔دعائے کثیر الثواب..... ۳۵۱
۲۱۔دعائے دیگر کثیر الثواب..... ۳۵۳
۲۲۔ثواب لَآ اِلٰـہَ اِلَّااللّٰہُ ۳۵۴
۲۳۔ثواب لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ..... ۳۵۵
۲۴۔ثواب تسبیحات اربعہ..... ۳۵۶
۲۵۔ثواب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَمَاھُوَ اَھْلُہٗ..... ۳۵۷
۲۶۔ثواب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ..... ۳۵۷
۲۷۔مسجد میں چراغ جلانے کا ثواب..... ۳۵۸
۲۸۔مسجد میں جھاڑو دینے کا ثواب..... ۳۵۸
۲۹۔سورۂ قدر روشنیٔ چشم..... ۳۵۸
۳۰۔فوائد اِستِغفَار..... ۳۵۹

۳۱۔فقر وتنگدستی ۳۵۹
۳۲۔محبت بین زوجین ۳۵۹
۳۳۔تعویذ محافظ جان ۳۶۰
۳۴۔سلامتی کے ساتھ سفر سے واپسی ۳۶۱
۳۵۔شفاء وحاجت روائی، دعائے شیخ بہائیؒ ۳۶۱

باب ہشتم

﴿در سور قرآنیہ﴾

قرآن مجید کے چند سورے وآیت الکرسی ۳۶۵
۱۔سورۂ یٰسٓ ۳۶۵
۲۔سورۂ رحمٰن ۳۷۴
۳۔سورۂ اعلیٰ ۳۸۱
۴۔سورۂ شمس ۳۸۱
۵۔سورۂ قدر ۳۸۲
۶۔سورۂ تکاثر ۳۸۲
۷۔سورۂ عصر ۳۸۳

۸۔سورۂ کوثر ۳۸۳
۹۔سورۂ کافرون ۳۸۴
۱۰۔سورۂ اخلاص (توحید) ۳۸۴
۱۱۔سورۂ فلق ۳۸۵
۱۲۔سورۂ ناس ۳۸۵
۱۳۔آیۃ الکرسی ۳۸۶

خاتمہ

قرآن مجید کے واجبی سجدے ۳۹۱
قرآن مجید کے مستحبی سجدے ۳۹۲
دعائے سجدۂ قرآن ۳۹۳
معتبر کتب شیعہ میں حدیث کساء کا ذکر ۳۹۴

نادعلی صغیر.....۴۴۰
دعائے لِیُ خَمْسَۃٌ.....۴۴۰
زائرین کرام کی زیارت وملاقات کا ثواب.....۴۴۱
آیت اللہ العظمیٰ آقائے مرعشی نجفیؒ کی بعض وصیتیں.....۴۴۲
فہرست کتب منابع.....۴۴۵
مؤلف کے دیگر آثار اوران کا تعارف.....۴۵۳
جناب رسول خدا، حضرت علی مرتضیٰ (علیہما السلام) کی دو حدیثیں...۴۶۲
اعلان.....۴۶۳

﴿ قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلام ﴾

صَدْرُ الْعَاقِلِ صُنْدُوْقُ سِرِّہٖ

عقلمند کا سینہ اس کے راز کا خزینہ ہوتا ہے. (نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۵۔م)

قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام

مَـــازَنٰی غَـــیُوْرٌ قَـــطُّ

غیرت دار انسان کبھی زنا نہیں کرسکتا ہے. (کہ یہی مصیبت اس کے گھر بھی آسکتی ہے)

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۳۰۵، ص ۷۴۰، ۷۴۱۔ ج)

مادۂ تاریخ اشاعت

''امور احسن ثواب وآمال باقیات صالحات'' (۱۹۹۷ء)

☆ نتیجۂ فکر ☆

جناب اختر مہدی حسینی تاؔب اظہری صاحب مبارکپوری ابن جناب محبوب حسین صاحب

حرف آغاز

یہ کتاب باقیات صالحات جو کہ اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ جس کے نام سے ہی یہ بات واضع ہو جاتی ہے کہ اس کتاب کا مقصد اور غرض و غایت کیا ہے، بندہ خدا کو اس دنیا میں بھیجنے کی وجہ اور علّت کیا ہے۔ تو خالق کائنات اللّٰہ جلّ جلالہُ نے قرآن مجید و فرقان حمید میں واضح اعلان کچھ اس طرح کیا کہ ایک جگہ کہا مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ الْاَنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ ۔ ''ہم نے جن و انس کو پیدا ہی نہیں کیا مگر اپنی عبادت کیلئے''۔ تو سورۃ الملک میں یوں گویا ہوا کہ اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمُوْتَ وَالْحیٰوۃ لِیَبْلُوَاکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَملاً وَھُوَالْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ۔ ''اس ذات اعلیٰ صفات نے موت اور حیات کو وجود بخشا تا کہ واضح کرے کہ تم میں سے بہترین اور اچھے اعمال والا کون ہے۔ اور وہ بڑا غالب اور بخشنے والا ہے''۔ تو سورۃ یٰس میں یوں سمجھایا اور بتلایا اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمُوْتٰی وَنَکْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَھُمْ ۔ ''بتحقیق ہم ہی موت کو زندگی دیتے ہیں اور ہم لکھتے جاتے ہیں وہ جو لوگ آگے بھیجتے جاتے ہیں اور جو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں''۔ بنی نوع بشر کی خلقت اور دنیا میں بھیجے جانے کا مقصد اسکی بندگی اور صفات عالیہ کا وجود مقصود ہے۔ یقیناً انسان اپنے ظاہری شکل و صورت کے ساتھ ساتھ خاص صفات کا پیکر ہوتا ہے اس کا جسم ایک جگہ مگر صفات ہر جگہ موجود ہوتی ہے اور ایک وقت آتا ہے جب جسم اس دنیا کا ساتھ چھوڑ دیتا ہے لیکن صفات، آثار اور

باقیات اسکی اس دنیا میں ہمیشہ رہتی ہیں لہذٰا انسان کی اصل پہچان اس کا کردار طرز زندگی، آداب معاشرت، عادات وصفات اور فکر وسوچ ہوا کرتی ہے۔

کتاب کے مصنف جناب محترم مولانا کرّار حسین اظہری مبارکپوری دامت برکاتہٗ نے اس کتاب میں اپنی تمام تر علمی توانائیوں کو صرف کر کے ایک ایسی جامع کتاب بنانے کی سعی کی ہے کہ جس کے ذریعے ایک باکردار اعلیٰ صفات مومن معاشرے کی زینت بن سکے۔ تو دوسری طرف اس کتاب کے وظائف پر عمل پیرا ہونے کی فیض و برکات کے نتیجہ میں جب اس دنیا کو خیر باد کہے تو وہاں والے اس کا استقبال کریں جو زمانہ برزخ میں جنت کا نظارہ کرے، جہاں قبر کو وسعت ملے تو نورانی ہستیاں اپنے نور سے قبر کو منور کریں جبکہ یوم حساب بارگاہ رب کریم میں نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو اور ساقی کوثر حوض کوثر کے جام سے اسکی تشنگی بجھائیں۔ اور قسیم نار و جنت، جنت الفردوس کا پروانہ دیں تو سردارانِ جنت، جنت میں خوش آمدید کہیں۔ خلاصہ مصنف کتاب عزیزم مولانا کرّار حسین اظہری نے اس کتاب میں اہم قرآنی سورتیں ہوں یا کہ تعقیبات نماز، دعائیں ہوں یا کہ زیارات، روز و شب کے وظائف ہوں یا کہ ہر ماہ کی اہم تاریخوں کے اعمال، عبادات کا طریقہ ہو کہ آداب زندگی کا سلیقہ یا کہ اخلاقیات کا مجموعہ گو کہ ایسے گوہر نایاب کو اس کتاب میں جمع کیا ہے کہ جسکی نظیر مشکل ہے۔

۲، جون ۲۰۰۴ھ کو اذان فجر کے ساتھ نماز صبح کے بعد سایہ پدری ہم سے جدا ہوا اور یتیمی کی رات آئی، مکان میں مکین نہ رہا، گھر سے ایک باب رحمت بند ہو گیا، مسکراتے چہرے والا ہم میں نہ رہا لوگوں کا غم بانٹنے والا ایک غم گسار نہ رہا۔ ہر ایک سے بڑھ کر ملنے والا، دوسروں کے دکھ درد میں نہ صرف شریک

ہونے والا بلکہ اسے اپنا غم محسوس کرنے والا نہ رہا۔ اپنے ہوں کہ غیر چھوٹے ہوں کہ بڑے ہر ایک کا دوست نہ رہا۔ ایک اور نیک و شریف لوگوں کی قدر کرنے والا نہ رہا، اہل علم وعلماء کا عقیدت مند نہ رہا، نبیؐ وآلِ نبیؐ کو چاہنے والا نہ رہا۔ ایک اور شہداء کربلا کا فدا کار نہ رہا، امام حسینؑ اور انکی مظلومیت کو ہر روز یاد کرنے والا مسلسل پچاس سال تک بلا ناغہ اعمال عاشورہ بجالانے والا نہ رہا۔ ایک اور تہجد گزار نہ رہا ایک اور تسبیح حمد باری تعالیٰ اور ذکرِ الٰہی کرنے والا اس دنیا سے کم ہوا۔ کہ جس نے آخر وقت بھی اہلِ خانہ سے بار بار تسبیح مانگی مگر دستِ بازو نے ساتھ نہ دیا تسبیح چھوٹ گئی اور کئی مرتبہ طلب کیا مگر طاقتِ جسم نے ساتھ نہ دیا۔ اور روح نے پرواز اختیار کی۔

لہٰذا مرحوم و مغفور والد ماجد کے انتقال کے بعد تمام ورثہ بالخصوص والدہ ماجدہ نے ان کے چہلم کے موقع پر ایک جامع وظائف کی کتاب کی خواہش کا اظہار کیا۔ جس کے لئے مرحوم کے فرزند اکبر جناب محمود حسین صاحب نے طباعت کی تمام تر ذمہ داری قبول کی۔ لہٰذا میری نظر میں اس جہت سے اس سے بہتر کتاب نہیں تھی لہٰذا مرحوم کی باقیات کی طرف سے یہ کتاب باقیات صالحات آپ کے پاس موجود ہے۔

خداوند کریم بتصدّقِ چہاردہ معصومینؑ اس صدقۂ جاریہ کو جناب مسعود حسین ابن محمد ابراہیم کیلئے قبول کرے اور انہیں اس کا بہترین اجر وثواب عنایت فرمائے۔

والسلام

مدیر ادارہ

محمد حسین مسعودی

﴿قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم﴾

نَضَرَ اللّٰہُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِیْ فَوَعَاھَا وَ بَلَّغَھَا مَنْ لَّمْ یَسْمَعْھَا: خداخوش کرے اس بندہ کو جو میری باتوں (حدیثوں) کو سنے (لکھے) اور جس نے نہیں سنا ہے اس تک پہونچائے. (رسالۂ پیامبر امیؐ: شہید مرتضٰی مطہریؒ، ص ۶۴، بحوالۂ کافی: ۱/۴۰۳)

﴿دعائے سلامتیٔ امام زمانہ علیہ السلام﴾

محدث قمیؒ نے تیئیسویں (۲۳) شب قدر کے اعمال میں تحریر فرمایا ہے: اِس شب بلکہ ہر وقت امام زمانہ حضرت حجت (عَجَّلَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَرَجَہُ الشَّرِیْف) کی سلامتی کے لئے اس دعا کی تکرار کرتا رہے: اَللّٰھُمَّ کُنْ لِّوَلِیِّکَ الْحُجَّۃِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلٰی آبَآئِہٖ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ وَفِیْ کُلِّ سَاعَۃٍ وَّلِیًّا وَّحَافِظًا وَّ قَآئِدًا وَّ نَاصِرًا وَّ دَلِیْلًا وَّعَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَہٗ اَرْضَکَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَہٗ فِیْھَا طَوِیْلًا. (مفاتیح الجنان: محدث قمیؒ، باب ۲، فصل ۳، ص ۴۱۷، ۴۲۶ نمبر ۴)

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ﴾

❁ مومنین کرام ہر شب و روز کم سے کم ایک مرتبہ ضرور یہ دعا پڑھیں ❁

۱

باب اوّل

درفضائل تعقیبات

﴿ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام ﴾

لَاطَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ

خدا کی معصیت میں کسی مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں کی جاسکتی ہے۔

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۱۵۶۔م)

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم

باب اول

﴿درفضائل تعقیبات﴾

نماز کے بعد دعا پڑھنے کو ''تعقیب'' کہتے ہیں قرآن مجید اور احادیث دونوں میں اس کا حکم دیا گیا ہے اور بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے چنانچہ خداوند عالم کا ارشاد ہے: اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ : تم مجھ سے دعائیں مانگو میں تمھاری دعا قبول کروں گا. (سورۂ مومن: ۴۰/۶۰۔ف)

شیخ طوسیؒ نے تہذیب میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے: ''طلب رزق کے سلسلہ مین روئے زمین پر دور دراز سفر سے ابلغ واولیٰ، تعقیب پڑھنا ہے''.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: ''نماز فریضہ کے بعد دعا پڑھنا نماز نافلہ پڑھنے سے زیادہ بہتر وافضل ہے.'' (کتاب کافی)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اگر بندہ، نماز سے فارغ ہونے کے بعد دعا نہ پڑھے تو خداوند عالم، ملائکہ سے خطاب

کرتے ہوئے فرماتا ہے": اے میرے فرشتو! میرے بندے کی طرف دیکھو کہ اس نے میرے واجب کو ادا کیا لیکن مجھ سے کوئی حاجت طلب نہیں کی اس کی نماز لو اور اسی سے اس کے چہرے پر دے مارو".

یہ حدیث اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس بندہ کی نماز، بارگاہ خدا میں قبول نہ ہوگی.

ظاہر ہے کہ تمام آداب وشرائط کے ساتھ مکمل خضوع وخشوع سے نماز پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے اور یقیناً ایسی ہی نماز، قرآنی اعلان کے مطابق بری باتوں سے روکتی ہے صرف خدا کے خاص بندوں ہی سے اس کی ادیگی ممکن ہے اور انھوں ہی نے ہم جیسے گناہگاروں کے لئے اس کی راہ حل نکالی ہے چنانچہ روایات میں وارد ہے کہ جب نماز میں کچھ کمیاں رہ جاتی ہیں تو تعقیبات پڑھنے سے وہ دور ہوجاتی ہیں اور جب تعقیبات میں بھی کچھ کمیاں رہ جاتی ہیں تو مستحبی اذکار وادعیہ کے پڑھنے سے وہ بھی دور ہوجاتی ہیں.

﴿فضائل تسبیح﴾

تعقیبات بہت ہیں ان میں سب سے زیادہ باعث ثواب حضرت فاطمہ علیہا السلام کی تسبیح ہے چنانچہ کتاب تہذیب میں شیخ (علیہ الرحمہ)

نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے: ''جو شخص نماز فریضہ کے بعد داہنے پیر کو بائیں پیر کے اوپر سے ہٹانے سے پہلے تسبیح پڑھے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے''.

یہ کنایہ واشارہ ہے کہ اسی طرح تشہد کی حالت میں قبلہ رخ بیٹھے ہوئے بغیر حرکت کئے تسبیح پڑھنا چاہئے لہٰذا پہلے تسبیح پھر اس کے بعد نماز نافلہ پڑھنا چاہئے. تعقیب کے وقت بات نہ کرے، داہنے بائیں توجہ نہ کرے پہلے چونتیس (۳۴) مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پھر تینتیس (۳۳) مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور اس کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ آخر میں صرف ایک مرتبہ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ بھی پڑھے تو بہت ثواب ہے.

تسبیح ایک ہزار (۱۰۰۰) رکعت نماز کے برابر ہے. نماز کے بعد دشمنان وقاتلان اہل بیت اطہار علیہم السلام پر لعنت بھیجنا بھی تعقیب میں داخل وشامل ہے اور نشان ایمان کامل ہے. (مفتاح الفلاح: ص ۱۰۴ تا ۱۰۸۔ وسائل الشیعہ: جلد ۵)

﴿فضائل خاک پاک کربلائے معلّٰی﴾

کربلائے معلّٰی کی خاک پاک ایک عظیم الٰہی نعمت ہے خدا نے

اسے تمام بیماریوں کے لئے شفاء قرار دیا ہے، تمام خوف اور بلاؤں سے باعث امن و امان بنایا ہے اس مقدس تربت کے اس قدر فوائد وفضائل ہیں کہ بیان وتحریر کے باہر ہیں منجملہ میّت کے ساتھ قبر کے اندر رکھنا، کفن پر اس سے لکھنا اور اس پر سجدہ کرنا یہ ساری چیزیں مستحب ہیں اس پر سجدہ کرنے کی فضیلت میں بہت زیادہ روایات وارد ہوئی ہیں.

﴿احادیث میں فضائل تسبیح خاک کربلا﴾

مقدس خاک کربلا کی تسبیح اپنے ساتھ رکھنا مستحب اور بے انتہا ثواب ہے نیز بلاؤں سے باعث نجات ہے اسے ہاتھ میں لے کر ذکر خدا کرنے کی بہت عظمت وفضیلت ہے اس کی بھی فضیلت میں بہت زیادہ احادیث وارد ہوئی ہیں اختصار کو پیش نظر رکھتے ہوئے بعنوان تبرک ذیل میں صرف چند حدیثیں نقل کی جارہی ہیں جن کی تعداد، ابواب جنت کے مطابق آٹھ (۸) ہے جنھیں ہم نے کتاب ''آثار وفوائد زیارت عاشوراء سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام'' میں نقل کیا ہے اور اسی سے یہاں نقل کررہے ہیں:

﴿حدیث نمبر ۱﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: یَا اَبَا هَارُوْنَ! اِنَّا

نَـاْمُـرُ صِبْيَـانَـنَا بِتَسْبِيْحِ الزَّهْرَآء (عَلَيْهَاالسَّلام) كَمَا نَاْمُرُهُمْ بِالصَّلٰوةِ... اے ابو ہارونؒ! جس طرح ہم اپنے بچوں کو نماز کا حکم دیتے ہیں اسی طرح حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی تسبیح پڑھنے کا بھی حکم دیتے ہیں پس اسے ترک نہ کرو، مداومت کرتے رہو کیوں کہ جو شخص اس کی مداومت کرتا ہے وہ شقی اور بد بخت نہیں ہوتا.

اس حدیث شریف سے والدین کی ذمہ داری کا اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو تسبیح پڑھنے کی تاکید اور سفارش کریں یہ حدیث خود والدین کے لئے بھی تشویق وترغیب کا باعث ہے. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء:، خاتمہ، ص ۱۶۸، بحوالہ ہائے (الف) ثواب الاعمال: ص ۱۹۶ حدیث نمبرا، ثـــواب تسبيـــح الـــزهـــراء (ع) (ب) حاشیۂ مفاتیح (۱): ص ۶۸، ۶۹، بحث تعقیب نماز. (ج) اسرار وآثار تسبیح حضرت زہراء (ع): ص ۳۹ فصل چہارم بحوالۂ فروع کافی، کتاب الصلوٰۃ، ص ۳۴۳، حدیث نمبر ۱۳)

﴿حدیث نمبر ۲﴾

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: ہمارے شیعہ چار (۴) چیزوں سے بے نیاز نہیں ہیں ان میں سے ایک چیز خاک کربلا کی تسبیح ہے اگر ذکر خدا کرتے ہوئے ایک ایک دانہ گھماتے جائیں تو ہر دانہ

پر چالیس (۴۰) نیکیاں لکھی جائیں گی اور بغیر ذکر کے صرف گھمانے پر بیس (۲۰) نیکیاں لکھی جائیں گی .(آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۶۸، ۱۶۹ بحوالہ ہدیۃ الزائرین، ص ۹۵، باب چہارم، فصل سوم)

حدیث نمبر ۳

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: جو خاک کربلا کی تسبیح گھماتے ہوئے یہ تسبیحات اربعہ پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَاللّٰـهُ اَكْبَرُ تو ہر دانہ پر خدا اس کے لئے چھ ہزار (۶۰۰۰) نیکیاں لکھے گا، چھ ہزار (۶۰۰۰) گناہ معاف کرے گا، چھ ہزار (۶۰۰۰) درجے بلند کرے گا اور چھ ہزار (۶۰۰۰) لوگوں کے لئے اس کی شفاعت کو قبول کرے گا.(آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۶۹ بحوالہ ہدیۃ الزائرین، ص ۹۵، باب چہارم، فصل سوم)

حدیث نمبر ۴

جنت کی حوریں جب فرشتوں کو زمین پر آتے ہوئے دیکھتی ہیں تو ان سے درخواست والتماس کرتی ہیں کہ ہمارے لئے دنیا سے خاک قبر حسین (علیہ السلام) کی تسبیح وسجدہ گاہ کو ہدیہ وتحفہ کے طور پر لائیں.(آثار

وفوائدزیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۶۹ بحوالۂ ہدیۃ الزائرین، ص ۹۵، باب چہارم، فصل سوم)

﴿حدیث نمبر۵﴾

کتاب تہذیب میں حضرت امام زمانہ علیہ السلام سے منقول ہے: خاک کربلا سے افضل کوئی تسبیح نہیں ہے منجملہ ایک فضیلت یہ ہے کہ اگر اسے گھماتے ہوئے ذکر و تسبیح خدا کو بھول جائے تو وہ خود بخود تسبیح کرتی رہتی ہے. (آثار وفوائدزیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۶۹، ۱۷۰ بحوالہ ہائے (الف) شفاء الصدور: ص ۲۸۵. (ب) اسرار... ص ۶۳ بحوالۂ وسائل الشیعہ: ۴/۱۰۳۳، حدیث نمبر ۷)

﴿حدیث نمبر۶﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص خاک کربلا کی پختہ تسبیح لے کر ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھے اس کو ستر (۷۰) استغفار کا ثواب ملے گا اور اگر تسبیح کو ہاتھ میں لئے ہو کچھ نہ پڑھے تب بھی ہر دانہ پر سات (۷) مرتبہ استغفار کا ثواب ملے گا. (آثار وفوائدزیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۰، بحوالہ ہائے (الف) مفاتیح (۱): ص ۸۶۵، فوائد تربت امام حسین (علیہ السلام). (ب) اسرار... ص ۶۳ بحوالۂ وسائل ۴/۱۰۳۳، ح ۴)

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: لِکُلِّ دَآءٍ دَوَآءٌ وَ دَوَآءُ الذُّنُوْبِ الْاِسْتِغْفَارُ: ہر بیماری کے لئے ایک دوا موجود ہے اور گناہوں کی بیماری کی دوا، استغفار ہے. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۰، بحوالہ ثواب الاعمال، ص ۱۹۷ "ثواب الاستغفار").

حدیث نمبر ۷

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص تربت قبر حسین علیہ السلام کی تسبیح سے ایک مرتبہ تسبیح پڑھے خدا اس کے لئے چار سو (۴۰۰) حسنات لکھے گا، چار سو (۴۰۰) گناہ معاف کرے گا، چار سو (۴۰۰) حاجات پوری کرے گا اور چار سو (۴۰۰) درجے بلند کرے گا.

نیز مروی ہے کہ مستحب ہے تسبیح کے دھاگہ کا رنگ، آسمان کے رنگ جیسا نیلا ہو. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۰، بحوالہ حاشیہ مفاتیح (۱): ص ۷۸، ۷۹ فضیلت تسبیح)

کتاب آثار وفوائد زیارت عاشوراء شائع ہونے کے بعد دھاگے کے رنگ کے متعلق ایک اور روایت ملی ملاحظہ فرمائیں:

آیت اللہ آقائے میانجی نے آقائے نہاوندیؒ کی کتاب مدہامتان جلد اول کے حوالہ سے مذکورہ رنگ کے بعد تحریر فرمایا ہے: ایک

روایت میں یہ بھی وارد ہے کہ دھاگے کا رنگ سبز ہو.(المستطرفات: جزء اول، ص ۲۱۸)

حدیث نمبر ۸

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص حضرت فاطمہ زہرا (علیہا السلام) کی تسبیح پڑھنے کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھے گا وہ بخش دیا جائے گا: وَھِیَ مِأۃٌ بِاللِّسَانِ وَ اَلْفٌ فِی الْمِیْزَانِ وَ تَطْرُدُ الشَّیْطَانَ وَ تُرْضِی الرَّحْمٰنَ: یہ تسبیح زبان سے پڑھنے میں سو (۱۰۰) لگتی ہے مگر میزان اعمال میں ہزار ثواب رکھتی ہے، شیطان کو دور کرتی ہے اور خدائے رحمٰن کو راضی وخوش کرتی ہے. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۰، ۱۷۱ بحوالہ ہائے (الف) ثواب الاعمال، ص ۱۹۶ حدیث نمبر ۲، ثواب تسبیح الزھراء علیھا السلام. (ب) اسرار... ص ۱۴۱ فصل چہارم بحوالۂ وسائل ۴/۱۰۲۳ ح ۳).

کربلا کی خاک پاک کا احترام

ظاہر ہے کہ جس خاک پاک کی تیار شدہ تسبیح کی اتنی فضیلت اور اس قدر اہمیت ہے کہ حضرات معصومین (صلوات اللہ علیہم اجمعین) نے اس کے دھاگے تک کا بھی رنگ معین فرمایا ہے اس کا بیحد احترام کرنا چاہئے

ہمیشہ احتیاط سے محفوظ جگہ رکھنا چاہئے تا کہ ٹوٹنے نہ پائے تسبیح کی طرح خاک شفا کی سجدہ گاہ کی بھی حفاظت کرنا ضروری ہے ورنہ ان کی ناراضگی کا سبب بنے گی جیسا کہ محدث نوریؒ نے کتاب دارالسلام میں فرمایا:

میرے ایک بھائی نے اپنی قبا کی نیچے والی جیب میں کربلا کی سجدہ گاہ کو رکھا تھا والدہ نے انھیں منع کیا کہ یہ بے ادبی ہے اور ٹوٹ بھی سکتی ہے. بھائی نے بتایا کہ سچ ہے اب تک دو (۲) عدد ٹوٹ چکی ہیں لہٰذا آئندہ ایسی جگہ نہیں رکھوں گا. میرے والد علامہ کو اس واقعہ کی خبر نہ تھی چند دنوں بعد انھوں نے خواب دیکھا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام ان سے ملاقات کے لئے کتب خانہ میں تشریف فرما ہیں بہت مہربانی سے پیش آئے حکم دیا اپنے بچوں کو میرے پاس بلاؤ تا کہ میں ان کو انعام دوں اور ان کا اکرام کروں.

والد نے ہم پانچ (۵) بھائیوں کو بلایا سب حضرت کے سامنے کھڑے ہو گئے ان کے پاس لباس اور دوسری چیزیں تھیں ایک ایک کو بلا کر دیتے گئے جب مذکورہ بھائی کی نوبت آئی تو اس پر ایک نظر ڈالی گویا غضب میں ہوں پھر والد سے فرمایا: ''تمھارے اس لڑکے نے میری خاک قبر کی دو سجدہ گاہیں توڑی ہیں!''

یہ فرما کر بھائی کو جو دینا تھا اسے اس کی طرف پھینک دیا خلاصہ یہ

کہ انھیں اپنے پاس نہیں بلایا بیدار ہو کر خواب کو والدہ سے بیان کیا انھوں نے حکایت کو نقل کیا تو والد کو اس سچے خواب پر تعجب ہوا. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۱، ۱۷۲ بحوالۂ مفاتیح (۱): ص ۸۶۷، ۸۶۸، فوائد تربت مقدسہ)

﴿ہر عبادت وذکر الٰہی، تسبیح ہے﴾

تسبیح کے معنی لغت میں یہ ہیں: ہر عیب اور برائی سے خداوند عالم کی بزرگی اور پاکی بیان کرنا، تسبیح یعنی عبادت کرنا اس معنی میں عمومیت پائی جاتی ہے خواہ یہ عبادت زبانی ہو یا عملی ہو یا صرف دل کے اندر قصد و نیت ہو پس تسبیح کے لئے کوئی خاص ذکر نہیں ہے کہ صرف اسی مخصوص لفظ سے تسبیح ہو سکتی ہے لہٰذا اگر زبان کے علاوہ زبان حال سے ذکر کیا جائے تو اسے بھی تسبیح کہا جائے گا.

پس ہر ذکر وعبادت کو تسبیح کہہ سکتے ہیں جیسا کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ، ان اذکار ثلاثہ کو تسبیح کہا گیا ہے اسی طرح تسبیحات اربعہ اور تسبیحات حضرت زہرا علیہا السلام کو بھی تسبیح کہا گیا ہے.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جب بندہ سُبْحَانَ اللّٰہ، کہتا ہے تو سارے فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۲، ۱۷۳، اسرار... ص ۵۱، ۵۲ بحوالۂ معانی الاخبار، ص ۹)

صحیح تسبیح پڑھنے کا طریقہ

مذکورہ فوائد وفضائل اور بے شمار ثواب کے پیش نظر میں نے بچپن سے اب تک متعدد مسجدوں، امام بارگاہوں، مدرسوں اور لوگوں کی تسبیحوں کو اپنے بچوں اور شاگردوں کو ساتھ میں لے کر گوندھا ہے پہلے مضبوط دھاگے اور دیگر لوازمات کا بند وبست کر لیتا تھا جمعہ اور دیگر تعطیلات میں دس، دس (۱۰،۱۰) بیس، بیس (۲۰،۲۰) تسبیح گوندھتا تھا تاکہ خاک شفاء کی تسبیح پڑھنے والوں کے ثواب میں مَیں بھی شریک رہوں بحمداللہ ابھی تک میرے ہاتھوں کی گوندھی ہوئی تسبیحیں مسجدوں میں موجود ہیں.

چونکہ بازار کی تسبیح کے دانوں کا اعتبار نہیں اکثر کم یا زیادہ ہوتے ہیں خصوصاً درمیان میں لہٰذا خریداری کے بعد پہلے صحیح کرتا ہوں پھر استفادہ کرتا ہوں بچوں کی الگ الگ مخصوص تسبیحیں موجود ہیں وہ رات میں پڑھ کر سوتے ہیں.

پوری تسبیح میں مجموعی طور پر سو (۱۰۰) دانوں کی ضرورت ہے دونوں طرف کنارے تینتیس، تینتیس (۳۳،۳۳) دانے اور دونوں نشانیوں کے درمیان میں صرف بتیس (۳۲) دانے ہوں اَللّٰہُ

اَکْبَرُ پڑھتے وقت پہلی نشانی کو بھی شامل کر کے اس پر بھی یہی ذکر پڑھیں تو اَللّٰہُ اَکْبَرُ چونتیس (۳۴) مرتبہ ہو جائے گا پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھتے وقت دوسری نشانی کو بھی شامل کر کے اس پر بھی یہی ذکر پڑھیں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تینتیس (۳۳) مرتبہ ہو جائے گا اس کے بعد سُبْحَانَ اللہ پڑھتے وقت بقیہ دانوں پر بھی یہی ذکر پڑھیں تو سُبْحَانَ اللہ خود بخود تینتیس (۳۳) مرتبہ ہو جائے گا پوری تسبیح پڑھنے کے بعد آخر میں صرف ایک مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ اور ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللہ پڑھیں بہت ثواب ہے، تسبیح ایک ہزار (۱۰۰۰) رکعت نماز کے برابر ہے. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۳، ۱۷۴)

﴿قبل خواب وبعد نماز، تسبیح پڑھنے کا طریقہ﴾

توجہ رہے کہ مذکورہ بالا طریقہ، نماز کے بعد پڑھی جانے والی تسبیح کا ہے رات میں سوتے وقت پڑھی جانے والی تسبیح کا طریقہ اور اس کی ترتیب یہ ہے کہ اَللّٰہُ اَکْبَر کے بعد پہلے سُبْحَانَ اللہ پھر آخر میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھیں بعض علماء نے دونوں وقت مطلق طور پر آخری دونوں ذکر کو مقدم و مؤخر کرنے کی اجازت دی ہے. بہر حال تسبیح کی اہمیت و عظمت کے پیش نظر اتنی تفصیل بیان کی گئی اصل مقصد یہ ہے کہ ہر نماز کے

بعد اور زیارت عاشورا پڑھنے سے پہلے سو(۱۰۰) مرتبہ یا کم سے کم ایک (۱) مرتبہ سہی اَللّٰہُ اَکبَر پڑھتے وقت اور آخر میں دعائے سجدہ پڑھتے وقت، خاک شفاء کی تسبیح اور اس کی سجدہ گاہ سے ضرور استفادہ کیا جائے بلکہ پوری زیارت پڑھتے وقت اور دیگر اوقات شریفہ مثلاً دعا، تعقیبات نماز، صلوات اور تلاوت وغیرہ کے دوران ہاتھ میں خاک شفاء کی تسبیح ہو تو نُورٌ عَلٰی نُور اور باعث خوشنودیٔ معبود ہے.

اگر چھوٹے بچوں کی موجودگی میں تسبیح گوندھی جائے تو ان کا صبر کرنا محال ہے وہ بھی شوق میں بڑھ چڑھ کر اس کار خیر میں حصہ لیں گے یہ بات میری بارہا کی آزمودہ ہے چھوٹے بچوں سے بڑوں کا بہت تعاون ہو جاتا ہے دونوں کی شرکت سے ایک نیک کام انجام پا جاتا ہے البتہ نگرانی ضروری ہے تا کہ دانوں میں کمی یا زیادتی نہ ہونے پائے.

میرے نہایت مشفق و مہربان، دیندار، پدر بزرگوار کی تاکید و نصیحت ہے کہ کبھی کبھی کار خیر لوگوں کو دکھا کر، بتا کر، اعلان کر کے انجام دینا چاہئے تا کہ لوگوں کے لئے ایک طرح کی راہنمائی و حوصلہ افزائی ہو دیگر افراد بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، کار خیر میں شریک ہوں چنانچہ وہ خود ہر مذہبی و اجتماعی کام میں پیش پیش ہوتے ہیں اسی بنا پر میں نے بہت سی باتوں کا مناسبت سے اظہار کر دیا تا کہ اپنے گناہوں کے بوجھ میں کچھ کمی

ہواور کار خیر پر عمل کرنے والوں کے ثواب میں شریک رہوں اس میں اپنی خودنمائی یاریاکاری نہیں ہے خدا ہر چیز سے باخبر ہے .(آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ،ص۱۷۴،۱۷۵)

﴿احادیث میں فضائل سجدہ گاہِ کربلا﴾

﴿**حدیث نمبر ۱**﴾ کتاب وسائل میں کتاب ارشادالقلوب دیلمیؒ کے حوالہ سے منقول ہے: **کَانَ الصَّادِقُ عَلَیْہِ السَّلامُ لا یَسْجُدُ اِلَّا عَلیٰ تُرْبَۃِ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلامُ**: حضرت صادق علیہ السلام صرف کربلائے معلّٰی کی خاک پاک پر سجدہ فرماتے تھے.

(آثاروفوائدزیارت عاشوراء: خاتمہ،ص۱۷۵،۱۷۶،بحوالہ شفاءالصدور،ص۲۸۶)

﴿**حدیث نمبر ۲**﴾ کربلائے معلّٰی کی خاک پاک پر سجدہ کرنے کی برکت سے ساتوں حجاب، چاک ہوجاتے ہیں.

اس حدیث میں حجاب سبعہ سے مراد، سماوات سبعہ ہیں، مقصود یہ ہے کہ ان سات (۷) آسمانوں سے گذرتے ہوئے نماز اوپر پہونچتی ہےاورقرب حقیقی کے درجہ تک چلی جاتی ہے.

دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس سے مراد، معاصی سبعہ ہیں یہ سات (۷) ایسے گناہ ہیں جن کی وجہ سے اعمال قبول نہیں ہوتے بعض علماء کے

نزدیک گناہان کبیرہ انھیں سات (۷) میں محدود ہیں جیسا کہ کتب فقہیہ میں مذکور ہے اور وہ یہ ہیں: ۱۔شرک ۲۔قتل ناحق ۳۔پاکدامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگانا ۴۔یتیم کا مال کھانا ۵۔زنا ۶۔میدان جنگ سے فرار ۷۔ والدین کی ناراضی، یعنی اگر کوئی سچے دل سے توبہ کرلے اور ترک گناہ کا پکا ارادہ کرلے تو اس تربت مقدس کی برکت سے خدا اس کے گذشتہ تمام گناہوں کو بخش دے گا.... (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: خاتمہ، ص ۱۷۶، شفاء الصدور، ص ۲۸۶)

﴿فضائل سورۂ اخلاص﴾

قرآن مجید کے ہر سورہ کی بڑی فضیلت ہے یہاں پر صرف سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کے سلسلہ میں چند روایتوں کو نقل کیا جارہا ہے چونکہ یہ سورہ مختصر اور ہر ایک کو زبانی یاد رہتا ہے لہٰذا بہ آسانی پڑھا جاسکتا ہے. صاحب تفسیر نور الثقلین نے نوے (۹۰) احادیث کو نقل فرمایا ہے ہم صرف چند حدیثوں پر اکتفاء کررہے ہیں:

حدیث نمبر (۱) جو شخص خدا اور روز جزا پر ایمان رکھتا ہے اسے نماز فریضہ کے بعد سورۂ اخلاص کو ترک نہیں کرنا چاہئے کیونکہ جو اس کو پڑھے گا خدا اس کے لئے دنیا وآخرت کی نیکیاں جمع کردے گا اس کو اور

اس کے والدین کو بخش دے گا۔ (تفسیر نور الثقلین: ۵/۷۰۰ ح ۱۰، بحوالۂ ثواب الاعمال)

حدیث نمبر (۲) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سعدؓ بن معاذ کی نماز جنازہ پڑھائی تو نوے (۹۰) ہزار فرشتوں نے آسمان سے آکر اس میں شرکت کی ان میں جبرئیل بھی تھے آنحضرتؐ نے جبرئیل سے پوچھا: کس وجہ سے سعدؓ پر تم نے نماز پڑھی؟ عرض کیا: سعدؓ اٹھتے بیٹھتے، پیادہ، سواری پر اور جاتے آتے ہر وقت ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' پڑھا کرتے تھے۔ (تفسیر نور الثقلین: ۵/۷۰۰، ۷۰۱ ح ۱۲، بحوالۂ ثواب الاعمال)

حدیث نمبر (۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جو ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے گویا اس نے ایک تہائی قرآن، ایک تہائی توریت، ایک تہائی انجیل اور ایک تہائی زبور کو پڑھا۔ (تفسیر نور الثقلین: ۵/۷۰۱ ح ۱۹، بحوالۂ توحید)

حدیث نمبر (۴) حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جو رات کو سوتے وقت سورۂ اخلاص پڑھے گا خدا پچاس (۵۰) ہزار فرشتوں کو مقرر کر دے گا جو رات بھر اس کی حفاظت کرتے رہیں گے۔ (تفسیر نور الثقلین: ۵/۷۰۲ ح ۲۱، بحوالۂ خصال)

حدیث نمبر (۵) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو ایک (۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے گا خدا اس کے نفس و مال میں

برکت دے گا، جو دو (۲) مرتبہ پڑھے گا تو اس کو اس کے اہل وعیال اور پڑوسیوں کو برکت دے گا اور جو بارہ (۱۲) مرتبہ پڑھے گا جنت میں اس کے لئے بارہ (۱۲) محل بن جائیں گے اس وقت حافظین، فرشتوں سے کہتے ہیں چلو ہم اپنے بھائی کا محل دکھائیں کہ وہ کیسا بنا ہے، جو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا اس کے پچیس (۲۵) سالہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور جو ایک ہزا (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے گا وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک جنت میں اپنی جگہ خود نہ دیکھ لے یا دوسرے لوگ نہ دیکھ لیں. (تفسیر نور الثقلین: ۵/۷۰۵ ح ۴۳، بحوالہ مجمع البیان)

حدیث نمبر (٦) ایک شخص پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا فقر وفاقہ اور تنگیٔ معیشت کی شکایت کی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنے گھر میں داخل ہو تو سلام کیا کرو گھر میں کوئی موجود ہو یا نہ ہو اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرو.

اس نے ان دونوں پر عمل کیا تو خدا نے اس کی روزی وسیع کر دی پھر وہ اپنے پڑوسیوں کو فیض و فائدہ پہنچانے لگا. (تفسیر نور الثقلین: ۵/ ۷۰۵، ۷۰۶ ح ۴۴، بحوالہ مجمع البیان)

﴿فضائل آیت الکرسی﴾

حدیث نمبر (۱) حضرت امام رِضا علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جو رات میں سوتے وقت آیت الکرسی پڑھے گا وہ مرض فالج سے محفوظ رہے گا اور جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا اس کو ڈنک مارنے والا کوئی جانور ضرر نہیں پہونچا سکتا. (ثواب الاعمال: ص ۲۳۵)

حدیث نمبر (۲) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا خود خداوند عالم اس کی روح کو قبض کرے گا وہ ایسا ہوگا گویا اس نے انبیاء کے ساتھ مل کر راہِ خدا میں جہاد کیا اور شہید ہو گیا. (تفسیر کبیر منہج الصادقین: ۹۶/۲ ح ۱۱)

حدیث نمبر (۳) جو ہر نماز کے بعد اس کی تلاوت کرے گا وہ نفسانی خطروں اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا اگر اس کی مداومت کرتے ہوئے ہر نافلہ وفریضہ کے بعد تلاوت کرتا رہے تو وہ فقیری اور محتاجگی سے امن وامان میں رہے گا، مخلوق کا محتاج نہ ہوگا اگر ہر فریضہ ونافلہ کے بعد اس کی مواظبت کرے تو خدا اپنے فضل وکرم سے مالدار بنادے گا اس کو ایسی جگہ سے رزق حاصل ہوگا جہاں سے تصور بھی نہیں ہوسکتا.
(تفسیر کبیر منہج الصادقین: ۹۷/۲، ۹۸، بحوالۂ سر المکتوم وعلم المکنون)

حدیث نمبر (۴) جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوسو(۱۰۰) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے گا گویا اس نے پوری زندگی خدا کی عبادت کی. (تفسیر نورالثقلین جلد ۱/۲۵۸)

حدیث نمبر (۵) جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے سے ساتوں آسمان کے پردے چاک ہوجاتے ہیں جب تک خداوند عالم پڑھنے والے پر نظر رحمت نہ کرلے وہ آپس میں نہ جُڑ سکیں گے، اس کے گناہ معاف کردے گا پھر خدا اس کی نیکیاں لکھنے کے لئے ایک فرشتہ کو بھیجتا ہے وہ اس وقت سے آنے والے کل تک پڑھنے کے وقت تک کی اس کی برائیوں کو مٹا دیتا ہے. (تفسیر کبیر منہج الصادقین: ۲/۹۵ ح ۸)

۲

باب دوم

در تعقیبات واعمال

﴿ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام ﴾

اَشَدُّ الذُّنُوْبِ مَااسْتَهَانَ (اَوِ اسْتَخَفَّ) بِهٖ صَاحِبُهٗ.

سب سے بڑا گناہ وہ ہے جس کا ارتکاب کرنے والا اسے سبک سمجھے.

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۳۴۰، ۴۶۹۔م)

باب دوم

درتعقیبات واعمال

تَعْقِیْبَاتِ مُشْتَرَکہ

یہ وہ دعائیں ہیں جنھیں پنجگانہ نمازوں کے بعد پڑھنا چاہئے ان کے بعد نماز صبح ،ظہر،عصر،مغرب اور عشاء ہر ایک کی الگ الگ مخصوص دعائیں نقل کی جائیں گی پس تعقیبات مشرکہ کے بعد ہر نماز کی مخصوص تعقیب پڑھی جائے اور اگر وقت کم ہو تو صرف مخصوص تعقیب پر اکتفاء کی جائے.

دعا نمبر ۱

صحیفۂ علویہ میں مذکور ہے کہ ہر فریضہ کے بعد یہ دعا پڑھے :

يَا مَنْ لَّايَشْغَلُهٗ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ وَّ يَا مَنْ لَّايُغَلِّطُهُ
السَّآئِلُوْنَ وَيَا مَنْ لَّايُبْرِمُهُ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ اَذِقْنِیْ
بَرْدَ عَفْوِکَ وَحَلَاوَةَ رَحْمَتِکَ وَمَغْفِرَتِکَ. (مفاتیح
الجنان (۱): باب اول، فصل اول، ۲۸)

دعا نمبر ۲

اِلٰهِیْ! هٰذِهٖ صَلٰوتِیْ صَلَّیْتُهَا لَا لِحَاجَةٍ مِّنْکَ اِلَیْهَا وَلَا رَغْبَةٍ مِّنْکَ فِیْهَا اِلَّا تَعْظِیْماً وَّطَاعَةً وَّ اِجَابَةً لَّکَ اِلٰی مَآاَمَرْتَنِیْ بِهٖ اِلٰهِیْ! اِنْ کَانَ فِیْهَا خَلَلٌ اَوْ نَقْصٌ مِّنْ رُّکُوْعِهَا اَوْ سُجُوْدِهَا فَلَا تُؤَاخِذْنِیْ وَ تَفَضَّلْ عَلَیَّ بِالْقَبُوْلِ وَالْغُفْرَانِ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل اول، ص ۲۸، ۲۹)

دعا نمبر ۳

اَللّٰهُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَکَ اَرْجٰی مِنْ عَمَلِیْ وَ اِنَّ رَحْمَتَکَ اَوْسَعُ مِنْ ذَنْبِیْ اَللّٰهُمَّ اِنْ کَانَ ذَنْبِیْ عِنْدَکَ عَظِیْماً فَعَفْوُکَ اَعْظَمُ مِنْ ذَنْبِیْ اَللّٰهُمَّ اِنْ لَّمْ اَکُنْ اَهْلاً اَنْ اَبْلُغَ رَحْمَتَکَ فَرَحْمَتُکَ اَهْلٌ اَنْ تَبْلُغَنِیْ وَ تَسَعَنِیْ

لِاَنَّهَا وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ

الرَّاحِمِيْنَ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل اول، ص ۳۰)

دعا نمبر ۴

ابن بابویہ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا

علیہا السلام کی تسبیح کے بعد یہ دعا پڑھو: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ

مِنْكَ السَّلَامُ وَ لَكَ السَّلَامُ وَ اِلَيْكَ يَعُوْدُ

السَّلَامُ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ

سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَئِمَّةِ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى

جَمِيْعِ اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ مَلَآئِكَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا

وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيٍّ اَمِيْرِ

اَلْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سَيِّدَىْ

شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ

الْحُسَيْنِ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ

بَاقِرِ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ نِ

الصَّادِقِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ نِ الْكَاظِمِ

اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا اَلسَّلَامُ عَلٰى

مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ نِ الْجَوَادِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ

مُحَمَّدٍ نِ الْهَادِىْ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ نِ

الزَّكِيِّ الْعَسْكَرِيِّ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ

الْقَآئِمِ الْمَهْدِيِّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ. پھر خدا

سے حاجت طلب کرو. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل اول، ص ۳۰، ۳۱)

دعا نمبر ۵

شیخ کفعمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ تمام نمازوں کے بعد یہ دعا پڑھو:

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبّاً وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ نَبِیّاً وَّ بِعَلِیٍّ اِمَاماً وَّ بِالْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ وَ عَلِیٍّ وَّ مُحَمَّدٍ وَّ جَعْفَرٍ وَّ مُوْسٰی وَ عَلِیٍّ وَّ مُحَمَّدٍ وَّ عَلِیٍّ وَّ الْحَسَنِ وَالْخَلَفِ الصَّالِحِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ اَئِمَّۃً وَّ سَادَۃً وَّ قَادَۃً بِہِمْ اَتَوَلّٰی وَ مِنْ اَعْدَآئِہِمْ اَتَبَرَّءُ. اس کے بعد تین مرتبہ پڑھو: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِیَۃَ وَ الْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل اول، ص ۳۱)

دعا نمبر (۶) دعائے سلامتیِ ایمان

شیخ طوسیؒ نے محمد بن سلیمان دیلمیؒ سے روایت کی ہے کہ میں نے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: آپ کے شیعہ کہتے ہیں کہ ایمان دو طرح کا ہوتا ہے: (۱) ثابت و مستقر (۲) بطور امانت جو زائل ہو جاتا ہے لہٰذا مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم فرمائیں کہ ایمان، کامل ہو جائے اور زائل نہ ہو سکے. حضرت نے فرمایا: ہر واجبی نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرو:

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبّاً وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ نَبِیّاً وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَّ بِالْقُرْآنِ کِتَاباً وَّ بِالْکَعْبَۃِ قِبْلَۃً وَّ بِعَلِیٍّ وَّلِیّاً وَّ اِمَاماً وَّ بِالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ وَّ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِیِّ بْنِ مُوسٰی وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ وَّ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ وَّ الْحُجَّۃِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَئِمَّۃً اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ رَضِیْتُ بِھِمْ اَئِمَّۃً فَارْضِنِیْ لَھُمْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

(مفاتیح الجنان (۲): باب اول، فصل ۶، ص ۱۴۲، ۱۴۳)

تَعقِیبَاتِ مُختَصَّہ

۱۔ تعقیب نماز صبح

شیخ ابن فہد علیہ الرحمہ نے ''عدۃ الداعی'' میں حضرت امام رِضا علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ جو شخص نماز صبح کے بعد اس دعا کو پڑھے گا خداوند عالم اس کی ہر حاجت پوری کرے گا اور تمام رنج و غم کو برطرف فرمائے گا.

بِسْمِ اللّٰهِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اُفَوِّضُ

اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ

سَیِّئَاتِ مَامَكَرُوْا لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ

كُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ

وَكَذَالِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ

مَّاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ

لَا مَاشَآءَ النَّاسُ مَاشَآءَ اللّٰهُ وَ اِنْ كَرِهَ النَّاسُ حَسْبِیَ

الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِیْنَ حَسْبِیَ الْخَالِقُ مِنَ

الْمَخْلُوْقِیْنَ حَسْبِیَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِیْنَ حَسْبِیَ

اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ حَسْبِیْ مَنْ هُوَ حَسْبِیْ حَسْبِیْ مَنْ

لَّمْ یَزَلْ حَسْبِیْ حَسْبِیْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ لَمْ یَزَلْ

حَسْبِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل دوم، ص ۳۸، ۳۹)

۲۔ تعقیب نماز ظہر

نماز ظہر کے بعد پڑھے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَآئِمَ

مَغْفِرَتِکَ وَ الْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّ السَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ

اِثْمٍ اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْباً اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَ لَاھَماً اِلَّا

فَرَّجْتَهٗ وَلَاسُقْماً اِلَّاشَفَیْتَهٗ وَلَاعَیْباً اِلَّا سَتَرْتَهٗ وَلَارِزْقاً

اِلَّابَسَطْتَّهٗ وَ لَاخَوْفاً اِلَّا آمَنْتَهٗ وَ لَاسُوْٓءً اِلَّا صَرَفْتَهٗ

وَ لَاحَاجَةً ھِیَ لَکَ رِضًا وَّ لِیَ فِیْھَا صَلَاحٌ اِلَّا

قَضَیْتَھَا یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آمِیْنَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

پھر دس (۱۰) مرتبہ کہے: بِاللّٰہِ اعْتَصَمْتُ وَ بِاللّٰہِ اَثِقُ وَ عَلَی

اللّٰہِ اَتَوَکَّلُ.

اس کے بعد پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِیْ فَاَنْتَ اَعْظَمُ

وَ اِنْ کَبُرَ تَفْرِیْطِیْ فَاَنْتَ اَکْبَرُ وَ اِنْ دَامَ بُخْلِیْ فَاَنْتَ

اَجْوَدُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ عَظِیْمَ ذُنُوْبِیْ بِعَظِیْمِ عَفْوِکَ وَ

کَثِیْرَ تَفْرِیْطِیْ بِظَاھِرِ کَرَمِکَ وَاقْمَعْ بُخْلِیْ بِفَضْلِ

جُوْدِکَ اَللّٰھُمَّ مَابِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْکَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ. (مفاتیح الجنان(۱): باب اول، فصل دوم، ص ۳۱، ۳۲)

﴿۳۔ تعقیب نماز عصر﴾

نماز عصر کے بعد پڑھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

وَاَسْئَلُہٗ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِیْلٍ خَاضِعٍ فَقِیْرٍ

بَآئِسٍ مِّسْکِیْنٍ مُّسْتَکِیْنٍ مُّسْتَجِیْرٍ لَّایَمْلِکُ لِنَفْسِہٖ

نَفْعاً وَّلَاضَرًّا وَّلَا مَوْتاً وَّلَاحَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا.

پھر پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَ

مِنْ قَلْبٍ لَّایَخْشَعُ وَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَ مِنْ صَلٰوةٍ لَّا

تُرْفَعُ وَ مِنْ دُعَآءٍ لَّایُسْمَعُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الْیُسْرَ

بَعْدَ الْعُسْرِ وَالْفَرَجَ بَعْدَ الْكَرْبِ وَالرَّخَآءَ بَعْدَ الشِّدَّةِ

اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوبُ اِلَيْكَ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل دوم، ص ۳۲، ۳۳)

۴۔ تعقیب نماز مغرب

نماز مغرب اور اس کی چار (۴) رکعت نافلہ کے بعد دس

(۱۰) مرتبہ پڑھے: مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. پھر یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ

مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالنَّجَاةَ مِنَ

النَّارِ وَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانَ فِیْ

دَارِ السَّلَامِ وَجِوَارِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ

اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل دوم، ص ۳۴)

۵۔ تعقیب نماز عشاء

نماز عشاء کے بعد یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِیْ وَ اِنَّمَآ اَطْلُبُہٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰی قَلْبِیْ فَاَجُوْلُ فِیْ طَلَبِہِ الْبُلْدَانَ فَاَنَا فِیْمَا اَنَا طَالِبٌ کَالْحَیْرَانِ لَآ اَدْرِیْ اَفِیْ سَھْلٍ ھُوَ اَمْ فِیْ جَبَلٍ اَمْ فِیْ اَرْضٍ اَمْ فِیْ سَمَآءٍ اَمْ فِیْ بَرٍّ اَمْ فِیْ بَحْرٍ وَّ عَلٰی یَدَیْ مَنْ وَ مِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَہٗ عِنْدَکَ وَ اَسْبَابَہٗ بِیَدِکَ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَقْسِمُہٗ بِلُطْفِکَ وَتُسَبِّبُہٗ بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَ اجْعَلْ یَارَبِّ! رِزْقَکَ لِیْ وَاسِعاً وَّ مَطْلَبَہٗ سَھْلاً وَّ مَاْخَذَہٗ

قَرِیْباً وَّ لَاتُعَنِّنِیْ بِطَلَبِ مَالَمْ تُقَدِّرْ لِیْ فِیْهِ رِزْقاً فَاِنَّکَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِیْ وَاَنَاْ فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَجُدْ عَلٰی عَبْدِکَ بِفَضْلِکَ اِنَّکَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ . (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل دوم، ص ۳۵، ۳۶)

اعمال شب جمعہ

شب جمعہ کے اعمال اور اس کی دعائیں بہت زیادہ ہیں ہم اس مختصر کتاب میں صرف چند امور پر اکتفا کر رہے ہیں اور انھیں مفاتیح سے نقل کر رہے ہیں:

(۱) حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام پر زیادہ سے زیادہ صلوات بھیجے روایت میں ہے کہ کم سے کم سو (۱۰۰) مرتبہ بھیجے البتہ جس قدر زیادہ ہو بہتر ہے. حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ شب جمعہ میں محمد و آل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجنا ہزار (۱۰۰۰) حسنہ کے برابر ہے، ہزار (۱۰۰۰) گناہ معاف ہوتے ہیں اور ہزار (۱۰۰۰) درجے بلند ہوتے ہیں.

(۲) شب جمعہ میں قرآن مجید کے ان چند سوروں کے پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے اور بڑی تاکید بھی کی گئی ہے تلاوت کے بہت زیادہ فائدے اور ثواب ہیں:

نمبر شمار	نام سورہ	سورہ نمبر	پارہ نمبر
﴿۱﴾	بَنِیٓ اِسۡرَآئِیل	۱۷	۱۵
﴿۲﴾	کَهۡف	۱۸	۱۵
﴿۳﴾	شُعَرَآء (طٰسٓمٓ ...)	۲۶	۱۹
﴿۴﴾	نَمۡل (طٰسٓ ...)	۲۷	۱۹
﴿۵﴾	قَصَص (طٰسٓمٓ ...)	۲۸	۲۰
﴿۶﴾	سجدہ (الٓمٓ ...)	۳۲	۲۱
﴿۷﴾	یٰسٓ	۳۶	۲۲
﴿۸﴾	صٓ	۳۸	۲۳
﴿۹﴾	اَحۡقَاف	۴۶	۲۶
﴿۱۰﴾	وَاقِعَة	۵۶	۲۷
﴿۱۱﴾	حٰمٓ سجدة	۴۱	۲۴
﴿۱۲﴾	دُخَان (حٰمٓ...)	۴۴	۲۵
﴿۱۳﴾	طُوۡر	۵۲	۲۷
﴿۱۴﴾	قَمَر	۵۴	۲۷
﴿۱۵﴾	جُمُعَة	۶۲	۲۸

نوٹ: سورہ نمبر ۳، ۴، ۵ کو ''طواسین ثلاثہ'' کہتے ہیں.

اگر وقت کم ہو تو صرف سورۂ واقعہ اور اس کے پہلے کے سوروں کی تلاوت کرے.

(۳) دس (۱۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے: یَـــادَآئِمَ الْفَضْـــلِ عَـلَـی الْبَـرِیَّةِ یَـا بَـاسِـطَ الْیَـدَیْنِ بِالْعَطِیَّةِ یَاصَاحِبَ الْـمَوَاهِبِ السَّنِیَّةِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ خَیْرِ الْوَرٰی سَـجِیَّةً وَّ اغْـفِـرْ لَـنَـا یَـا ذَا الْـعُـلٰی فِیْ هٰذِهِ الْعَشِیَّةِ.

(۴) مومنین کے لئے زیادہ سے زیادہ دعا کرے جیسا کہ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السّلام دعا فرماتی تھیں. روایت میں وارد ہے کہ اگر دس (۱۰) مردہ مومنین کی بخشش کے لئے دعا کرے تو اس پر جنت واجب ہو جاتی ہے.

(۵) دعائے کمیل پڑھے کیونکہ اس سے دشمنوں کے شر سے حفاظت، رزق میں وسعت اور گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے جیسا کہ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے. (مفاتیح الجنان (۱): ص ۵۴ تا ۶۰۔ ثواب الاعمال)

اعمال روز جمعہ

جمعہ کے دن کے بھی اعمال اور دعائیں بہت زیادہ ہیں یہاں پر کتاب مفاتیح سے صرف چند اعمال اور دعاؤں کو بیان کیا جارہا ہے. تفصیل کے لئے مفاتیح الجنان کا مطالعہ کیا جائے:

(۱) جب جمعہ کی صبح ہوجائے تو یہ دعا پڑھے: اَصْبَحْتُ فِیْ ذِمَّةِ اللّٰهِ وَ ذِمَّةِ مَلَآئِکَتِهٖ وَ ذِمَمِ اَنْبِیَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَ ذِمَّةِ مُحَمَدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ ذِمَمِ الْاَوْصِیَآءِ مِنْ اٰلِ مُحَمَدٍ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ آمَنْتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَدٍ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَ عَلَانِیَتِهِمْ وَ ظَاهِرِهِمْ وَ بَاطِنِهِمْ وَ اَشْهَدُ اَنَّهُمْ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ وَ طَاعَتِهٖ کَمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ.

(۲) روایت میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن نماز صبح سے پہلے تین (۳) مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے

اگرچہ کف دریا سے زیادہ ہی کیوں نہ ہوں:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ.

(۳) نماز صبح کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھے تو آیندہ جمعہ تک گناہوں کا کفارہ بن جائے گی:

اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ فِیْ جُمُعَتِیْ هٰذِهٖ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ فِیْهَا مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ فِیْهَا مِنْ نَّذْرٍ فَمَشِیَّتُکَ بَیْنَ یَدَیْ ذَالِکَ کُلِّهٖ فَمَاشِئْتَ مِنْهُ اَنْ یَّکُوْنَ کَانَ وَ مَالَمْ تَشَاْ مِنْهُ لَمْ یَکُنْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَ تَجَاوَزْ عَنِّیْ اَللّٰهُمَّ مَنْ صَلَّیْتَ عَلَیْهِ فَصَلٰوتِیْ عَلَیْهِ وَ مَنْ لَّعَنْتَ فَلَعْنَتِیْ عَلَیْهِ. ہر مہینہ میں کم سے کم ایک مرتبہ یہ دعا پڑھ لیا کرے.

(۴) مروی ہے کہ جو شخص جمعہ اور جمعہ کے علاوہ دوسرے دنوں میں نماز صبح اور نماز ظہر کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ فَرَجَهُمْ تو حضرت قائم علیہ السلام کے ظہور تک زندہ رہے گا اور اگر یہ صلوات سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو خدا اس کی تیس

(۳۰) دنیاوی اور تیس (۳۰) اخروی حاجتیں برلائے گا.

(۵) نماز صبح کے بعد سورۂ رحمٰن کی تلاوت کرے اور ہر فَبِاَیِّ آلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ (اپنے پروردگا کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟) کے بعد کہے: لَابِشَیْءٍ مِّنْ آلَائِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ (پروردگارا! میں تیری کسی نعمت کو نہیں جھٹلاؤں گا!)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص ہر فَبِاَیِّ... کے بعد لَابِشَیْءٍ... کہے گا وہ رات میں مرے یا دن میں، شہید کی موت مرے گا. (ثواب الاعمال: ص ۲۶۲)

(۶) غسل جمعہ کرے کیونکہ سنت ہے اور بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے جیسا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے ارشاد فرمایا: ہر جمعہ کو غسل بجالاؤ چاہے تم کو اپنی خوراک بیچ کر غسل کے لئے پانی خریدنا پڑے اور بھوکا رہنا پڑے کیونکہ اس سے عظیم اور بزرگ کوئی سنت نہیں ہے.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص غسل جمعہ کرتے وقت یہ دعا پڑھے وہ آئندہ جمعہ تک گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے. (یا) اس کے اعمال، معنوی طہارت کے ساتھ قبول ہوتے ہیں:

دعائے غسل جمعہ

اَشْهَدُاَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِىْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَ اجْعَلْنِىْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ.

❁ غسل جمعہ کا وقت، طلوع فجر سے زوال تک ہے زوال سے جتنا قریب غسل بجالائے اتنا بہتر ہے.

(۷) ناخن کاٹے اور مونچھیں بنائے. ناخن کاٹنے کا دن، طریقہ اور فضیلت اِسی کتاب میں بیان کی گئی ہے. (باب چہارم، صفحہ نمبر ۲۶۲، ۲۶۳)

(۸) عطر لگائے اور صاف ستھرے لباس پہنے.

(۹) صدقہ دے ایک روایت میں ہے کہ شب جمعہ و روز جمعہ صدقہ دینا دوسرے اوقات کے ہزار (۱۰۰۰) برابر ہے.

(۱۰) اپنے اہل وعیال کے لئے بہترین پھل اور گوشت وغیرہ خریدے تا کہ یہ لوگ جمعہ آنے سے خوش ہوں.

(۱۱) نہار منہ انار کھائے، حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن، نہار منہ ایک عدد انار کھاتا ہے

چالیس (۴۰) دنوں تک اس کا دل، نورانی رہتا ہے.

(۱۲) اپنے کو دنیاوی کاموں سے فارغ رکھے، دینی مسائل سیکھنے میں مشغول رہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس مسلمان پر افسوس جو ہفتہ میں ایک دن جمعہ کو اپنے دینی مسائل سیکھنے میں نہ گذارے! اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ اگر جمعہ کے دن کوئی ضعیف العمر انسان، جاہلیت کی تاریخ بیان کرے تو اس کے سر پر پتھر سے مارو.

(۱۳) ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ صلوات بھیجے، حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ میرے نزدیک جمعہ کے دن صلوات سے زیادہ پسندیدہ کوئی عبادت نہیں ہے اگر وقت کم ہو تو کم سے کم سو (۱۰۰) مرتبہ صلوات پڑھے تا کہ قیامت میں اس کا چہرہ نورانی رہے.

روایت میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سو (۱۰۰) مرتبہ صلوات بھیجے سو (۱۰۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ کہے اور سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ توحید پڑھے وہ بخش دیا جائے گا. دوسری روایت میں ہے کہ ظہر اور عصر کے درمیان صلوات بھیجنا ستر (۷۰) حج کے برابر ہے.

(۱۴) مُردوں اور اپنے والدین کی قبروں کی زیارت کرنے جائے بہت فضلیت ہے، حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جمعہ

کے دن مردوں کی زیارت کرو کیونکہ مردے جانتے ہیں کہ کون شخص ان کی زیارت کے لئے آیا اور وہ خوش ہوتے ہیں. (مفاتیح الجنان (ا): ص ۶۱ تا آخر ''اعمال روز جمعہ'')

(۱۵) زیارتِ معصومین (علیہم السلام): بحار میں ہے کہ شہید (رحمہ اللہ) نے کتاب دروس میں (ص ۱۵۶ پر) فرمایا: ہر جمعہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ علیہم السلام کی زیارت مستحب ہے اگرچہ دور ہی سے کیوں نہ ہو بلندی سے پڑھے تو بہتر ہے. (بحار: ۹۸/۳۷۰، باب ۳۲، ح ۱۴، کتاب المزار)

مذکورہ فرمائش کے پیش نظر اس کتاب میں موجود زیارت جامعہ (باب ششم، زیارت نمبر ۳ صفحہ نمبر ۲۲۳ تا ۲۲۵) پڑھنا کافی ہے. ان شاء اللہ. کیونکہ وہ ہر نبیؑ اور ہر معصومؑ کے لئے پڑھی جاسکتی ہے.

﴿ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام ﴾

اَلدُّنیَا تَغُرُّ وَ تَضُرُّ وَتَمُرُّ

دنیا، دھوکہ باز، نقصان رساں اور رواں دواں ہے.

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۴۰۷۔م)

۳

باب سوم

در اعمال واذکار ماہائے سال

﴿ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام ﴾

کُلُّ یَوْمٍ لَّایُعْصَی اللّٰہُ فِیْہِ فَھُوَ یَوْمُ عِیْدٍ.

ہر وہ دن جس میں خدا کی نافرمانی نہ کی جائے عید کا دن ہے.

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۴۲۰۔م)

باب سوم

﴿در اعمال واذکار ماہ ہائے سال﴾

اس باب کی اکثر باتیں مفاتیح سے نقل کی گئی ہیں اختصار کے پیش نظر صرف ہر ماہ کے آخر میں حوالے دیئے گئے ہیں کہیں کہیں درمیان میں کتاب اقبال اور زادالمعاد وغیرہ سے بھی بعض باتوں کو نقل کیا گیا ہے وہیں ان کے حوالے بھی دے دیئے گئے ہیں کوشش کی گئی ہے کہ مختصر اور آسان ادعیہ، اذکار واعمال کو ذکر کیا جائے شاید کسی کے لئے یہ بھی طولانی ہوں لیکن کتاب اقبال اور ادعیہ واعمال کی دیگر معتبر کتابوں کی بہ نسبت بہر حال یہ ساری چیزیں مختصر ہی ہیں خود مفاتیح بھی مختصر ہے اسی لئے متعدد مقامات پر محدث قمیؒ نے فرمایا: تفصیل کے لئے سیدؒ کی فلاں کتاب کی طرف رجوع فرمائیں وہاں یہ طولانی دعائیں موجود ومذکور ہیں. (ملاحظہ فرمائیں: مفاتیح (۲): ص ۲۳۵، روز اول رجب، نمبر ۴)

بہر حال دعا وعبادت کی طرف رغبت رکھنے والے حضرات

مفاتیح، مفتاح الفلاح، مصباح، تحفہ، اقبال اور زادالمعاد جیسی معتبر کتابوں کی طرف رجوع فرمائیں اسی لئے اس کتاب میں بہت سی کتابوں کے نام درج کر دیئے گئے ہیں اگر چہ دسترسی ایک مشکل کام ہے.

سید علیہ الرحمہ نے کتاب اقبال میں معصومین علیہم السلام کی ولادت باسعادت کی تمام تاریخوں میں شکرانہ کے طور پر روزہ رکھنا، صدقہ دینا، عبادت کرنا اور اس دن کی تعظیم کرنا مستحب بتایا ہے.

﴿۱۔ اعمال ماہ محرم الحرام﴾

یہ اہل بیت طاہرین علیہم السلام اور ان کے شیعوں کے لئے حزن واندوہ کا مہینہ ہے حضرت امام علی رِضا علیہ السلام نے فرمایا: **کَانَ اَبِیْ اِذَا دَخَلَ شَھْرُ الْمُحَرَّمِ لَایُرٰی ضَاحِکاً** جب محرم کا مہینہ آجاتا تھا تو میرے والد ماجد (حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام) کو کوئی شخص ہنستے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا مسلسل غمگین رہتے تھے. (اقبال: باب اول، ص ۱۶)

﴿محرم کی پہلی رات﴾

دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں ایک مرتبہ حمد اور گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد پڑھے جو شخص یہ نماز بجالائے گا اور صبح کو

روزہ بھی رکھے گا گویا وہ پورے سال خیر و نیکی کی مداومت کرتا رہا اس سال محفوظ رہے گا اور اگر مر جائے تو جنت میں جائے گا۔ (اقبال: باب اول، ص ۲۶) کتاب اقبال میں پہلے اور تیسرے دن کے روزوں کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ (اقبال: باب اول، ص ۲۶ تا ۲۸)

۱۰ر محرم کی رات: شب عاشور کے چند اعمال حسب ذیل ہیں:

﴿اعمال شب عاشور﴾

﴿۱﴾ زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص شب و روز عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت بجا لائے گا گویا وہ حضرت کے ساتھ شہید ہوا ہو۔ (الف: تحفۃ العوام، ص ۳۲۲۔ب: زاد المعاد باب ۶ فصل ۲)

﴿۲﴾ شب بیداری: عبادت الٰہی اور گریہ و زاری کے ساتھ پوری رات بیدار رہے۔ بیدار رہنے والا ایسا ہے گویا اس نے تمام ملائکہ کی عبادت کی ہو اس کے لئے ستّر (۷۰) سال کے عمل خیر کا ثواب لکھا جائے گا اس رات حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے اصحابِ باوفا، میدان کربلا میں نرغۂ اعداء میں گھرے ہوئے رات بھر بیدار رہے، عبادت الٰہی میں مشغول رہے اور اپنی شہادت کی تیاری کرتے رہے۔ (الف: تحفۃ

العوام، ص۳۲۲. ب: اقبال الاعمال باب اوّل، اعمال شب عاشور)

﴿۳﴾ چار رکعت نماز: مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص شب عاشور چار رکعت نماز پڑھے خدا اس کے پچاس (۵۰) سال گذشتہ اور پچاس (۵۰) سال آئندہ کے گناہ بخش دے گا، دو، دو (۲،۲) رکعت کر کے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد پچاس (۵۰) مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد پڑھے. (تحفۃ العوام، ص۳۲۲)

کتاب اقبال الاعمال میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ چوتھی رکعت کا سلام پڑھ کر زیادہ سے زیادہ ذکر خدا کرے، زیادہ سے زیادہ صلوات بھیجے اور دشمنان اہل بیت علیہم السلام پر خوب لعنتیں بھیجے. (اقبال الاعمال، باب اول، اعمال شب عاشور)

﴿۴﴾ شب نشینی: اگر خوش نصیبی سے اس رات کربلائے معلیٰ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کا شرف حاصل ہو جائے اور قبر مبارک کے پاس پوری رات گذارنے کا موقع مل جائے تو یہ عظیم سعادت ہے حضرت کے ساتھ شہید ہونے والوں میں شمار ہوگا. (اقبال الاعمال، باب اول، فضل المبیت عند الحسین (علیہ السلام))

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا فِی الدُّنْیَا زِیَارَتَهُمْ وَفِی الْاٰخِرَةِ شَفَاعَتَهُمْ

اعمال روز عاشور

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰه علیہ السلام :مَنْ زَارَ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلامُ يَوْمَ عَاشُوْرَاء وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ :

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو عاشور کے دن امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے اس پر جنت واجب ہے. (اقبال الاعمال، باب اول، فضل زیارۃ الحسین علیہ السلام یوم عاشوراء)

شیعہ خیر البریہ کے لئے نہایت حزن و ملال کا دن ہے لہٰذا صبح عاشور سے بے آب و دانہ رہیں، کھانا پینا ترک کر دیں عصر کے بعد دن کے آخری حصہ میں سورج ڈوبنے سے دو (۲) گھنٹے پہلے پانی یا بالکل معمولی غذا سے فاقہ شکنی کریں کیوں کہ اسی وقت کربلا میں لڑائی بند ہوئی تھی گھر کے تمام افراد کو حکم دیں کہ اس طرح روئیں جیسے ماں اپنے بچوں کے لئے روتی ہے یہ عظیم مصیبت ہے اسے برپا کرنے والوں کے لئے عظیم ثواب ہے.

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا:

جو عاشور کے دن دنیا کے کاروبار چھوڑ دے کسی دنیاوی کام میں

مشغول نہ ہوتو خدا دنیا وآخرت کی اس کی تمام حاجات پوری کرے گا اور جو اس مصیبت میں غمگین وگریان ہوگا وہ قیامت میں خوش وخندان ہوگا. اپنے گھر کے لئے کچھ ذخیرہ نہ کرے کیوں کہ جو کچھ ذخیرہ کرے گا خدا اس میں برکت قرار نہیں دے گا اور وہ قیامت کے دن یزید، عبید اللہ ابن زیاد اور عمر ابن سعد علیھم اللعنۃ کے ساتھ محشور ہوگا.

(الف: زاد المعاد: باب ۶ فصل ۱، اعمال ماہ محرم. ب: اقبال الاعمال باب اول، اعمال یوم عاشوراء)

﴿۱﴾ روز عاشور بہترین عمل یہ ہے کہ پاکیزہ، صاف ستھرے لباس پہنیں، قمیض وغیرہ کے بٹن کھول دیں، آستینوں کو کہنیوں تک الٹ دیں جس طرح مصیبت زدہ لوگ کرتے ہیں. (الف: زاد المعاد فصل سوم. ب: تحفۃ العوام، ص ۳۲۲)

﴿۲﴾ زیارت: خضوع وخشوع کے ساتھ گریہ کرتے ہوئے قبر امام حسین علیہ السلام کی طرف رخ کر کے شہادت امام مظلوم کا تصور کریں پھر انگلی سے حضرت کی قبر مبارک کی طرف اشارہ کریں اس کے بعد اس طرح نیت کریں: ''روز عاشور زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھتا ہوں قُرْبَةً اِلَی اللہ ''پھر زیارت عاشورائے معروفہ (اس کتاب میں زیارت نمبر ۴) پڑھیں نماز زیارت بھی پڑھیں. (تحفۃ العوام: ص ۳۲۲)

﴿۳﴾ لعنت: حضرت امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں پر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ لعنت بھیجیں ہر لعنت پر ہزار (۱۰۰۰) نیکیاں لکھی جائیں گی بہتر ہے اس طرح لعنت بھیجیں: اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَیْنِ وَ اَصْحَابِهٖ: اے خدا! حضرت امام حسین علیہ السلام اور اصحابِ حسین علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت بھیج.

زادالمعاد باب ششم فصل اوّل میں آخری لفظ ''وَ اَصْحَابِهٖ'' نہیں ہے مگر آگے چل کر اسی باب کے آخر میں فصل سوم میں یہ موجود ہے پس اسی طرح اس کے اضافہ کے ساتھ پڑھیں.

مدرسہ باب العلم کے ابتدائی درجات میں میرے استاد محترم نے اسی طرح یاد کرایا اور برابر پڑھتے رہنے کی تاکید کی لہٰذا میں اسی وقت سے پابندی کے ساتھ نماز کے قنوت میں پڑھتا ہوں یقیناً استاد میرے ثواب میں برابر کے شریک ہیں خدا مرحوم ''حافظ جی'' کی روح کو شاد فرمائے. (آمین)

﴿۴﴾ قرائت: ایک ہزار مرتبہ سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھیں (چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھے پڑھتے رہیں) کیوں کہ پڑھنے والے پر خدا نظر رحمت کرے گا اور جس پر خدا نظر رحمت کرے گا اس پر ہرگز عذاب نہ کرے گا.

(الف: زادالمعاد، باب ٦.ب: اقبال الاعمال، باب اول، اعمال یوم عاشوراء)

﴿۵﴾ کتاب تبصرۃ الزائر میں لکھا ہے کہ جو شخص روز عاشور دس (۱۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے گا خدا اسے ہر آفت وشر سے محفوظ رکھے گا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَ جَدِّہٖ وَ اَبِیْہِ وَ اُمِّہٖ وَ اَخِیْہِ (صَلَوَاتُکَ وَسَلَامُکَ عَلَیْھِمْ) اَنْ تُفَرِّجَ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. (تحفۃ العوام: ص ۳۳۶)

﴿اعمال روز عاشور بطریق دوّم﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے عبداللہ بن سنانؓ سے فرمایا: روز عاشور بہترین عمل یہ ہے کہ چاشت کے وقت (جب ایک پہر دن چڑھ چکا ہو، نصف دو پہر ہو چکی ہو تو) خلوص دل سے دو، دو (۲،۲) سلام کے ساتھ چار (۴) رکعت نماز پڑھو:

پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ (سورہ نمبر ۱۰۹) دوسری میں قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَد (سورہ نمبر ۱۱۲) تیسری

میں سورۂ اَحزَاب (سورہ نمبر ۳۳) اور چوتھی میں سورۂ مُنَافِقُون (سورہ نمبر ۶۳) پڑھو اگر یہ سورے یاد نہ ہوں تو جو سورے چاہو پڑھو جیسا کہ زادالمعاد میں بالکل صراحت کے ساتھ ہے. (زادالمعاد، باب ۶ فصل ۳) لیکن کتاب اقبال میں اس اختیار کا ذکر نہیں ہے کہ اگر مذکورہ سورے یاد نہ ہوں تو جو سورے چاہو پڑھ سکتے ہو. (اقبال الاعمال، باب اول)

کتاب اقبال میں ہے کہ نماز کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ حضرت کے قاتلوں پر لعنت بھیجو، ہر لعنت پر ہزار نیکیوں کا ثواب ہے، ہزار گناہ معاف ہوں گے اور جنت میں ہزار درجے بلند ہوں گے. (اقبال الاعمال، باب اول)

﴿نیز یہ اعمال بجالاؤ﴾

جس جگہ کھڑے ہو وہاں سے چند قدم آگے بڑھو اور کہو:

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ رِضاً بِقَضَآئِہٖ وَتَسْلِیْماً لِّاَمْرِہٖ

(ہم خدا ہی کے لئے ہیں اور اسی کی بارگاہ میں پلٹ کر جانے والے ہیں، اس کی قضا پر راضی ہو کر اور اس کے امر کو تسلیم کرتے ہوئے) پھر پیچھے ہٹو اور یہی کہو اسی طرح سات (۷) مرتبہ آگے بڑھو پھر پیچھے ہٹو یہی کلمات کہتے رہو، ہر حال میں محزون و گریاں رہو اس کے بعد اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر کہو:

اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْفَجَرَةَ الَّذِیْنَ شَآقُّوْا رَسُوْلَکَ وَ
حَارَبُوْآ اَوْلِیَآئَکَ وَ عَبَدُوْا غَیْرَکَ وَ اسْتَحَلُّوْا
مَحَارِمَکَ وَالْعَنِ الْقَادَةَ وَالْاَتْبَاعَ وَ مَنْ کَانَ
مِنْھُمْ فَخَبَّ وَ اَوْضَعَ مَعَھُمْ اَوْ رَضِیَ بِفِعْلِھِمْ لَعْناً
کَثِیْراً ﴿☆﴾ اَللّٰھُمَّ وَ عَجِّلْ فَرَجَ آلِ مُحَمَّدٍ
وَّاجْعَلْ صَلَوَاتِکَ عَلَیْہِ وَ عَلَیْھِمْ وَاسْتَنْقِذْھُمْ مِنْ
اَیْدِی الْمُنَافِقِیْنَ الْمُضِلِّیْنَ وَالْکَفَرَةِ الْجَاحِدِیْنَ
وَافْتَحْ لَھُمْ فَتْحاً یَّسِیْراً وَّ اَتِحْ لَھُمْ رَوْحاً وَّ فَرَجاً
قَرِیْباً وَّاجْعَلْ لَّھُمْ مِّنْ لَّدُنْکَ عَلٰی عَدُوِّکَ وَ
عَدُوِّھِمْ سُلْطَاناً نَّصِیْراً .(الف: زادالمعاد، باب۶ فصل۳. ب: تحفۃ العوام، ص۳۳۰)

اس کے بعد دعا کے لئے ہاتھ اٹھاؤ اور حضرات محمد وآل محمد علیہم السلام کے دشمنوں پر لعنت ونفرین کا قصد کرتے ہوئے کہو:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ كَثِيراً مِّنَ الْاُمَّةِ نَاصَبَتِ الْمُسْتَحْفِظِيْنَ
مِنَ الْاَئِمَّةِ وَ كَفَرَتْ بِالْكَلِمَةِ وَ عَكَفَتْ عَلَى
الْقَادَةِ الظَّلَمَةِ وَ هَجَرَتِ الْكِتَابَ وَ السُّنَّةَ وَ
عَدَلَتْ عَنِ الْحَبْلَيْنِ الَّذَيْنِ اَمَرْتَ بِطَاعَتِهِمَا
وَالتَّمَسُّكِ بِهِمَا فَاَمَاتَتِ الْحَقَّ وَ حَادَتْ عَنِ
الْقَصْدِ وَ مَالَاَتِ الْاَحْزَابَ وَ حَرَّفَتِ الْكِتَابَ وَ
كَفَرَتْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآئَهَا وَ تَمَسَّكَتْ بِالْبَاطِلِ
لَمَّااعْتَرَضَهَا وَ ضَيَّعَتْ حَقَّكَ وَ اَضَلَّتْ
خَلْقَكَ وَ قَتَلَتْ اَوْلَادَ نَبِيِّكَ وَ خِيَرَةَ عِبَادِكَ
وَ حَمَلَةَ عِلْمِكَ وَوَرَثَةَ حِكْمَتِكَ وَ وَحْيِكَ
اَللّٰهُمَّ فَزَلْزِلْ اَقْدَامَ اَعْدَآئِكَ وَاَعْدَآءِ رَسُوْلِكَ
وَاَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ وَاخْرِبْ دِيَارَهُمْ

وَافْلُلْ سِلَاحَهُمْ وَ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَ فُتَّ فِىْ

اَعْضَادِهِمْ وَ اَوْهِنْ كَيْدَهُمْ وَاضْرِبْهُمْ بِسَيْفِكَ

الْقَاطِعِ وَ ارْمِهِمْ بِحَجَرِكَ الدَّامِغِ وَ طُمَّهُمْ

بِالْبَلَآءِ طَمّاً وَّ قُمَّهُمْ بِالْعَذَابِ قَمّاً وَّ عَذِّبْهُمْ عَذَاباً

نُّكْراً وَّ خُذْهُمْ بِالسِّنِيْنَ وَ الْمَثُلَاتِ الَّتِىْ اَهْلَكْتَ

بِهَا اَعْدَآئَکَ اِنَّکَ ذُوْ نِقَمَةٍ مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ اِنَّ سُنَّتَکَ ضَآئِعَةٌ وَّ اَحْكَامَکَ مُعَطَّلَةٌ وَّ

عِتْرَةَ نَبِيِّکَ فِى الْاَرْضِ هَآئِمَةٌ اَللّٰهُمَّ فَاَعِنِ الْحَقَّ

وَ اَهْلَهٗ وَاقْمَعِ الْبَاطِلَ وَاَهْلَهٗ وَ مُنَّ عَلَيْنَا بِالنَّجَاةِ

وَ اهْدِنَا اِلَى الْاِيْمَانِ وَ عَجِّلْ فَرَجَنَا وَ انْظِمْهُ

بِفَرَجِ اَوْلِيَآئِکَ وَ اجْعَلْهُمْ لَنَا وُدّاً وَّ اجْعَلْنَا لَهُمْ

وَفْداً اَللّٰهُمَّ وَ اَهْلِکْ مَنْ جَعَلَ يَوْمَ قَتْلِ ابْنِ

نَبِیّکَ وَ خِیَرَتِکَ عِیْداً وَّ اسْتَهَلَّ بِهٖ فَرَحاً وَّ

مَرَحاً وَّ خُذْ آخِرَهُمْ کَمَا اَخَذْتَ اَوَّلَهُمْ وَ

ضَاعِفِ اللّٰهُمَّ الْعَذَابَ وَالتَّنْکِیْلَ عَلٰی ظَالِمِیْ اَهْلِ

بَیْتِ نَبِیّکَ وَ اَهْلِکْ اَشْیَاعَهُمْ وَ قَادَتَهُمْ وَ اَبِرْ

حُمَاتَهُمْ وَ جَمَاعَتَهُمْ اَللّٰهُمَّ وَ ضَاعِفْ صَلَوَاتِکَ

وَ رَحْمَتَکَ وَ بَرَکَاتِکَ عَلٰی عِتْرَةِ نَبِیّکَ

الْعِتْرَةِ الضَّآئِعَةِ الْخَآئِفَةِ الْمُسْتَذِلَّةِ بَقِیَّةٍ مِّنَ

الشَّجَرَةِ الطَّیِّبَةِ الزَّاکِیَةِ الْمُبَارَکَةِ وَ اَعْلِ اللّٰهُمَّ

کَلِمَتَهُمْ وَ اَفْلِحْ حُجَّتَهُمْ وَ اکْشِفِ الْبَلآءَ

وَ اللَّاْوَآءَ وَ حَنَادِسَ الْاَبَاطِیْلِ وَ الْعَمٰی عَنْهُمْ وَ

ثَبِّتْ قُلُوْبَ شِیْعَتِهِمْ وَ حِزْبِکَ عَلٰی طَاعَتِکَ

وَ وِلَایَتِهِمْ وَ نُصْرَتِهِمْ وَ مُوَالَاتِهِمْ وَ اَعِنْهُمْ

وَ امْنَحْهُمُ الصَّبْرَ عَلَى الْاَذٰى فِيْکَ وَاجْعَلْ لَّهُمْ

اَيَّاماً مَّشْهُوْدَةً وَّ اَوْقَاتاً مَّحْمُوْدَةً مَّسْعُوْدَةً

تُوْشِکُ فِيْهَا فَرَجَهُمْ وَ تُوْجِبُ فِيهَا تَمْکِيْنَهُمْ وَ

نَصْرَهُمْ کَمَا ضَمِنْتَ لِاَوْلِيَآئِکَ فِیْ کِتَابِکَ

الْمُنْزَلِ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ : ﴿ وَعَدَ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنْکُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ وَ لَيُمَکِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِیْ ارْتَضٰى

لَهُمْ وَ لَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْناً يَّعْبُدُوْنَنِیْ

لَايُشْرِکُوْنَ بِیْ شَيْئاً .(سورۂ نور: ۲۴ / ۵۵)﴾

اَللّٰهُمَّ فَاکْشِفْ غُمَّتَهُمْ يَا مَنْ لَّايَمْلِکُ کَشْفَ

الضُّرِّ اِلَّا هُوَ يَآاَحَدُ! يَاوَاحِدُ! يَاحَیُّ! يَاقَيُّوْمُ! وَ اَنَا

يَآاِلٰهِیْ! عَبْدُکَ الْخَآئِفُ مِنْکَ وَ الرَّاجِعُ اِلَیْکَ
السَّـآئِلُ لَکَ الْـمُقِیْلُ عَلَیْکَ اللَّاجِئُی اِلٰی
فِنَـآئِکَ الْعَالِمُ بِاَنَّهٗ لَامَلْجَأَ مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ
اَللّٰهُمَّ فَتَقَبَّلْ دُعَآئِیْ وَ اسْمَعْ یَآاِلٰهِیْ عَلَانِیَتِیْ وَ
نَجْوَایَ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ رَّضِیْتَ عَمَلَهٗ وَ قَبِلْتَ
نُسُکَهٗ وَ نَجَّیْتَهٗ بِرَحْمَتِکَ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ
الْکَرِیْمُ اَللّٰهُمَّ وَ صَلِّ اَوَّلاً وَّ آخِراً عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ
وَّ ارْحَمْ مُحَمَّداً وَّ آلَ مُحَمَّدٍ بِاَکْمَلِ وَ اَفْضَلِ
مَاصَلَّیْتَ وَ بَارَکْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اَنْبِیَآئِکَ وَ
رُسُلِکَ وَ مَلَآئِکَتِکَ وَ حَمَلَةِ عَرْشِکَ بِلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ لَاتُفَرِّقْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ

مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُکَ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ وَاجْعَلْنِیْ يَا
مَوْلَایَ مِنْ شِيْعَةِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلِيٍّ وَّ فَاطِمَةَ
وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ ذُرِّيَّتِهِمُ الطَّاهِرَةِ
الْمُنْتَخَبَةِ (صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهَا وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ) وَ
هَبْ لِیَ التَّمَسُّکَ بِحَبْلِهِمْ وَ الرِّضَا بِسَبِيْلِهِمْ
وَالْاَخْذَ بِطَرِيْقَتِهِمْ اِنَّکَ جَوَادٌ کَرِيْمٌ.

﴿اس کے بعد سجدہ میں جاؤ اور خاک پر منہ رکھ کر کہو:﴾

يَا مَنْ يَّحْکُمُ مَايَشَآءُ وَ يَفْعَلُ مَايُرِيْدُ اَنْتَ حَکَمْتَ
فَلَکَ الْحَمْدُ مَحْمُوْداً مَّشْکُوْرًا فَعَجِّلْ يَامَوْلَایَ
فَرَجَهُمْ وَ فَرَجَنَا بِهِمْ فَاِنَّکَ ضَمِنْتَ اِعْزَازَهُمْ
بَعْدَ الذِّلَّةِ وَ تَکْثِيْرَهُمْ بَعْدَ الْقِلَّةِ وَ اِظْهَارَهُمْ بَعْدَ
الْخُمُوْلِ يَآاَصْدَقَ الصَّادِقِيْنَ وَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

فَاَسْئَلُکَ یَآاِلٰھِیْ! وَ سَیِّدِیْ مُتَضَرِّعاً اِلَیْکَ
بِجُوْدِکَ وَ کَرَمِکَ بَسْطَ اَمَلِیْ وَ التَّجَاوُزَ عَنِّیْ
وَ قَبُوْلَ قَلِیْلِ عَمَلِیْ وَ کَثِیْرِہٖ وَ الزِّیَادَةَ فِیْ
اَیَّامِیْ وَ تَبْلِیْغِیْ ذَالِکَ الْمَشْھَدَ وَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ
مِمَّنْ یُّدْعٰی فَیُجِیْبَ اِلٰی طَاعَاتِھِمْ وَ مُوَالَاتِھِمْ وَ
نَصْرِھِمْ وَ تُرِیَنِیْ ذٰلِکَ قَرِیْباً سَرِیْعاً فِیْ عَافِیَةٍ
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ .

﴿ پھر سر کو آسمان کی طرف بلند کر کے کہو: ﴾

اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ
اَیَّامَکَ فَاَعِذْنِیْ یَآاِلٰھِیْ ! بِرَحْمَتِکَ مِنْ ذٰلِکَ .

(الف: زادالمعاد، باب ۶ فصل ۳. ب: تحفۃ العوام، ص ۳۳۱ تا ۳۳۶)

کتاب اقبال میں اس مقام پر کلمات بہت زیادہ اختلاف کے ساتھ

ہیں البتہ یہ کلمات کتاب زادالمعاد کے متعدد نسخوں کے بالکل مطابق وموافق ہیں کہیں کہیں مختصر سی تبدیلی ہے ظاہراً وہ کتابت وغیرہ کی غلطی ہے لہٰذا قابل اعتنا نہیں ہے.

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ عمل ایسے بہت سے حج اور عمروں سے افضل ہے جن میں بہت زیادہ مال صَرف کیا جائے، آنے جانے میں اپنے بدن کو تکلیف دی جائے اور بیوی بچوں سے جدائی اختیار کی جائے، جو شخص عاشور کے دن یہ نماز اور یہ عمل، اخلاص ویقین کے ساتھ بجالائے گا خدا دس (۱۰) چیزوں سے اسے محفوظ رکھے گا منجملہ:

۱۔ڈوبنے سے ۲۔جل کر مرنے سے ۳۔عمارت کے نیچے دب کر مرنے سے ۴۔مرتے دم تک شیطان کے تسلط سے ۵۔چار پشتوں تک اسے اور اس کی اولاد کو دیوانگی سے ۶۔جذام (کوڑھ) سے ۷۔سفید داغ (برص) سے ۸۔چار پشتوں تک اسے اور اس کی نسل کو شیطان اور اس کے دوستوں کے تسلّط سے. (الف: زادالمعاد، باب ۶ فصل ۳. ب: تحفۃ العوام، ص ۳۳۶)

اقبال وزاد اور تحفۃ العوام میں اس حدیث کا کچھ حصہ محذوف ہے جس کی وجہ سے پوری دس (۱۰) چیزیں مذکور نہیں ہیں بلکہ صرف آٹھ (۸) ہی ہیں.

۱۰ر محرم کا دن: عاشور حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا دن ہے شیعہ حضرات، دنیاوی کاموں میں مشغول نہ ہوں، گھر کے لئے

کچھ ذخیرہ نہ کریں، پورا دن نوحہ و ماتم اور گریہ میں بسر کریں، مولا کے قاتلوں پر لعنت بھیجیں، آج کے دن مقتل پڑھ پڑھ کر مومنین کو رلائیں اور اس طرح ایک دوسرے کو تعزیت پیش کریں:

روز عاشور تعزیت کا طریقہ اور فاقہ شکنی کی دعا

اَعْظَمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

وَجَعَلَنَا وَ اِيَّاكُمْ مِّنَ الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهِ الْاِمَامِ

الْمَهْدِيِّ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَام (مفاتیح (۲): ص ۴۷۳ تا ۴۷۷، باب ۲، فصل ۷)

سیدؒ نے فرمایا: فاقہ شکنی کے وقت اس طرح پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ: "وَلَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتاً بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ" فَالْحُسَيْنُ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَصْحَابِهٖ عِنْدَكَ الْاٰنَ يَاْكُلُوْنَ وَ يَشْرَبُوْنَ فَنَحْنُ فِيْ هٰذَا الطَّعَامِ وَ الشَّرَابِ بِهِمْ مُقْتَدُوْنَ. (اقبال: باب اول، ص ۵۴)

۲۔اعمال ماہ صفر المظفر

یہ نحوست کا مہینہ ہے لہٰذا نحوست کو دور کرنے کے لئے صدقہ، دعا اور استعاذات سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے محدث فیضؒ وغیرہ کے بقول اگر کوئی اس مہینہ کی بلاؤں سے محفوظ رہنا چاہے تو روزانہ دس (۱۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے:

یَاشَدِیْدَ الْقُوٰی وَیَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَاعَزِیْزُ یَاعَزِیْزُ
یَاعَزِیْزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِکَ جَمِیْعُ خَلْقِکَ فَاکْفِنِیْ شَرَّ
خَلْقِکَ یَامُحْسِنُ! یَامُجْمِلُ! یَامُنْعِمُ! یَامُفْضِلُ!
یَالَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ
فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنَاہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذَالِکَ نُنْجِی
الْمُؤْمِنِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ.

۳ر صفر: دو رکعت نماز مستحب ہے پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ اِنَّا فَتَحْنَا دوسری میں حمد کے بعد سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے سلام کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ صلوات بھیجے اور سو (۱۰۰) مرتبہ اس

طرح لعنت بھیجے: اَللّٰھُمَّ الْعَنْ آلَ اَبِیْ سُفْیَانَ پھر سو (۱۰۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہُ پڑھ کر حاجت طلب کرے.

۲۰ر صفر کا دن: اربعین حسینی ہے حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت مستحب ہے. (اِس کتاب میں زیارت نمبر ۵، صفحہ ۳۳۳ تا ۳۳۸)

۲۸ر صفر کا دن: حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی شہادت کا دن ہے. [ظاہراً زیارت جامعہ پڑھنا کافی ومناسب ہے۔ اس کتاب میں زیارت نمبر ۳ صفحہ ۳۲۳ تا ۳۲۵] مفاتیح الجنان (۲): ص ۴۸۵، ۴۸۶، باب دوم، فصل ۸)

﴿۳۔ اعمال ماہ ربیع الاول﴾

ربیع الاوّل کا پہلا دن: گذشتہ رات مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر سوئے ان کی شان میں آیت نازل ہوئی اس مناسبت سے دونوں حضرات کی سلامتی کے شکرانہ کے طور پر روزہ رکھنا مستحب اور مناسب ہے.

۸ر ربیع الاول کا دن: حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی اور حضرت صاحب الامر علیہ السلام امامت کے عظیم درجہ پر فائز ہوئے لہٰذا دونوں بزرگواروں کی زیارت مناسب ہے. ظاہراً زیارت

جامعہ کافی ہے. (اِس کتاب میں زیارت نمبر ۳ صفحہ ۳۲۳ تا ۳۲۵)

۹ ربیع الاول کا دن: عید بزرگ ہے روایت میں ہے کہ انفاق کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں. مومنین کو کھانا کھلانا، انھیں خوش کرنا مستحب ہے اسی طرح نفقہ میں توسعہ دینا، نئے لباس پہننا، خدا کی عبادت کرنا اور شکر الٰہی بجالانا بھی مستحب ہے. بہت شریف دن ہے.

۱۲ ربیع الاول کا دن: ثقۃ الاسلام کلینیؒ، مسعودی اور مشہور عامہ کے بقول حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہے دو رکعت نماز مستحب ہے پہلی رکعت میں حمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ قُلْ یَآ اَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ دوسری میں حمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے اسی دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینۂ منورہ میں وارد ہوئے شیخ علیہ الرحمہ کے بقول ۱۳۰ھ میں بنی مروان کی حکومت کا خاتمہ ہوا.

۱۷ ربیع الاول کی رات: حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کی رات ہے. بہت مبارک ہے.

۱۷ ربیع الاول کا دن: علمائے امامیہ کے نزدیک مشہور ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت کا دن ہے. آج کے بعض اعمال یہ ہیں:

﴿۱﴾ غسل.

﴿۲﴾ روزہ: ایک سال کے روزہ کے برابر ہے یہ دن، سال کے ان چار دنوں میں سے ہے جس کی فضیلت بہت زیادہ ہے.

﴿۳﴾ نزدیک و دور سے زیارت حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. (جو مفاتیح میں موجود ہے: باب سوم، ''زیارت حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از بعید یعنی دور'')

﴿۴﴾ زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام (جو مفاتیح میں موجود ہے: ''زیارت امیر المومنین علیہ السلام در روز مولود'' یہ ''زیارتِ عید غدیر'' کے بعد ہے.)

﴿۵﴾ دو رکعت نماز: ہر رکعت میں حمد کے بعد دس، دس مرتبہ سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے.

﴿۶﴾ تمام مسلمان آج کے دن کی تعظیم کریں، صدقہ دیں، خیرات کریں، مومنین کو خوشحال کریں اور مشاہد مشرفہ کی زیارت کے لئے جائیں. (مفاتیح الجنان (۲): ص ۴۸۸ تا ۴۹۰، باب دوم، فصل ۹)

﴿۴۔ اعمال ماہ ربیع الآخر﴾

۱۰ ربیع الثانی کا دن: شیخ مفیدؒ کے بقول حضرت امام حسن

عسکری علیہ السلام کی ولادت با سعادت ہے بہت شریف ومبارک دن ہے اس نعمت عظمیٰ کے شکرانہ کے طور پر روزہ رکھنا مستحب ہے.(مفاتیح الجنان (۲):ص۴۹۰،باب دوم،فصل۱۰)

مفاتیح میں اس سے زیادہ نہیں ہے البتہ اقبال میں اس ماہ سے متعلق تین صفحوں کی ایک طولانی دعااور صرف روزہ کا ذکر ہے. (اقبال:ص۱۰۲،باب۴)

﴿۵۔اعمال ماہ جُمادی الاولیٰ﴾

۱۳،۱۴،۱۵رجُمادی الاولیٰ کو حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی زیارت (اِس کتاب میں زیارت نمبر۲،صفحہ۳۲۲،۳۲۳)اوران مظلومہ پر گریہ وماتم مناسب ہے.

روایات صحیحہ کے مطابق وہ اپنے پدر بزرگوار کے بعد صرف پچھتر (۷۵) دن اس دنیا میں رہیں چونکہ بنابر مشہور حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہادت ۲۸رصفر کو ہوئی لہٰذا ان تینوں دنوں میں سے کسی ایک دن سیدۂ کونین علیہا السلام کی وفات ہوئی ہوگی.

۱۵رجُمادی الاولیٰ کا دن: حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو بصرہ پر فتح حاصل ہوئی اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت ہوئی

لہٰذا دونوں امام علیہما السلام کی زیارت مناسب ہے. [ظاہراً زیارت جامعہ کافی ہے۔ اِس کتاب میں زیارت نمبر۳، صفحہ۳۲۳ تا ۳۲۵] (مفاتیح الجنان (۲): ص۴۹۰، ۴۹۱، باب دوم، فصل۱۰)

اقبال میں بھی ایک طولانی دعا اور اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے.

﴿۶۔ اعمال ماہ جُمادی الآخرۃ﴾

۳ر جُمادی الثانیہ کا دن: حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی شہادت کا دن ہے لہٰذا شیعہ حضرات، مجلس برپا کریں، ظالموں اور ان کا حق غصب کرنے والوں پر لعنت بھیجیں سید ابن طاؤسؒ نے اقبال میں فرمایا: آج کے دن شہزادی کی زیارت پڑھیں. (اِس کتاب میں زیارت نمبر۲، ص۳۲۳)

۲۰ر جُمادی الثانیہ کا دن: حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی ولادت باسعادت کا دن ہے لہٰذا چند اعمال کی بجا آوری مناسب ہے: روزہ، خیرات وصدقات، شہزادی کی زیارت. (مفاتیح الجنان (۲): ص ۴۹۱، ۴۹۲، باب دوم، فصل۱۰)

﴿۷۔ اعمال ماہ رجب المرجب﴾

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رجب، خدا کا

مہینہ ہے؛ شعبان، میرا مہینہ ہے اور رمضان المبارک میری امت کا مہینہ ہے. نیز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ماہ رجب میری امت کے استغفار کرنے کا مہینہ ہے. اس ماہ کے اعمال بہت ہیں مختصر طور پر حسب ذیل ہیں:

﴿اعمال واذکار مشترکہ﴾

﴿۱﴾ کثرت سے کہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ.

﴿۲﴾ روزہ: اس کی بہت زیادہ فضیلت ہے یہاں تک کہ اگر کوئی روزہ رکھنے پر قادر نہ ہو تو روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ یہ تسبیحات پڑھے تا کہ روزہ کا ثواب حاصل کر سکے:

سُبْحَانَ الْاِلٰهِ الْجَلِيْلِ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ
سُبْحَانَ الْاَعَزِّ الْاَكْرَمِ سُبْحَانَ مَنْ لَّبِسَ الْعِزَّ وَ هُوَ لَهٗ اَهْلٌ.

﴿۳﴾ مصحف ناطق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ پورے ماہ رجب میں ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ
وَّ آمَنُ سَخَطَهٗ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ يَّا مَنْ يُّعْطِي الْكَثِيْرَ

بِالْقَلِيْلِ يَا مَنْ يُّعْطِىْ مَنْ سَئَلَهٗ يَا مَنْ يُّعْطِىْ مَنْ لَّمْ

يَسْئَلْهُ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّناً مِّنْهُ وَ رَحْمَةً اَعْطِنِىْ

بِمَسْئَلَتِىْ اِيَّاکَ جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا وَ شَرِّ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّهٗ

غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَيْتَ وَ زِدْنِىْ مِنْ فَضْلِکَ يَا كَرِيْمُ!

اس کے بعد بائیں ہاتھ سے داڑھی پکڑ کر التجا وتضرع کے طور پر داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت کو حرکت دیتے ہوئے پڑھو:

يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ! يَا ذَالنَّعْمَآءِ وَالْجُوْدِ! يَا ذَالْمَنِّ

وَالطَّوْلِ! حَرِّمْ شَيْبَتِىْ عَلَى النَّارِ.

﴿۴﴾ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سو(۱۰۰) مرتبہ پڑھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآاِلٰهَ اِلَّاهُوَ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْکَ لَهٗ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ. جب پڑھ کر ختم کرے تو صدقہ بھی دے. جو شخص چار سو(۴۰۰) مرتبہ پڑھے گا خدا اسے سو(۱۰۰) شہیدوں کا ثواب عطا فرمائے گا.

﴿۵﴾ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک

ہزار مرتبہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے.

﴿۶﴾ پورے مہینہ میں ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰـہَ ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ مِنْ جَمِیْعِ الذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ.

﴿۷﴾ سیدؒ نے کتاب اقبال میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت زیادہ فضیلت نقل کی ہے کہ دس ہزار مرتبہ سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے یا ہزار مرتبہ یا یہ بھی نہ ہو سکے تو کم سے کم سو (۱۰۰) ہی مرتبہ سہی مگر ضرور پڑھے.

﴿۸﴾ ماہ رجب میں جمعرات، جمعہ اور شنبہ کو روزہ رکھے کیونکہ روایت میں ہے کہ جو کسی بھی حرام مہینہ میں مذکورہ ان تین دنوں میں روزے رکھے گا خداوند عالم اس کے لئے نوسو (۹۰۰) سال کی عبادت کا ثواب لکھے گا.

﴿۹﴾ علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: ہر شب ایک ہزار مرتبہ پڑھے: لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ.

﴿اعمال واذکار مختصہ﴾

﴿۱۰/۱﴾ رجب کی پہلی رات: دعائے رویت ہلال:

رجب کا چاند دیکھ کر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ

وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَ رَبُّکَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ.

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہلال رجب کو دیکھ کر یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ رَجَبٍ وَّ شَعْبَانَ وَ بَلِّغْنَا شَھْرَ

رَمَضَانَ وَ اَعِنَّا عَلَی الصِّیَامِ وَ الْقِیَامِ وَ حِفْظِ اللِّسَانِ

وَ غَضِّ الْبَصَرِ وَ لَا تَجْعَلْ حَظَّنَا مِنْہُ الْجُوْعَ وَ الْعَطَشَ.

﴿۲/۱۱﴾ **غسل**: شب اول میں بہت سے اعمال ہیں ان میں سے ایک غسل ہے. جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ماہ رجب کے اول، وسط اور آخر میں غسل کرے گا وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا جیسے شکم مادر سے پیدا ہوا ہو.

﴿۳/۱۲﴾ **رجب کا پہلا دن**: ماہ رجب کی پہلی شب کی طرح پہلے دن کے بھی بہت سے اعمال ہیں ان میں سے بعض یہ ہیں:

۱۔ روزہ.

۲۔ غسل.

۳۔زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام .(جو مفاتیح میں موجود ہے: باب سوم، حضرت امام حسین علیہ السلام کی مخصوص زیارتوں میں زیارت نمبر ۱، ''زیارت آنحضرت در اول رجب'')

۴۔زیارت حضرت امام علی رِضا علیہ السلام پورے مہینے میں حضرت امام رِضا علیہ السلام کی زیارت مستحب اور حج وعمرہ کے برابر ہے پہلی رجب کو حضرت امام علی رِضا علیہ السلام کی زیارت کی بہت تاکید ہے.

﴿۱۳/۴﴾ **۱۳ر رجب کا دن:** ماہ رجب کی تیرہویں تاریخ کو شاہ ولایت حضرت علی علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہے اس دن روزہ کی بڑی فضیلت ہے.

﴿۱۴/۵﴾ **۱۵ر رجب کی رات:** یہ شب بھی بہت شریف وعظیم ہے اس کے بعض اعمال یہ ہیں:

۱۔غسل.

۲۔عبادت کے ساتھ شب بیداری اور زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام .(جو مفاتیح میں موجود ہے: باب سوم، زیارت نمبر ۲، ''زیارت نیمۂ رجب'')

﴿۱۵/۶﴾ **۱۵ر رجب کا دن:** یہ بھی بہت مبارک ہے اس کے بعض اعمال یہ ہیں:

۱۔ غسل.

۲۔ زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام. (جو مفاتیح میں موجود ہے:
باب سوم، زیارت نمبر۲، ''زیارت نیمۂ رجب'')

﴿۱۶/۷﴾ ۲۷/رجب کی رات: نہایت بابرکت ہے اس رات عمل کرنے والے کو ساٹھ (۶۰) سال عبادت کا ثواب ملے گا اس کے بعض اعمال یہ ہیں:

۱۔ غسل.

۲۔ زیارت حضرت علی علیہ السلام اس رات کا سب سے افضل عمل یہی زیارت ہے. (جو مفاتیح میں موجود ہے باب سوم، ''زیارت شب و روز مبعث'' حضرت علی علیہ السلام کی مخصوص زیارتوں میں زیارت نمبر۳)

﴿۸/۱۷﴾ ۲۷/رجب کا دن: عید مبعث کی وجہ سے نہایت مبارک ہے اس کے چند اعمال یہ ہیں:

۱۔ غسل.

۲۔ روزہ، اس کی بڑی فضیلت ہے ستر (۷۰) سال کے روزوں کے برابر ہے.

۳۔ کثرت کے ساتھ صلوات.

۴۔ زیارت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (جو مفاتیح

میں موجود ہے باب سوم)

۵۔زیارت حضرت علی علیہ السلام. (جو مفاتیح میں موجود ہے باب سوم ''زیارت شب وروز مبعث'' حضرت علی علیہ السلام کی مخصوص زیارتوں میں زیارت نمبر۳). (مفاتیح (۲): ص ۲۱۹ تا ۲۵۲، باب دوم، فصل اول)

﴿۸۔اعمال ماہ شعبان المعظم﴾

یہ مہینہ بہت مبارک وشریف ہے یہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مہینہ ہے آنحضرتؐ، شعبان میں پورے مہینے روزے رکھ کر ماہ رمضان المبارک کے روزوں سے ملا دیتے تھے. حضرت امام علی رِضا علیہ السلام نے فرمایا: جو شعبان کے آخری تین دنوں میں روزے رکھ کر انھیں رمضان المبارک سے ملا دے گا خداوند عالم اس کے لئے مسلسل دو مہینوں کے روزوں کا ثواب لکھے گا.

﴿اعمال واذکار مشترکہ﴾

﴿۱﴾ روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَ اَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ.

﴿۲﴾ روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ

اَتُوْبُ اِلَیْہِ.

﴿۳﴾ صدقہ دے چاہے آدھی کھجور ہی کیوں نہ ہو کیونکہ استغفار وصدقہ اس ماہ کے بہترین اعمال ہیں.

﴿۴﴾ پورے مہینے میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے: لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ وَ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنُ وَ لَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ. یہ پڑھنے سے ہزار سال عبادت کا ثواب لکھا جائے گا.

﴿۵﴾ کثرت کے ساتھ صلوات بھیجے.

﴿اعمال واذکار مختصہ﴾

﴿۶/۱﴾ شعبان کا پہلا دن: اس دن کے روزہ کی بہت زیادہ فضیلت وارد ہوئی ہے.

﴿۷/۲﴾ ۳/شعبان کا دن: حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت کا دن ہے. بہت مبارک ہے روزہ کی بڑی فضیلت ہے.

﴿۸/۳﴾ ۱۵/شعبان کی رات: شب برات اور بہت مبارک رات ہے اس کی سحر میں ہمارے زمانہ کے امام حضرت مہدی علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی اس کے بعض اعمال یہ ہیں:

۱۔ غسل.

۲۔نماز، دعاواستغفار کے ساتھ شب بیداری.

۳۔زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام اس شب کا سب سے افضل عمل یہی ہے مختصر زیارت یہ ہے کہ چھت پر چڑھ کر داہنی بائیں جانب نظر کر کے آسمان کی طرف سر اٹھا کر اس طرح زیارت پڑھے: اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہُ. ہر جگہ سے ہر وقت یہ زیارت پڑھی جاسکتی ہے خدا کے فضل وکرم سے امید ہے کہ حج وعمرہ کا ثواب ملے گا جیسا کہ روایات میں وارد ہے ویسے بہتر ہے کہ اس رات کی مخصوص زیارت پڑھی جائے .(اِس کتاب میں زیارت نمبر ۶، صفحہ ۳۳۸، ۳۳۹)

۴۔دعائے کمیل بھی پڑھے اسی رات وارد ہوئی ہے.

۵۔سو(۱۰۰) مرتبہ یہ تسبیحات اربعہ پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ.

۶۔نماز جناب جعفر طیارؓ پڑھے.

﴿۴/۹﴾ ۱۵/شعبان کا دن: ہمارے آقا ومولا بارہویں امام حضرت مہدی علیہ السلام دنیا میں تشریف لائے لہٰذا ہر وقت اور ہر جگہ سے حضرت کی زیارت مستحب ہے اور ظہور کے لئے دعا کرنے کی تاکید ہے.

﴿۵/۱۰﴾ شعبان کا آخری جمعہ: حضرت امام رِضا علیہ السلام نے ابوصلت ہرویؓ سے فرمایا: جو کچھ ابھی تک نہ کر سکے ہو اس دن سب کا جبران کرلو مثلاً دعا، استغفار، قرآن مجید کی زیادہ سے زیادہ تلاوت اور توبہ، تاکہ جب ماہ مبارک رمضان آجائے تو تم خدا کے ایک خاص بندہ بن چکے ہو جتنے دن بچے ہیں انھیں غنیمت سمجھ کر کثرت کے ساتھ یہ دعا پڑھو: اَللّٰھُمَّ اِنْ لَمْ تَکُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِیْمَا مَضٰی مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِیْمَا بَقِیَ مِنْہُ.
(مفاتیح (۲): ص ۲۵۵ تا ۲۸۱، باب دوم، فصل دوم)

﴿۹۔ اعمال ماہ رمضان المبارک﴾

حضرت امام علی رِضا علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرین علیہم السلام سے اور انھوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ برکت ورحمت اور مغفرت کا مہینہ ہے، اس میں خدا کے بندے اس کے مہمان ہیں، سانس لینا تسبیح کا ثواب ہے، سونا بھی عبادت ہے، اعمال مقبول اور دعائیں مستجاب ہیں خدا سے دعا کرو کہ تمھیں روزے رکھنے، قرآن مجید کی تلاوت کرنے کی توفیق دے، اس مہینہ میں ایک آیت کا ثواب دوسرے مہینوں میں پورا

قرآن ختم کرنے کے برابر ہے.

علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: ہمارے بعض امام علیہ السلام اس مہینہ میں چالیس (۴۰) مرتبہ سے زیادہ قرآن ختم کرتے تھے اگر تلاوت قرآن کا ثواب حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام کو ہدیہ کردے تو ثواب دوگنا ہوجائے گا ایسا کرنے والے کا اجر یہ ہے کہ وہ قیامت میں ان بزرگوں کے ساتھ ہوگا. حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اس مہینہ گفتگو بند کرکے صرف تسبیح وتکبیر اور دعا واستغفار میں مشغول رہتے تھے.

﴿اعمال واذکار مشترکہ﴾

یہاں پر وہ اعمال واذکار بیان کئے جائیں گے جو اس اعتبار سے مشترک ہیں کہ انھیں پورے مہینے انجام دینا ہے لیکن ان کا خاص وقت ہے اور وہ تین قسم کے ہیں: ۱۔اعمال واذکار شب ۲۔اعمال واذکار سحر۔ ۳۔اعمال واذکار روز.

﴿اعمال واذکارِ شب﴾

﴿۱﴾ اِفطار: اگر کمزوری کا غلبہ نہ ہو یا لوگ منتظر نہ ہوں تو نماز کے بعد افطار کرے.

﴿۲﴾ پاک وپاکیزہ چیز سے افطار کرے کھجور بہتر ہے نماز کا

ثواب چارسو(۴۰۰) کے برابر ہوجائے گا اگر دودھ، گرم پانی، حلوا اور مصری میں سے کسی ایک چیز سے بھی افطار کرے تو بہتر ہے.

﴿۳﴾ افطار کے وقت یہ دعا پڑھے:

﴿دعائے اِفطار﴾

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ.

﴿۴﴾ پہلے لقمہ میں یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ اغْفِرْلِیْ.

﴿۵﴾ افطار کے وقت سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ پڑھے.

﴿۶﴾ افطار کے وقت صدقہ دے، دوسروں کا روزہ افطار کرائے خواہ چند کھجوروں یا پانی ہی سے کیوں نہ ہو بیحد ثواب ہے.

﴿۷﴾ ہر شب یہ دعا پڑھے چالیس سال کے گناہ معاف ہوں گے:

﴿ہر شب کی دعا﴾

اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْآنَ

وَافْتَرَضْتَ عَلٰی عِبَادِکَ فِیْهِ الصِّیَامَ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّارْزُقْنِیْ حَجَّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ
فِیْ عَامِیْ هٰذَا وَ فِیْ کُلِّ عَامٍ وَّاغْفِرْ لِیْ تِلْکَ
الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ فَاِنَّهٗ لَایَغْفِرُهَا غَیْرُکَ یَارَحْمٰنُ! یَا عَلَّامُ!.

(مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، فصل سوم، ص ۳۲۰، ۳۲۱ (اعمال شب ہائے ماہ رمضان، نمبر ۹)

واضح رہے کہ اس دعا کو دن میں بھی پڑھنے کی یہی فضیلت ہے مضمون بالکل یہی ہے لیکن الفاظ میں مختصر اختلاف ہے. (مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، فصل سوم، ص ۳۹۰، ۳۹۱ نمبر ۷)

﴿اعمال واذکار سحر﴾

﴿۱﴾ کسی حالت میں بھی سحری کھانا ترک نہ کرے چاہے صرف ایک عدد کھجور ہی کھائے یا صرف پانی ہی پی لے کیونکہ وارد ہے کہ سحر کے وقت استغفار کرنے اور سحری کھانے والوں پر خدا اور فرشتے صلوات بھیجتے ہیں.

﴿۲﴾ سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پڑھے بہت زیادہ فضیلت اور ثواب ہے.

﴿۳﴾ کم سے کم یہ دعائے سحر ضرور پڑھے جو سب سے مختصر ہے:

سب سے مختصر دعائے سحر

يَامَفْزَعِیْ عِنْدَ كُرْبَتِیْ وَ يَاغَوْثِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ اِلَيْکَ

فَزِعْتُ وَ بِکَ اسْتَغَثْتُ وَبِکَ لُذْتُ لَآ اَلُوْذُ

بِسِوَاکَ وَلَا اَطْلُبُ الْفَرَجَ اِلَّا مِنْکَ فَاَغِثْنِیْ وَفَرِّجْ

عَنِّیْ يَا مَنْ يَّقْبَلُ الْيَسِيْرَ وَيَعْفُوْ عَنِ الْكَثِيْرِ اِقْبَلْ مِنِّی

الْيَسِيْرَ وَاعْفُ عَنِّی الْكَثِيْرَ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ

الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِيْمَاناً تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ

وَيَقِيْناً حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ يُّصِيْبَنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَ

رَضِّنِیْ مِنَ الْعَيْشِ بِمَاقَسَمْتَ لِیْ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

يَاعُدَّتِیْ فِیْ كُرْبَتِیْ وَ يَاصَاحِبِیْ فِیْ شِدَّتِیْ وَ يَا وَلِيِّیْ

فِیْ نِعْمَتِیْ وَ يَاغَايَتِیْ فِیْ رَغْبَتِیْ اَنْتَ السَّاتِرُ عَوْرَتِیْ

وَ الْاٰمِنُ رَوْعَتِیْ وَ الْمُقِیْلُ عَثْرَتِیْ فَاغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

تسبیحات سحر

﴿۴﴾ یہ تسبیحات پڑھے: سُبْحَانَ مَنْ یَّعْلَمُ جَوَارِحَ الْقُلُوْبِ

سُبْحَانَ مَنْ یُّحْصِیْ عَدَدَ الذُّنُوْبِ سُبْحَانَ مَنْ

لَّایَخْفٰی عَلَیْهِ خَافِیَةٌ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ

سُبْحَانَ الرَّبِّ الْوَدُوْدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الْوِتْرِ سُبْحَانَ

الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ سُبْحَانَ مَنْ لَّایَعْتَدِیْ عَلٰی اَهْلِ

مَمْلَکَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّایُؤَاخِذُ اَهْلَ الْاَرْضِ بِالْوَانِ

الْعَذَابِ سُبْحَانَ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ

الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ الْجَبَّارِ الْجَوَادِ سُبْحَانَ الْکَرِیْمِ

اَلْحَلِیْمِ سُبْحَانَ الْبَصِیْرِ الْعَلِیْمِ سُبْحَانَ الْبَصِیْرِ
اَلْوَاسِعِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَلٰی اِقْبَالِ النَّھَارِ سُبْحَانَ اللّٰہِ
عَلٰی اِدْبَارِ النَّھَارِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَلٰی اِدْبَارِ اللَّیْلِ وَ
اِقْبَالِ النَّھَارِ وَ لَہُ الْحَمْدُ وَالْمَجْدُ وَ الْعَظَمَۃُ
وَالْکِبْرِیَآءُ مَعَ کُلِّ نَفْسٍ وَّ کُلِّ طَرْفَۃِ عَیْنٍ وَّ کُلِّ
لَمْحَۃٍ سَبَقَ فِیْ عِلْمِہٖ سُبْحَانَکَ مِلْأَ مَآاَحْصٰی
کِتَابُکَ سُبْحَانَکَ زِنَۃَ عَرْشِکَ سُبْحَانَکَ
سُبْحَانَکَ سُبْحَانَکَ.

﴿۵﴾ کم سے کم اس مبارک مہینہ میں نماز شب کو ترک نہ کرے اسی کتاب میں تفصیل کے ساتھ نمازی کے لئے دنیا وآخرت کے فوائد وفضائل بیان کئے گئے ہیں. (صفحہ ۳۰۶ تا ۳۱۰)

﴿اعمال واذکار روز﴾

﴿۱﴾ ہر روز یہ دعا پڑھے خداوند عالم چالیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا:

ہر روز کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْآنَ

وَافْتَرَضْتَ عَلٰی عِبَادِکَ فِیْهِ الصِّیَامَ وَ ارْزُقْنِیْ حَجَّ

بَیْتِکَ الْحَرَامِ فِیْ ھٰذَا الْعَامِ وَفِیْ کُلِّ عَامٍ وَّ اغْفِرْ

لِیَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ فَاِنَّهٗ لَایَغْفِرُھَا غَیْرُکَ

یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامْ!.

﴿۲﴾ محدث فیض کاشانیؒ نے خلاصۃ الاذکار میں فرمایا: روزانہ سو(۱۰۰) مرتبہ یہ ذکر پڑھے:

سُبْحَانَ الضَّآرِّ النَّافِعِ سُبْحَانَ الْقَاضِیْ بِالْحَقِّ سُبْحَانَ

الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی سُبْحَانَهٗ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی.

﴿۳﴾ شیخ مفید علیہ الرحمہ نے مقنعہ میں فرمایا: ماہ رمضان المبارک میں روزانہ سو(۱۰۰) مرتبہ صلوات بھیجنا سنت ہے اس سے زیادہ بھیجے تو اور افضل ہے.

ہر شب وروز کی دعا

ہر شب وروز پورے ماہ مبارک رمضان میں یہ دعا پڑھے:

يَاذَاالَّذِىْ كَانَ قَبْلَ كُلِّ شَىْءٍ ثُمَّ خَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ ثُمَّ يَبْقٰى وَ يَفْنٰى كُلُّ شَىْءٍ يَا ذَاالَّذِىْ لَيْسَ فِى السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى وَلَا فِى الْاَرَضِيْنَ السُّفْلٰى وَ لَا فَوْقَهُنَّ وَلَا تَحْتَهُنَّ وَلَا بَيْنَهُنَّ اِلٰهٌ يُّعْبَدُ غَيْرُهٗ لَكَ الْحَمْدُ حَمْداً لَّايَقْوٰى عَلٰٓى اِحْصَآئِهٖ اِلَّا اَنْتَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّايَقْوٰى عَلٰى اِحْصَآئِهٖ اِلَّا اَنْتَ. (مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، فصل سوم، ص ۳۹۰، نمبر ۶)

ہر نماز کے بعد پڑھنے والی دعائیں

ماہ رمضان میں تمام واجبی نمازوں کے بعد یہ دونوں دعائیں پڑھیں:

﴿دعا نمبر۱﴾ یَاعَلِیُّ! یَاعَظِیْمُ! یَاغَفُوْرُ! یَارَحِیْمُ! اَنْتَ
الرَّبُّ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْئٌ وَّ هُوَ السَّمِیْعُ
الْبَصِیْرُ وَهٰذَا شَهْرٌ عَظَّمْتَهٗ وَ کَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَفَضَّلْتَهٗ
عَلَی الشُّهُوْرِ وَهُوَ الشَّهْرُ الَّذِیْ فَرَضْتَ صِیَامَهٗ عَلَیَّ
وَ هُوَ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْآنَ هُدًی
لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ وَجَعَلْتَ فِیْهِ لَیْلَةَ
الْقَدْرِ وَ جَعَلْتَهَا خَیْراً مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ فَیَاذَا الْمَنِّ!
وَلَایُمَنُّ عَلَیْکَ مُنَّ عَلَیَّ بِفَکَاکِ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ
فِیْمَنْ تَمُنُّ عَلَیْهِ وَ اَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِکَ
یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. (مفاتیح الجنان(۱): باب دوم، فصل سوم، ص۳۱۶، ۳۱۷ (اعمال مشترکہ ماہ رمضان)

﴿دعا نمبر۲﴾ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلٰی اَهْلِ الْقُبُوْرِ السُّرُوْرَ

اَللّٰھُمَّ اَغْنِ کُلَّ فَقِیْرٍ اَللّٰھُمَّ اَشْبِعْ کُلَّ جَآئِعٍ اَللّٰھُمَّ

اکْسُ کُلَّ عُرْیَانٍ اَللّٰھُمَّ اقْضِ دَیْنَ کُلِّ مَدِیْنٍ اَللّٰھُمَّ

فَرِّجْ عَنْ کُلِّ مَکْرُوْبٍ اَللّٰھُمَّ رُدَّ کُلَّ غَرِیْبٍ، اَللّٰھُمَّ

فُکَّ کُلَّ اَسِیْرٍ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ کُلَّ فَاسِدٍ مِّنْ اُمُوْرِ

الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اشْفِ کُلَّ مَرِیْضٍ اَللّٰھُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا

بِغِنَاکَ اَللّٰھُمَّ غَیِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا بِحُسْنِ حَالِکَ اَللّٰھُمَّ

اقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ

شَیْءٍ قَدِیْرٌ. (مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، فصل سوم، ص، ۳۱۷ (اعمال مشترکہ ماہ رمضان)

اعمال واذکار مختصہ

رمضان المبارک کی پہلی رات: اس کے چند اعمال حسب ذیل ہیں:

﴿۱﴾ طلب ہلال کرے۔

﴿۲﴾ روایت میں ہے کہ جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم رمضان المبارک کا چاند دیکھتے تھے تو قبلہ رخ ہو کر یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَ الْاِسْلَامِ وَالْعَافِیَۃِ الْمُجَلَّلَۃِ وَ دِفَاعِ الْاَسْقَامِ وَ الْعَوْنِ عَلَی الصَّلٰوۃِ وَالصِّیَامِ وَالْقِیَامِ وَ تِلَاوَۃِ الْقُرْآنِ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنَا لِشَھْرِ رَمَضَانَ وَ تَسَلَّمْہُ مِنَّا وَ سَلِّمْنَا فِیْہِ حَتّٰی یَنْقَضِیَ عَنَّا شَھْرُ رَمَضَانَ وَ قَدْعَفَوْتَ عَنَّا وَ غَفَرْتَ لَنَا وَ رَحِمْتَنَا.

﴿۳﴾ صحیفۂ کاملہ کی دعا نمبر ۴۴ پڑھے.

﴿۴﴾ اپنی بیوی کے ساتھ ہمبستری کرے یہ صرف اسی مہینہ کی خصوصیت ہے کیونکہ دوسرے تمام مہینوں کی پہلی رات میں جماع مکروہ ہے.

﴿۵﴾ غسل.

﴿۶﴾ روایت میں وارد ہے کہ جب ماہ رمضان المبارک داخل ہوتا تھا تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ قَدْ دَخَلَ شَھْرُ رَمَضَانَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ

رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلْتَ فِیْهِ الْقُرْآنَ وَ جَعَلْتَهٗ بَیِّنَاتٍ مِّنَ
الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ فَبَارِکْ لَنَا فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ
وَ اَعِنَّا عَلٰی صِیَامِهٖ وَ صَلٰوتِهٖ وَ تَقَبَّلْهُ مِنَّا.

﴿اعمال شب ہائے قدر﴾

ماہ مبارک رمضان کی انیسویں (۱۹) اکیسویں (۲۱) تیئیسویں (۲۳) شب میں یہ اعمال بجالائے ان تینوں راتوں کے اعمال دو طرح کے ہیں:
(۱) مشترک: جن اعمال کو تینوں راتوں میں بجالانا چاہئے (۲) مخصوص: ہر شب قدر کے مخصوص اعمال کو صرف اسی خاص رات میں بجالانا چاہئے، ذیل میں ہر ایک کو الگ الگ بیان کیا جارہا ہے:

﴿اعمال مشترک﴾

﴿۱﴾ غسل: علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: غروب سے پہلے غسل کرے.
﴿۲﴾ عبادت کے ساتھ شب بیداری.
﴿۳﴾ نماز: جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ارشاد فرمایا: جو شخص دو رکعت نماز بجالائے ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ حمد کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور نماز کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ کہے تو اپنی جگہ سے اٹھنے نہ پائے گا کہ خدا اس کو اور اس کے والدین کو بخش دے گا اور چند فرشتوں کو بھیجے گا جو آئندہ سال تک اس کے لئے نیکیاں لکھیں گے اور چند فرشتوں کو جنت کی طرف بھیجے گا جو اس کے لئے درخت لگائیں گے، قصر بنائیں گے، نہریں جاری کریں گے اور جب تک وہ یہ چیزیں نہ دیکھ لے گا دنیا سے نہ اٹھے گا نیت اس طرح کرے: دو رکعت نماز شب قدر پڑھتا ہوں سنت قُرْبَةً اِلَی اللّٰه .

﴿۴﴾ اعمال قرآن: مستحب ہے کہ قرآن مجید ہاتھ میں لے کر کھولے اور اسے اپنے سامنے رکھ کر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِکِتَابِکَ الْمُنْزَلِ وَ مَا فِيْهِ وَ فِيْهِ اسْمُکَ الْاَکْبَرُ وَ اَسْمَآئُکَ الْحُسْنٰی وَ مَا يُخَافُ وَ يُرْجٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عُتَقَآئِکَ مِنَ النَّارِ . اس کے بعد حاجت طلب کرے.

﴿۵﴾ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن مجید کو سر پر رکھ کر یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الْقُرْآنِ وَبِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَہٗ بِہٖ وَ بِحَقِّ کُلِّ مُوْمِنٍ مَّدَحْتَہٗ فِیْہِ وَبِحَقِّکَ عَلَیْھِمْ فَلَآاَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّکَ مِنْکَ . اس کے بعد ان کلمات کو پڑھے:

دس (۱۰) مرتبہ : بِکَ یَآاَللّٰہُ! (جَلَّ جَلَالُہٗ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِمُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِعَلِیٍّ (عَلَیْہِ السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِفَاطِمَۃَ (عَلَیْھَا السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِالْحَسَنِ (عَلَیْہِ السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِالْحُسَیْنِ (عَلَیْہِ السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ (عَلَیْھِمَا السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ (عَلَیْھِمَا السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ (عَلَیْھِمَا السَّلامُ)

دس (۱۰) مرتبہ : بِمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ (عَلَیْھِمَا السَّلامُ)

دس(۱۰)مرتبہ : بِعَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی (عَلَیْهِمَا السَّلامُ)

دس(۱۰)مرتبہ : بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ (عَلَیْهِمَاالسَّلامُ)

دس(۱۰)مرتبہ : بِعَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ (عَلَیْهِمَا السَّلامُ)

دس(۱۰)مرتبہ : بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ (عَلَیْهِمَا السَّلامُ)

دس(۱۰)مرتبہ : بِالْحُجَّةِ (عَلَیْهِ السَّلامُ)

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے.

﴿۶﴾ نماز: سو(۱۰۰)رکعت نماز خصوصاً تیئیسویں شب میں مستحب ہے اس کی بڑی فضیلت ہے ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد دس(۱۰)مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھنا افضل ہے. اگر پڑھنے والے کے ذمہ قضا نمازیں ہوں تو چھ(۶)دن کی قضا نمازیں پڑھے ظہر سے شروع کر کے صبح پر ختم کرے.

﴿۷﴾ دعائے جوشن کبیر پڑھے.

واضح رہے کہ تحفۃ العوام مستند مقبول طبع لاہور پاکستان صفحہ نمبر ۲۷۳ کے علاوہ ادعیہ واعمال کی کسی معتبر کتاب میں شبہائے قدر میں ''دعائے جوشن صغیر'' کے پڑھنے کا کوئی ذکر نہیں ہے نہ جانے اس کتاب میں یہ بات کہاں سے نقل کی گئی ہے! اس کی اکثر دعائیں، زیارت عاشورا وغیرہ علامہ مجلسیؒ کی کتاب زاد المعاد سے منقول ہیں بہر حال مطلق طور پر

پورے ماہ رمضان میں اس کے پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے پس اگر تینوں شبہائے قدر میں اسے ایک ایک بار پڑھا جائے تو مناسب ہے اور یہ دونوں دعائیں مفاتیح الجنان، وظائف الابرار، تحفۃ العوام اور دیگر کتب ادعیہ میں مذکور ہیں.

دعائے جوشن کبیر کی ہر فصل کے لئے جو ایک ایک خاصیت گڑھی اور تراشی گئی ہے مثلاً یہ حصہ دردِ سر کے لئے ہے، یہ حصہ دردِ دندان کے لئے ہے... یہ سب خرافات اور اضافات ہیں ان سے پرہیز کرنا چاہئے، کچھ لوگ ہر ایک حصہ پڑھ کر گنڈے میں ایک ایک گرہ لگاتے جاتے ہیں! نہ جانے یہ بیماریاں ہمارے اندر کہاں سے آگئی ہیں! کسی معتبر کتاب میں ان باتوں کا کوئی وجود نہیں ہے تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں ہماری کتاب ''آثار وفوائد زیارت عاشوراء سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام''، صفحہ نمبر ۳۱، ۳۲.

کتاب مفتاح الجنان میں صفحہ ۱۲۹ سے ۱۴۸ تک یہ ساری باتیں موجود ہیں اسی کتاب سے متاثر ہوکر اسی ترتیب پر محدث قمیؒ نے اپنی کتاب مفاتیح الجنان کو مرتب کیا تھا جیسا کہ موصوف نے مقدمہ میں فرمایا ہے کہ اس کی ضعیف روایات وغیرہ کو ترک کیا بہرحال کتاب زیارت عاشوراء شائع ہونے کے بعد اس (مفتاح الجنان) پر نظر پڑی.

ناشر آثار اہل بیت طاہرینؑ وحضرت سید المرسلینؐ، آقائے سید امینؒ از علمائے عاملین نے بھی محدث قمیؒ کی طرح کتاب ''مفتاح الجنان'' کو غیر معتبر بتاتے ہوئے اس سے اپنی ناراضگی کا اظہار ان الفاظ میں فرمایا: ''اکثر ادعیہ، اعمال وزیارات کی کتابوں میں الفاظ، اشکال و اعراب میں تحریف، تبدیلی اور تصحیف ہوئی ہے جن سے ان کے معنی بالکل بدل جاتے ہیں اور دعا وغیرہ مقصود ومراد کے برخلاف ہوجاتی ہے خصوصاً کتاب ''مفتاح الجنان'' کیونکہ اس کے مضامین ومندرجات کی سندوں کا کوئی حوالہ وپتہ نہیں ہے اس میں تحریف وتصحیف بھی واقع ہوئی ہے اگرچہ عربی وفارسی جاننے والوں کے درمیان یہ کتاب رائج ہے چونکہ عربی میں عربوں کے لئے اس موضوع پر کوئی جامع ومعتبر کتاب موجود نہ تھی لہٰذا میں نے معتبر کتابوں کی مدد سے ''مفتاح الجنات'' کو مرتب کیا۔'' (مفتاح الجنات: ۱/۲ مقدمہ)

﴿۸﴾ صلوات: علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: تینوں راتوں میں کثرت سے حضرات محمد وآل محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام پر صلوات بھیجنا بہترین عمل ہے.

﴿۹﴾ استغفار: علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: تینوں راتوں میں دین اور دنیا کی بھلائی کے لئے اپنے والدین، زندہ ومردہ مومنین ومومنات کے لئے بخشش کی دعا کرنا بھی بہترین عمل ہے.

﴿۱۰﴾ ذکر: کثرت کے ساتھ ذکر الٰہی بجالائے۔

﴿۱۱﴾ دعا: کفعمیؒ نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ ان راتوں میں قیام، قعود، رکوع وسجود کی حالت میں یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَمْسَیْتُ لَکَ عَبْداً دَاخِراً لَآاَمْلِکُ
لِنَفْسِیْ نَفْعاً وَّ لَاضَرّاً وَّ لَآاَصْرِفُ عَنْھَا سُوْٓئًا اَشْھَدُ
بِذَالِکَ عَلٰی نَفْسِیْ وَ اَعْتَرِفُ لَکَ بِضَعْفِ قُوَّتِیْ
وَقِلَّةِ حِیْلَتِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْجِزْ
لِیْ مَاوَعَدْتَنِیْ وَ جَمِیْعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ مِنَ
الْمَغْفِرَةِ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَةِ وَ اَتْمِمْ عَلَیَّ مَاآتَیْتَنِیْ فَاِنِّیْ
عَبْدُکَ الْمِسْکِیْنُ الْمُسْتَکِیْنُ الضَّعِیْفُ الْفَقِیْرُ
الْمَھِیْنُ اَللّٰھُمَّ لَاتَجْعَلْنِیْ نَاسِیاً لِّذِکْرِکَ فِیْمَآ
اَوْلَیْتَنِیْ وَلَا لِاِحْسَانِکَ فِیْمَآ اَعْطَیْتَنِیْ وَ لَآاٰیِساً

مِّنْ اِجَابَتِکَ وَ اِنْ اَبْطَاَتْ عَنِّیْ فِیْ سَرَّآءَ اَوْ ضَرَّآءَ

اَوْ شِدَّةٍ اَوْ رَخَآءٍ اَوْ عَافِیَةٍ اَوْ بَلَآءٍ اَوْ بُؤْسٍ اَوْ نَعْمَآءَ

اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ. (مفاتیح الجنان (۲): باب دوم، فصل ۳، ص ۳۷۲ "اعمال مشترکہ شبہائے قدر")

﴿۵﴾ دوسری جگہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مردہ کے لئے صدقہ بھیجتا ہے اس کو ایک فرشتہ ایک ایسے نورانی طبق میں رکھتا ہے جس کی شعاع آسمان ہفتم تک پہنچتی ہے پھر اسے لے کر قبر کے پاس جا کر فریاد کرتا ہے: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ: اے صاحبان قبر تم پر سلام ہو! تمھارے گھر والوں نے یہ ہدیہ بھیجا ہے مردہ، ہدیہ لے کر قبر کے اندر جاتا ہے اس کی قبر وسیع ہو جاتی ہے آگاہ رہو کہ جو شخص صدقہ کے ذریعہ مردہ پر مہربانی کرے تو خدا کے نزدیک اس کے لئے احد کے مانند اجر ملے گا اور وہ قیامت کے دن عرش خدا کے سایہ میں ہو گا جبکہ اس دن عرش خدا کے سایہ کے علاوہ کوئی اور سایہ نہ ہو گا صدقہ کے ذریعہ زندہ ومردہ دونوں نجات حاصل کرتے ہیں.

قبرستان میں پڑھنے کی دعائیں

﴿۱﴾ حضرت امام رِضا علیہ السلام نے فرمایا: جو اپنے مومن بھائی کی قبر پر ہاتھ رکھ کر (قبلہ رخ ہوکر) سات (۷) مرتبہ سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ پڑھے گا وہ قیامت کے دن دردناک خوف وعذاب سے محفوظ رہے گا اور صاحب قبر بھی محفوظ رہے گا.

﴿۲﴾ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اہل قبور پر سلام کرنے کا طریقہ یہ بتایا ہے: اَلسَّلَامُ عَلٰٓى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ نَحْنُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ.

﴿۳﴾ حضرت امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص قبرستان میں داخل ہوکر یہ دعا پڑھے تو خدا، حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے قیامت تک تمام مخلوق کی تعداد کے مطابق اس کے لئے حسنات لکھتا ہے وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الْاَرْوَاحِ الْفَانِيَةِ وَ الْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ
وَالْعِظَامِ النَّخِرَةِ الَّتِىْ خَرَجَتْ مِنَ الدُّنْيَا وَهِىَ بِكَ
مُؤْمِنَةٌ اَدْخِلْ عَلَيْهِمْ رَوْحاً مِّنْكَ وَ سَلَاماً مِّنِّىْ.

﴿۴﴾ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص قبرستان میں داخل ہو کر یہ دعا پڑھتا ہے خداوند عالم اس کے لئے پچاس (۵۰) سال عبادت کا ثواب لکھتا ہے اس کے اور اس کے والدین کے پچاس (۵۰) سال کے گناہ معاف فرماتا ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ لَآاِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَآاَهْلَ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
بِحَقِّ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَيْفَ وَجَدْتُّمْ قَوْلَ لَآاِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ مِنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ يَالَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ لَآاِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ. اِغْفِرْ لِمَنْ قَالَ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحْشُرْنَافِىْ زُمْرَةِ
مَنْ قَالَ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِىٌّ وَّلِىُّ اللّٰهِ (عَلَيْهِمَا السَّلَامُ)

﴿۵﴾ قبرستان سے گذرتے ہوئے ٹھہر کر اس دعا کا پڑھنا بہتر ہے: اَللّٰهُمَّ وَلِّهِمْ مَّاتَوَلَّوْا وَاحْشُرْ هُمْ مَعَ مَنْ اَحَبُّوْا.

﴿۶﴾ سید بن طاؤس علیہ الرحمہ نے مصباح الزائر میں فرمایا کہ زیارت کا طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رخ ہو کر قبر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے.

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ غُرْبَتَهٗ وَصِلْ وَحْدَتَهٗ وَآنِسْ وَحْشَتَهٗ وَآمِنْ رَوْعَتَهٗ وَاَسْكِنْ اِلَيْهِ مِنْ رَّحْمَتِكَ رَحْمَةً يَّسْتَغْنِىْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ وَاَلْحِقْهُ بِمَنْ كَانَ يَتَوَلَّاهُ پھر سات (۷) مرتبہ سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پڑھے۔

﴿۷﴾ روایت میں ہے جو کسی مومن کی قبر کے پاس سات (۷) مرتبہ سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ پڑھتا ہے خداوند عالم اس کی قبر کی طرف ایک فرشتہ بھیج دیتا ہے جو اس کی قبر کے پاس اللہ کی عبادت کرتا ہے اس کا ثواب خدا، میت کے لئے لکھتا ہے... اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ کے ساتھ تین تین (۳،۳) مرتبہ حمد و سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور آیت الکرسی بھی پڑھے۔ (مفتاح الجنات: ۳۳۹/۲۔ مفاتیح الجنان)

﴿۸﴾ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے محمد بن مسلم سے فرمایا کہ مُردوں کی زیارت کے لئے جاؤ تو پڑھو:

اَللّٰھُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جُنُوْبِهِمْ وَصَاْعِدْ اِلَيْكَ

اَرْوَاحَهُمْ وَ لَقِّهِمْ مِّنْکَ رِضْوَانًا وَّ اَسْکِنْ اِلَیْهِمْ مِّنْ رَّحْمَتِکَ مَا تَصِلُ بِهٖ وَحْدَتَهُمْ وَ تُؤْنِسُ بِهٖ وَحْشَتَهُمْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

﴿۹﴾ سید بن طاؤس علیہ الرحمہ نے فرمایا: مومنین کے قبرستان میں گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھ کر ہدیہ کردو کیونکہ روایت میں ہے کہ خداوند عالم مردوں کی تعداد کے مطابق ثواب عطا فرماتا ہے.

﴿۱۰﴾ مجموعۂ شیخ شہید علیہ الرحمہ میں حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو کسی مردہ کی قبر کے پاس تین مرتبہ یہ دعا پڑھے گا خدا، قیامت میں اس سے عذاب کو دور کردے گا: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ اَنْ لَّا تُعَذِّبَ هٰذَ الْمَیِّتَ.

﴿۱۱﴾ جو شخص آیۃ الکرسی پڑھ کر اس کا ثواب، اہل قبور کو ہدیہ کرے گا خدا ہر حرف کے عوض، فرشتے پیدا کرے گا جو قیامت تک اس کی تسبیح کرتے رہیں گے.

﴿۱۲﴾ حدیث میں وارد ہے کہ جو قبرستان میں سورۂ یٰس

پڑھے گا خدا، مردوں کا عذاب ہلکا کر دے گا اور مردوں کی تعداد کے مطابق اسے حسنہ عطا فرمائے گا.

﴿۱۳﴾ فاضل معاصر آقائے مقدم دام ظلہ العالی نے کتاب سرور العارفین کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ قبرستان کے اندر یہ دعا پڑھنے سے مُردوں سے تیس (۳۰) سال کا عذاب ختم ہوگا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فِی
السَّمٰوَاتِ عَرْشُهٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فِی الْجَنَّةِ رَحْمَتُهٗ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فِی الصُّوْرِ قَضَآئُهٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ
فِیْ جَهَنَّمَ سُلْطَانُهٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَامَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا
اِلَّا اِلَيْهِ بِرَحْمَتِکَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَااَنْ هَدَانَا اللّٰهُ
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهِ الطَّاهِرِيْنَ سِيَّمَا بَقِيَّةِ
اللّٰهِ فِی الْاَرَضِيْنَ وَ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰٓى اَعْدَآئِهِمْ اَجْمَعِيْنَ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَ لِوَالِدَیْنَا وَ لِوَالِدَیَّ وَالِدَیْنَا وَ لِمَنْ
وَّجَبَ حَقُّهٗ عَلَیْنَا وَ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ
بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. (ختوم واذکار:۱/۴۷۵)

﴿۱۴﴾ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابوبصیرؓ سے فرمایا:
جب مردوں کی زیارت کے لئے جاؤ تو اس طرح انھیں سلام کرو:

اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اَھْلِ الْقُبُوْرِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنْ کَانَ فِیْھَا
مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ نَحْنُ لَکُمْ
تَبَعٌ وَّ اِنَّا بِکُمْ لَاحِقُوْنَ وَ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ
رَاجِعُوْنَ. یَآاَھْلَ الْقُبُوْرِ بَعْدَ سُکْنَی الْقُصُوْرِ ! یَآاَھْلَ
الْقُبُوْرِ بَعْدَ النِّعْمَةِ وَالسُّرُوْرِ! صِرْتُمْ اِلَی الْقُبُوْرِ
یَآاَھْلَ الْقُبُوْرِ! کَیْفَ وَجَدْتُمْ طَعْمَ الْمَوْتِ؟وَیْلٌ لِّمَنْ
سَارَ اِلَی النَّارِ. (کامل الزیارات: باب۱۰۵، ح[۸۲۴]۱۹۔ نیز بحار:۱۰۲/۲۹۹۔ مستدرک:۲/۳۶۷)

نوٹ: نمبر ا سے ۱۰ تک مفاتیح (۱): ص ۱۰۴۲ تا ۱۰۴۷، باب سوم، ''مطلب سوم'' سے منقول ہیں، نمبر ۱۱، ۱۲ دو حدیثیں بارہ (۱۲) کا مبارک عدد پورا کرنے کے لئے تحفۃ العوام مقبول مستند (۲) صفحہ ۴۰۲ سے نقل کی گئیں اور پھر چودہ کے مبارک عدد کی تکمیل کے لئے نمبر ۱۳، ۱۴ کا اضافہ کیا گیا جن کے حوالے وہیں آخر میں موجود ہیں.

تلقین

لحد کو بند کرنے سے پہلے مستحب ہے کہ داہنے ہاتھ سے میت کا داہنا شانہ اور بائیں ہاتھ سے بایاں شانہ پکڑ کر حرکت دیں اور تین مرتبہ کہیں: اِسْمَعْ! اِفْهَمْ! يَا فُلانَ ابْنَ فُلان! پہلے ''فلاں'' کی جگہ میت اور دوسرے ''فلاں'' کی جگہ اس کے باپ کا نام لیں مثلاً اگر میت کا نام ''محمد'' اور باپ کا نام ''علی'' ہے تو تین مرتبہ اس طرح کہیں: اِسْمَعْ اِفْهَمْ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِی! اگر میت، عورت ہے تو اس طرح کہیں: اِسْمَعِیْ اِفْهَمِیْ يَا فُلانَة بِنْتِ فُلان!'' فلانہ'' کی جگہ ''میت'' اور ''فلاں'' کی جگہ اس کے ''باپ'' کا نام لیں مثلاً اگر میت کا نام ''فاطمہ'' اور باپ کا نام ''محمد'' ہے تو تین مرتبہ اس طرح کہیں: اِسْمَعِیْ اِفْهَمِیْ يَا فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ!.

تلقین برائے مرد

اِسْمَعْ اِفْهَمْ يَا...بن... اِسْمَعْ اِفْهَمْ يَا...بن...

اِسْمَعْ اِفْهَمْ يَا...بن...

هَلْ اَنْتَ عَلَى الْعَهْدِ الَّذِىْ فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ مِنْ شَهَادَةِ اَنْ

لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْکَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَسَيِّدُ النَّبِيِّيْنَ وَ خَاتَمُ

الْمُرْسَلِيْنَ وَاَنَّ عَلِيًّا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ

وَاِمَامُ افْتَرَضَ اللّٰهُ طَاعَتَهٗ عَلَى الْعَالَمِيْنَ وَ اَنَّ

الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَلِىَّ بْنَ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدَبْنَ

عَلِيٍّ وَّجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَّعَلِىَّ بْنَ

مُوْسٰى وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَّعَلِىَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنَ

بْنَ عَلِيٍّ وَّالْقَآئِمَ الْحُجَّةَ الْمَهْدِىَّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

عَلَيْهِمْ اَئِمَّةُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ

اَجْمَعِيْنَ وَ اَئِمَّتُکَ اَئِمَّةُ هُدًى اَبْرَارٌ يَّافُلَانَ بْنَ

فُلَانٍ! ﴿فلاں بن فلاں کی جگہ مردے اور اس کے باپ کا نام لے﴾

اِذَآ اَتَاکَ الْمَلَکَانِ الْمُقَرَّبَانِ رَسُوْلَيْنِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

تَبَارَکَ وَتَعَالٰى وَسَئَلَاکَ عَنْ رَّبِّکَ وَعَنْ نَّبِيِّکَ

وَعَنْ دِيْنِکَ وَعَنْ کِتَابِکَ وَ عَنْ قِبْلَتِکَ وَ عَنْ

اَئِمَّتِکَ فَلَا تَخَفْ وَلَاتَحْزَنْ وَقُلْ فِیْ جَوَابِهِمَا: اَللّٰهُ

رَبِّیْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ نَبِيِّیْ وَ الْاِسْلَامُ

دِيْنِیْ وَالْقُرْآنُ کِتَابِیْ وَالْکَعْبَةُ قِبْلَتِیْ وَاَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ

عَلِيُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اِمَامِیْ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نِ

الْمُجْتَبٰى اِمَامِیْ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ نِ الشَّهِيْدُ

بِکَرْبَلَاءَ اِمَامِیْ وَ عَلِيٌّ زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ اِمَامِیْ وَ

مُحَمَّدُ نِ الْبَاقِرُ اِمَامِیْ وَجَعْفَرُ نِ الصَّادِقُ اِمَامِیْ

وَمُوْسَی الْكَاظِمُ اِمَامِیْ وَعَلِیُّ نِ الرِّضَا اِمَامِیْ

وَمُحَمَّدُ نِ الْجَوَادُ اِمَامِیْ وَعَلِیُّ نِ الْهَادِیُّ اِمَامِیْ

وَالْحَسَنُ الْعَسْكَرِیُّ اِمَامِیْ وَ الْحُجَّةُ الْمُنْتَظَرُ اِمَامِیْ

هٰؤُلَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَئِمَّتِیْ

وَسَادَتِیْ وَقَادَتِیْ وَشُفَعَآئِیْ بِهِمْ اَتَوَلّٰی وَمِنْ اَعْدَآئِهِمْ

اَتَبَرَّءُ فِی الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ ثُمَّ اعْلَمْ يَافُلَانَ بْنَ

فُلَانٍ! ﴿فلاں بن فلاں کی جگہ مردے اور اس کے باپ کا نام لے﴾

اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی نِعْمَ الرَّبُّ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ نِعْمَ الرَّسُوْلُ وَ اَنَّ عَلِیَّ بْنَ

اَبِيْطَالِبٍ وَّ اَوْلَادَهُ الْمَعْصُوْمِيْنَ الْاَئِمَّةَ الْاِثْنٰی عَشَرَ

نِعْمَ الْاَئِمَّةُ وَاَنَّ مَاجَآءَ بِهٖ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

حَقٌّ وَّاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَّسُؤَالَ مُنْكَرٍ وَّ نَكِيْرٍ فِى الْقَبْرِ

حَقٌّ وَّالْبَعْثَ حَقٌّ وَّالنُّشُوْرَ حَقٌّ وَّ الصِّرَاطَ حَقٌّ وَّ

الْمِيْزَانَ حَقٌّ وَّ تَطَايُرَ الْكُتُبِ حَقٌّ وَّاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ

وَّالنَّارَ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّارَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ

يَبْعَثُ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ. ﴿اس کے بعد کہے﴾ اَفَهِمْتَ؟

يَافُلَانُ! ﴿فلاں کی جگہ مردہ کا نام لے اس کے بعد کہے:﴾ ثَبَّتَكَ

اللّٰهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ وَهَدَاكَ اللّٰهُ اِلٰى صِرَاطٍ

مُّسْتَقِيْمٍ عَرَّفَ اللّٰهُ بَيْنَكَ وَ بَيْنَ اَوْلِيَآئِكَ فِىْ

مُسْتَقَرٍّ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ. ﴿اس کے بعد کہے﴾ اَللّٰهُمَّ جَافِ

الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ وَاصْعَدْ بِرُوْحِهٖ اِلَيْكَ وَلَقِّهٖ

مِنْكَ بُرْهَاناً اَللّٰهُمَّ عَفْوَكَ عَفْوَكَ.

(توضیح المسائل (۱):ص۹۹،۱۰۰؛توضیح المسائل (۲) :ص ۱۱۱،۱۱۲؛تحفۃ

العوام: ص ۳۹۷، ۳۹۸. مفاتیح الجنان (۲): ۹۲۸ تا ۹۳۵، در حاشیہ)

تلقین برائے زن

اِسْمَعِیْ اِفْهَمِیْ یَا...بِنْتِ... اِسْمَعِیْ اِفْهَمِیْ
یَا...بِنْتِ... اِسْمَعِیْ اِفْهَمِیْ یَا...بِنْتِ... هَلْ اَنْتِ
عَلَی الْعَهْدِ الَّذِیْ فَارَقْتِنَا عَلَیْهِ مِنْ شَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَآلِهٖ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَسَیِّدُ النَّبِیِّیْنَ وَ خَاتَمُ الْمُرْسَلِیْنَ
وَاَنَّ عَلِیًّا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَیِّدُ الْوَصِیِّیْنَ وَاِمَامُ نِ
افْتَرَضَ اللّٰهُ طَاعَتَهٗ عَلَی الْعَالَمِیْنَ وَاَنَّ الْحَسَنَ
وَالْحُسَیْنَ وَعَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ وَمُحَمَّدَبْنَ عَلِیٍّ
وَّجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَی بْنَ جَعْفَرٍ وَّعَلِیَّ بْنَ

مُوْسٰی وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ وَّعَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنَ

بْنَ عَلِیٍّ وَّالْقَآئِمَ الْحُجَّةَ الْمَهْدِیَّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

عَلَیْهِمْ اَئِمَّةُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَی الْخَلْقِ

اَجْمَعِیْنَ وَاَئِمَّتُکِ اَئِمَّةُ هُدًی اَبْرَارٌ یَّا فُلَانَةَ بِنْتِ

فُلَانٍ! ﴿فلانہ کی جگہ مردے اور فلاں کی جگہ اس کے باپ کا نام لے﴾

اِذَآ اَتَاکِ الْمَلَکَانِ الْمُقَرَّبَانِ رَسُوْلَیْنَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَسَئَلَاکِ عَنْ رَّبِّکِ وَعَنْ نَّبِیِّکِ

وَعَنْ دِیْنِکِ وَ عَنْ کِتَابِکِ وَ عَنْ قِبْلَتِکِ وَ عَنْ

اَئِمَّتِکِ فَلَا تَخَافِیْ وَلَا تَحْزَنِیْ وَقُوْلِیْ فِیْ

جَوَابِهِمَا: اَللّٰهُ رَبِّیْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ

نَبِیِّیْ وَالْاِسْلَامُ دِیْنِیْ وَالْقُرْآنُ کِتَابِیْ وَالْکَعْبَةُ قِبْلَتِیْ

وَاَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اِمَامِیْ وَالْحَسَنُ

بُنُ عَلِيِّ نِ الْمُجْتَبٰى اِمَامِىْ وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ نِ

الشَّهِيْدُبِكَرْبَلَاءَ اِمَامِىْ وَعَلِيٌّ زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ اِمَامِىْ

وَ مُحَمَّدُ نِ الْبَاقِرُ اِمَامِىْ وَجَعْفَرُ نِ الصَّادِقُ اِمَامِىْ

وَمُوْسَى الْكَاظِمُ اِمَامِىْ وَعَلِيُّ نِ الرِّضَا اِمَامِىْ

وَ مُحَمَّدُ نِ الْجَوَادُ اِمَامِىْ وَ عَلِيُّ نِ الْهَادِيُّ اِمَامِىْ

وَالْحَسَنُ الْعَسْكَرِيُّ اِمَامِىْ وَ الْحُجَّةُ الْمُنْتَظَرُ اِمَامِىْ

هٰؤُلَآءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَئِمَّتِىْ وَسَادَتِىْ

وَقَادَتِىْ وَشُفَعَآئِىْ بِهِمْ اَتَوَلّٰى وَمِنْ اَعْدَآئِهِمْ اَتَبَرَّءُ فِى

الدُّنْيَاوَالْآخِرَةِ ثُمَّ اعْلَمِىْ يَافُلَانَةَ بِنْتِ فُلَان! ﴿فلانہ کی

جگہ مردے اور فلاں کی جگہ اس کے باپ کا نام لے﴾ اَنَّ اللّٰهَ

تَبَارَكَ وَتَعَالٰى نِعْمَ الرَّبُّ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ نِعْمَ الرَّسُوْلُ وَ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ

اَبِیطَالِبٍ وَّ اَوْلَادَهُ الْمَعْصُوْمِیْنَ الْاَئِمَّةَ الْاِثْنٰی عَشَرَ

نِعْمَ الْاَئِمَّةُ وَاَنَّ مَاجَآءَ بِهٖ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ

حَقٌّ وَّاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَّسُؤَالَ مُنْکَرٍ وَّ نَکِیْرٍ فِی الْقَبْرِ

حَقٌّ وَّالْبَعْثَ حَقٌّ وَّالنُّشُوْرَ حَقٌّ وَّ الصِّرَاطَ حَقٌّ وَّ

الْمِیْزَانَ حَقٌّ وَّ تَطَایُرَ الْکُتُبِ حَقٌّ وَّاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ

وَّالنَّارَ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ آتِیَةٌ لَّارَیْبَ فِیْهَا وَ اَنَّ اللّٰهَ

یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ. ﴿اس کے بعد کہے:﴾ اَفَهِمْتِ؟

یَافُلَانَةَ بِنْتِ فُلَان! ﴿فلانہ کی جگہ مردے اور فلاں کی جگہ اس کے

باپ کا نام لے﴾ ثَبَّتَکِ اللّٰهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ وَ هَدَاکِ

اللّٰهُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ عَرَّفَ اللّٰهُ بَیْنَکِ وَ بَیْنَ

اَوْلِیَآئِکِ فِیْ مُسْتَقَرٍّ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ. ﴿اس کے بعد کہے:﴾

اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَیْهَا وَاصْعَدْ بِرُوْحِهَا

اِلَیکَ وَلَقِّھَا مِنکَ بُرھَاناً اَللّٰھُمَّ عَفُوکَ عَفُوکَ. (تحفۃ العوام: ص ۳۹۸، ۳۹۹)

تلقین میں ایک غلطی اور اس کی اصلاح

واضح رہے کہ چونکہ آج کل ایران میں عید نوروز (۱۳۸۱ھ، ش) کی تعطیل چل رہی ہے لہٰذا کتب خانوں میں تعطیل ہے خدا بھلا کرے برادر بزرگوار حجۃ الاسلام والمسلمین آقائے سعید حیدری صاحب قبلہ کا "بابه مفتوح للراغبین" کہ انھوں نے ہمیشہ بڑی فراخ دلی سے اپنے ذاتی کتب خانہ سے استفادہ کا موقع فراہم کیا ایک مرتبہ ایک مہمان کو یہ کہہ کر ٹوک دیا کہ وہ کچھ لکھنے میں مشغول ہیں زیادہ مزاحمت نہ کریں جمعہ وغیرہ اور دیگر تعطیلات میں جب سارے کتب خانوں کے دروازے بند ہوتے ہیں ان کا دروازہ میرے لئے کھلا رہتا ہے اکثر مہذب اللغات سے انھیں کے گھر سے معانی تلاش کئے اور دیگر کتابوں سے بھی استفادہ کیا موصوف کا نہایت شکر گذار ہوں خدا انھیں جزائے خیر دے.

ان کے کتب خانہ میں تقریباً پچاس رسالہ ہائے عملیہ ہیں اکثر مراجع کرام کی توضیح المسائل میں صرف "مرد" کی تلقین موجود ہے "عورت" کی نہیں ہے جب کہ عورتیں بھی مرتی ہیں اگرچہ غالباً مَردوں

کے بعد وہ مُردوں کی فہرست میں شمار ہوتی ہیں بہرحال ہر مردے کے لئے تلقین مستحب ہے چونکہ فارسی رسالے عام طور سے ایرانیوں کے لئے لکھے جاتے ہیں اور یہاں دعاؤں کا بہت زیادہ رواج ہے قبرستان میں مُردوں کا ''سلام'' بھی کہیں کہیں بغیر حرکات واعراب کے ہوتا ہے اکثر عوام بھی عادی ہیں پڑھ لیتے ہیں مُردے کے غسل وکفن اور دفن تک کے سارے مراحل کو کچھ خاص لوگ اجرت پر انجام دیتے ہیں انھیں تلقین اور دوسری دعائیں زبانی یاد ہوتی ہیں شاید اسی لئے عورت کی تلقین موجود نہیں ہوتی ہے.

بعض رسالوں میں تلقین بغیر حرکات واعراب کے ہے لہٰذا ہم نے ان سے نقل نہ کیا جب آقائے مکارم شیرازی دام ظلہ العالی کے رسالہ سے نقل کیا تو اس میں اس طرح پایا: ''وَاَصْعِدْ بِرُوْحِهٖ اِلَیْکَ'' بہت زیادہ تعجب ہوا کہ سینتیسویں (۳۷) ایڈیشن (طبع ۱۳۸۰ھ۔ش) میں بھی غلطی رہ گئی ہے! کسی نے توجہ نہ دی! البتہ رسالۂ عملیہ میں اس کے ایک مسئلہ بعد جو دعا ہے: ''...وَاَصْعِدْ اِلَیْکَ رُوْحَهٗ...'' وہ صحیح ہے کیوں کہ باب افعال سے ہے.

اہل علم بخوبی جانتے ہیں کہ دونوں کے استعمال میں فرق ہے:

(۱) صَعِدَ: (صُعُوْداً) چڑھا، اوپر اٹھا. یہ باب سمع سے فعل لازم،

ثلاثی مجرد ہے حرف جر (باء) کے ذریعہ متعدی ہو جاتا ہے مثلاً صَعِدَ بِهٖ : چڑھایا، اوپر اٹھایا. جس طرح ذَهَبَ: گیا اور ذَهَبَ بِهٖ: لے گیا، ہے.

(۲) اَصْعَدَ: چڑھایا، اوپر اٹھایا. یہ باب افعال سے ثلاثی مزید فیہ اور فعل متعدی ہے. (المنجد (عربی اردو) ص ۵۶۵. القاموس الجدید: ص ۳۶۶)

خلاصہ یہ کہ پہلی ترکیب میں چوں کہ حرف جر کے ساتھ ہے لہٰذا ثلاثی مجرد ہے اسے متعدی بنایا گیا ہے: ''وَاصْعَدْ''، یعنی خدایا! اس مردہ کی روح کو اپنی بارگاہ میں اوپر لے جا'' یہ فعل امر، واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہے ''واؤ'' کے بعد ہمزۂ وصل ہے لہٰذا صرف لکھا جائے گا مگر پڑھا نہیں جائے گا اس پر کوئی حرکت بھی نہ ہوگی اور ''عین'' پر زبر ہوگا.

حسن اتفاق سے تحفۃ العوام مقبول و مستند میں صفحہ نمبر ۳۹۸، ۳۹۹ دونوں مقامات پر پہلی ترکیب صحیح ہے اور یہ صرف اسی کتاب کی خصوصیت ہے کہ اس میں آدمی اور عورت دونوں کی الگ الگ تلقین لکھی ہوئی ہے خداوند عالم اس عظیم علمی اجتماعی کارنامہ انجام دینے والے اپنے مخلص بندہ کو جزائے خیر دے جس نے شہرت و نام کے لئے یہ کام نہ کیا اسی لئے اپنا نام تک نہ لکھا!

واضح رہے کہ حرکات وغیرہ کی اکثر غلطیاں کاتب کی جانب سے ہو جاتی ہیں کیونکہ علماء کا مقام بہت بلند ہے بلکہ تھوڑے پڑھے لکھے انسان

سے بھی ایسی معمولی غلطیاں نہیں ہوتیں مگر کاتب کے لئے مشہور ہے: اَلْکَاتِبُ کَالْحِمَار. البتہ افسوس صرف غلطیوں کے ''باقی رہ جانے'' پر ہے غلطیاں ''ہونے'' پر اتنا افسوس نہیں ہے یہ صرف بے توجہی کا نتیجہ ہے.

﴿تحفۃ العوام کے مؤلف کا نام﴾

جناب مولانا سید محمد جعفر صاحب خطیب جامع شیعہ کرشن نگر لاہور پاکستان نے اپنی تقریظ میں تحریر فرمایا ہے: ''تحفۃ العوام ابتداءً حاجی حسن علی (اعلی اللہ مقامہ) نے لکھی تھی...''. (تحفۃ العوام جدید (۳): ص ۳)

جامع عباسی مطبوعہ مطبع نامی منشی نول کشور لکھنؤ ہندوستان سنہ ۱۹۰۰ء مطابق ماہ شعبان سنہ ۱۳۱۸ھ، ق کے آخر میں صفحہ نمبر (تین سو) ۳۰۰ کے بعد شائع شدہ فہرست کتب کے صفحہ نمبر (تین) ۳ پر لکھا ہے: ''تحفۃ العوام مصنفہ حاجی حسن علی بہ تصحیح واضافہ سید تصدق حسین رضوی''.

﴿بعض کلمات تلقین میں مؤلف کی تحقیق﴾

تحفۃ العوام کے اکثر حرکات واعراب کا کوئی اعتبار نہیں ہے بلکہ الفاظ تک کا نہیں ہے لہٰذا صرف اسی پر اعتماد کر کے پڑھنے والے افراد متوجہ اور ہوشیار رہیں. خدایا! ہماری غلطیوں کی اصلاح فرما کر ہماری

دعاؤں کو قبولیت کا شرف عطا کر تو بڑا غفور ورحیم ہے ہماری نادانی اور کوتاہیوں کو معاف فرما!

اسی تلقین کی بحث میں بھی دونوں کی تلقین میں صفحہ ۳۹۷، ۳۹۹ دونوں مقام پر جہاں نامۂ اعمال کے اڑنے (پھیلنے، منتشر اور متفرق ہونے) کا ذکر ہے وہاں لفظ "تَطَایُر" کے بجائے اس طرح لکھا ہے: "سَائِرَ الْکُتُبِ حَقٌّ: ساری آسمانی کتابیں برحق ہیں." اگرچہ یہ بات اپنی جگہ مسلم اور بالکل درست ہے مگر اس مقام پر غلط ہے.

حضرات معصومین علیہم السلام نے کیا خوب ارشاد فرمایا ہے: "ہمای حدیثوں پر حرکات واعراب لگالیا کرو کیوں کہ ہم فصیح ہیں." شاید اسی فرمائش کے پیش نظر ہمارے بزرگ علماء منجملہ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب زادالمعاد میں تمام دعاؤں کو حرکات واعراب کے ساتھ لکھا ہے اور ترجَمہ بھی کیا ہے (باب ۱۳، فصل ۴، بحث تلقین میں لفظ تَطَایُر اور وَاصْعَدْ ہیں. (بغیر صفحہ نمبر) اگر الفاظ میں کہیں تبدیلی یا غلطی ہوجاتی ہے تو ترجَمہ سے اس کی اصلاح ہوجاتی ہے.

بہرحال مزید اطمینان، دلیل اور تائید کے طور پر ذیل میں ان مراجع عظام کے رسالوں کے حوالے درج کئے جارہے ہیں جن میں یہ لفظ "وَاصْعَدْ" (ثلاثی مجرد اور فتح عین کے ساتھ) ہے ترتیب صفحات

کے اعتبار سے ہے:

۱۔ رسالۂ آقائے شیخ حسین مظاہری دام ظلہ العالی: ص ۹۵.

۲۔ رسالۂ آقائے میرزا جواد تبریزی دام ظلہ العالی: ص ۹۹.

۳۔ رسالۂ آقائے خوئی (رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِ): ص ۱۰۷.

۴۔ رسالۂ آقائے موسوی اردبیلی دام ظلہ العالی: ص ۱۰۸ (ط ۱۱، ص ۱۲۰)

۵۔ رسالۂ آقائے فاضل لنکرانی دام ظلہ العالی: ص ۱۰۹.

۶۔ رسالۂ آقائے خمینی (رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِ): ص ۱۱۴.

۷۔ رسالۂ آقائے اراکی (رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِ): ص ۱۲۱.

۸۔ رسالۂ آقائے سید محمد شیرازی (رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِ) (اردو) ص ۱۲۱.

۹۔ رسالۂ آقائے صادق خلخالی دام ظلہ العالی: ص ۱۲۵.

۱۰۔ رسالۂ آقائے نوری ہمدانی دام ظلہ العالی: ص ۱۲۸.

۱۱۔ رسالۂ آقائے منتظری دام ظلہ العالی: (اردو) ص ۱۳۸.

۱۲۔ رسالۂ آقائے رستگار جویباری دام ظلہ العالی: ص ۱۹۴.

واضح رہے کہ حسب ذیل تین (۳) رسالوں میں اس کے برخلاف ''وَاَصْعِدْ'' (بفتح ہمزہ وکسر عین) لکھا ہوا ہے لیکن کثرت وحقیقت کے آگے ان کا کوئی اعتبار نہ ہوگا:

۱۳۔ رسالۂ آقائے ناصر مکارم شیرازی دام ظلہ العالی: ص ۱۱۲.

۱۴۔رسالۂ آقائے صافی گلپائگانی دام ظلہ العالی: ص ۱۲۷.

۱۵۔رسالۂ آقائے سیستانی دام ظلہ العالی: ص ۱۳۶.

صرف ایک رسالہ میں ہر ایک کے خلاف ''وَاصْعِدْ'' (بفتح واو، سکون صاد وکسر عین) لکھا ہے جو مجرد ومزید کسی باب کے اعتبار سے صحیح نہیں ہے:

۱۶۔رسالۂ آقائے موسوی سبزواری دام ظلہ العالی: ص ۱۴۴.

﴿قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام﴾

اَشْرَفُ الْغِنٰی تَرْکُ الْمُنٰی

بہترین مالداری اور بے نیازی یہ ہے کہ انسان امیدوں کو ترک کردے.

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۳۴، ص ۶۴۰، ۶۴۱۔ ج)

۵

باب پنجم

در نماز

﴿قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام﴾

لَا قُرْبَةَ بِالنَّوَافِلِ اِذَا اَضَرَّتْ بِالْفَرَائِضِ

مستحبات الٰہی میں کوئی قربت الٰہی نہیں ہے اگر ان سے واجبات کو نقصان پہونچ جائے!

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۳۹، ص ۶۴۲، ۶۴۳۔ ج)

باب پنجم

درنماز

نماز ہدیۂ میت = وحشت

نماز وحشت کے متعدد طریقے بیان کئے گئے ہیں لیکن سب سے مشہور اور رائج طریقہ یہ ہے: میّت دفن ہونے کے بعد پہلی رات، نماز مغرب وعشاء کے درمیان دو رکعت نماز بجالائے پہلی رکعت میں حمد کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری میں حمد کے بعد دس (۱۰) مرتبہ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ پڑھے سلام کے بعد کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَهَا اِلٰى قَبْرِ فُلَان . (فلاں کی جگہ مُردے کا نام لے مثلاً کہے: رُوْحِ اللّٰهِ الْخُمَيْنِىؒ.

(تحفۃ العوام: ص ۴۰۱۔ مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، ص ۳۸۴، درحاشیہ)

واضح رہے کہ صاحبِ مفاتیح محدث قمیؒ نے نماز مغرب وعشا کے درمیان پڑھنے کی قید وشرط نہ لگائی لیکن مغربین کے درمیان پڑھنے میں پھر بھی ترجیح ہے کیونکہ دونوں طریقوں پر عمل ہو جائے گا.

نماز وحشت کا دوسرا طریقہ

سید بن طاؤس علیہ الرحمہ نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ میت پر پہلی رات سے زیادہ دشوار کوئی وقت نہیں آتا پس صدقہ کے ذریعہ اپنے مردوں پر رحم کرو اگر صدقہ کے لئے کوئی چیز میسر نہ ہو سکے تو کم سے کم دو رکعت نماز ہی پڑھ لو پہلی رکعت میں سورۂ حمد ایک مرتبہ اور سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، دو مرتبہ اور دوسری رکعت میں بھی حمد ایک مرتبہ، سورۂ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُر دس (۱۰) مرتبہ پڑھو سلام کے بعد کہو: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَهَا اِلٰى قَبْرِ ذَالِکَ الْمَيِّتِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ (فلاں، فلاں کی جگہ مُردے اور اس کے باپ کا نام لو)

پس اسی وقت خداوند عالم ہزار فرشتوں کو قبر کی طرف بھیجتا ہے ہر فرشتہ جنت کا لباس لے کر آتا ہے، قیامت تک اس کی قبر وسیع ہوتی ہے اور نماز پڑھنے والے کو جتنی چیزوں پر سورج طلوع کرتا ہے اتنی نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چالیس (۴۰) درجے بلند ہوتے ہیں. ایک ہی نماز میں دو مُردوں کو بھی شریک کر سکتے ہیں. (تحفۃ العوام: ص ۴۰۱، ۴۰۲۔ مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، ص ۳۸۴ تا ۳۸۶، ۳۹۱ در حاشیہ)

ہر شیعہ کے لئے نماز وحشت پڑھنا

علامہ نوریؒ نے ایک متقی و پرہیز گار شخص ملّا فتح علی سلطان آبادیؒ سے نقل کیا ہے انھوں نے کہا: میری عادت تھی کہ جب کسی محبّ اہل بیت علیہم السلام کے مرنے کی خبر سنتا تو شب اول دفن دو رکعت نماز وحشت پڑھتا تھا خواہ میں مردے کو پہچانوں یا نہ پہچانوں اور میں نے کسی کو بتایا نہیں تھا ایک دن راستے میں ایک ساتھی سے ملاقات ہوئی اس نے کہا:

گذشتہ رات میں نے فلاں مُردے کو خواب میں دیکھا حالت پوچھی تو اس نے کہا: میں سختی میں تھا لیکن ملّا فتح علی کی نماز نے مجھے نجات دی خدا اس نیکی کے عوض میں ان پر رحمت نازل کرے.

ملّا فتح علی کہتے ہیں: دوست نے مجھ سے کیفیت پوچھی تو مجھے بتانا پڑا چنانچہ میں نے اپنی عادت اور اس عبادت سے اس کو آگاہ کر دیا.

(مردگان باما سخن میگویند: ص ۱۳۸، بحوالۂ دار السلام)

ہر شب ہر شیعہ کے لئے نماز وحشت پڑھنا

میں نے ایک زائر کو قم مقدسہ کی مسجد جمکران میں اپنے پہلو میں اپنی آنکھوں سے نماز وحشت پڑھتے ہوئے دیکھا نماز بعد پوچھا تو انھوں

نے بتایا: میری عادت ہے ہر شب نماز وحشت پڑھتا ہوں یقیناً دنیا بھر میں کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی شیعہ ضرور مرتا ہے میں اپنی نماز کا ثواب اس مرحوم مرد مومن، مولا علی علیہ السلام کے چاہنے والے کو ہدیہ کر دیتا ہوں.

خدا ایسے مومنین کرام کو ہمارے درمیان باقی رکھے جو غائبانہ طور پر مُردہ شیعوں کے لئے کار خیر بجالاتے ہیں، عظیم نیکی انجام دے کر خدا کے علاوہ مُردوں کو بھی خوش کرتے ہیں. یہ حکایت مذکورہ بالا حکایت سے بھی بہتر و عجیب تر ہے کیوں کہ پہلی حکایت میں اطلاع پانے کے بعد نماز وحشت پڑھی جاتی تھی مگر اس میں بغیر اطلاع کے ہر شب پڑھی جاتی ہے.

انھیں زائرین کو میں نے دیکھا کہ مسلسل سفر کے دوران مختلف قسم کی تسبیح لے کر وضو کے ساتھ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول تھے، مختلف قسم کی خوبصورت تسبیح اور ان کے اندر شوق عبادت دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ یقیناً ایسی باتیں مومنین کرام اور خصوصاً زائرین ذوی الاحترام کو بتادی جائیں تو کچھ نہ کچھ لوگ زندگی کے آخری لمحات تک ان پر ضرور عمل کرتے رہیں گے.

حدیث کے مطابق بتانے والا بھی ان کے ثواب میں برابر کا شریک رہے گا جب بھی صدقہ اور دیگر کار خیر انجام دیں تو ان کا ثواب صرف اپنے مُردوں میں محدود نہ کریں بلکہ تمام شیعوں کو ہدیہ کر دیا کریں

کیوں کہ خدا کی رحمت میں بہت وسعت ہے وہ بغیر کسی کمی کے سب کو برابر ثواب دے گا اور خود کار خیر بجالانے والے کا بھی ثواب بڑھ جائے گا:

﴿نماز ہدیۂ والدین﴾

حدیث میں وارد ہے کہ بہت سے فرزند اپنے والدین کی زندگی میں نیکو کار ہوتے ہیں لیکن ان کی وفات کے بعد عاق لکھے جاتے ہیں کیونکہ والدین کے لئے اعمال خیر نہیں بجالاتے اور بہت سے فرزند، والدین کی زندگی میں عاق ہوتے ہیں لیکن مرنے کے بعد نیکو کار لکھے جاتے ہیں کیونکہ اپنے والدین کے لئے اعمالِ خیر بجالاتے ہیں ان کا قرض ادا کرتے ہیں اور ان کی قضا عبادتیں مثلاً نماز، روزے اور حج وغیرہ بجالاتے ہیں انھیں حقوق الناس سے بری کرتے ہیں ان کے لئے صدقہ دیتے ہیں یہ نماز ہدیۂ والدین بھی انھیں اعمالِ خیر میں سے ہے ہر روز ورنہ ہر شب جمعہ ضرور پڑھے یہ نماز صرف دو (۲) رکعت ہے پہلی رکعت میں فاتحہ اور دس (۱۰) مرتبہ: رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ، دوسری رکعت میں فاتحہ اور دس (۱۰) مرتبہ: رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِناً وَّ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ، سلام کے بعد دس (۱۰) مرتبہ ہاتھ اٹھا کر پڑھے: رَبِّ

ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا. (مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، ص ۳۸۸، ۳۸۹، ۳۹۴، درحاشیہ)

﴿نماز دیگر﴾

یہ بھی دو رکعت ہے دونوں رکعتوں میں الحمد کے بعد بیس (۲۰) مرتبہ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا. سلام کے بعد بھی دس (۱۰) مرتبہ یہی پڑھے. (تحفۃ العوام: ص ۴۰۳.)

﴿نماز ہدیۂ فرزند﴾

والدین کو بھی اپنی مردہ اولاد کے لئے اعمال خیر کرنا چاہئے حدیث صحیح میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ ہر شب اپنے فرزند کے لئے اور ہر روز اپنے والدین کے لئے دو (۲) رکعت نماز پڑھا کرتے تھے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد اِنَّآ اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرْ پڑھے. (تحفۃ العوام: ص ۴۰۳. مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، ص ۳۹۰، درحاشیہ)

﴿نماز آیات کا طریقہ﴾

یہ نماز دو رکعت ہے اور ہر رکعت میں پانچ، پانچ، رکوع ہیں تکبیر کے بعد حمد و سورہ پڑھ کر رکوع میں جائے پھر رکوع سے اٹھ کر دوبارہ اسی

طرح حمد وسورہ پڑھے اس کے بعد قنوت پڑھے جب پانچویں مرتبہ رکوع سے سر اٹھائے تو سجدے میں چلا جائے پھر پہلی رکعت کی طرح دوسری رکعت بھی بجالائے اور تشہد وسلام پڑھ کر نماز تمام کرے اس طرح پہلی رکعت میں دو (۲) اور دوسری رکعت میں تین (۳) قنوت پڑیں گے.

﴿نماز آیات کا دوسرا طریقہ﴾

سورۂ حمد کے بعد کسی سورہ کی آیات کو پانچ حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ پڑھ کر رکوع میں چلا جائے پانچویں رکوع سے پہلے سورہ کو ختم کر لے مثلاً حمد کے بعد صرف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم پڑھ کر رکوع میں چلا جائے پھر کھڑا ہو کر سورۂ حمد پڑھے بغیر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کہے رکوع میں جائے پھر کھڑا ہو کر صرف اَللّٰهُ الصَّمَد کہے رکوع میں جائے پھر کھڑا ہو کر صرف لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَد پڑھے رکوع میں جائے پھر کھڑا ہو کر وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَد کہہ کر رکوع میں جائے پھر دو سجدے بجالائے اور اس کے بعد کھڑا ہو کر دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح پڑھے آخر میں تشہد وسلام پڑھ کر ختم کرے. (توضیح المسائل (۱) ص ۲۲۶، ۲۲۷. توضیح المسائل (۲): ص ۲۴۳)

﴿نماز عیدین﴾

نماز عید فطر اور نماز عید قربان کا وقت، سورج نکلنے سے ظہر تک ہے

عیدالفطر میں مستحب ہے کہ سورج نکلنے کے بعد افطار کرے زکوٰۃ فطرہ ادا کرے پھر نماز عید فطر بجالائے.

یہ نماز دو رکعت ہے پہلی رکعت میں سورۂ حمد و سورۂ اعلیٰ کے بعد پانچ (۵) تکبیریں کہے ہر تکبیر کے بعد قنوت پڑھے پانچویں قنوت کے بعد پھر تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے دو سجدے بجالائے اس کے بعد کھڑا ہو کر دوسری رکعت میں سورۂ حمد و شمس پڑھے چار (۴) تکبیریں کہے ہر تکبیر کے بعد قنوت پڑھے پانچویں تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے پھر تشہد و سلام پڑھ کر نماز تمام کرے.

❁ **دعائے قنوت:** نماز عید کے ہر قنوت میں جو دعا بھی پڑھے کافی ہے لیکن ثواب کی نیت سے حسب ذیل دعا کا پڑھنا بہتر ہے:

اَللّٰھُمَّ اَھْلَ الْکِبْرِیَآءِ وَالْعَظَمَۃِ وَ اَھْلَ الْجُوْدِ
وَالْجَبَرُوْتِ وَ اَھْلَ الْعَفْوِ وَ الرَّحْمَۃِ وَ اَھْلَ التَّقْوٰی
وَ الْمَغْفِرَۃِ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ
لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدًا وَّلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ
ذُخْرًا وَّ شَرَفاً وَّ کَرَامَۃً وَّمَزِیْدًا اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ
اَدْخَلْتَ فِیْهِ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ
کُلِّ سُوْٓءٍ اَخْرَجْتَ مِنْهُ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ
صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ
مَاسَئَلَکَ بِهٖ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ وَ اَعُوْذُ بِکَ
مِمَّااسْتَعَاذَ مِنْهُ عِبَادُکَ الْمُخْلَصُوْنُ.

(توضیح المسائل (۱):ص ۲۲۸۔توضیح المسائل (۲):۲۴۴،۲۴۵۔ (مفاتیح (۲):ص ۴۰۵،۴۰۶۔زادالمعاد: اعمال شوال (بغیر صفحہ نمبر)

﴿اعمال وادعیہ عیدنوروز = ۲۱/مارچ﴾

اس دن ۳۶۶ مرتبہ یہ دعا پڑھے: یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالْ. (تحفۃ العوام مستند مقبول: ص ۳۸۲۔مفاتیح الجنان (۲) باقیات صالحات، باب سوم (حاشیہ): ص ۵۰۴ بحوالہ زادالمعاد)

حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص ان سات (۷) سوروں کو پڑھے گا وہ آئندہ سال تک تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا:

نمبر شمار	نام سورہ	سورہ نمبر	پارہ نمبر
﴿۱﴾	اِسرَآء	۱۷	۱۵
﴿۲﴾	نُور	۲۴	۱۸
﴿۳﴾	حَدِید	۵۷	۲۷
﴿۴﴾	حَشر	۵۹	۲۸
﴿۵﴾	صَف	۶۱	۲۸
﴿۶﴾	مَعَارِج	۷۰	۲۹
﴿۷﴾	اَعلٰی	۸۷	۳۰

﴿نماز عید نوروز کا طریقہ﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے معلّی بن خنیس سے فرمایا: غسل کرو، پاکیزہ کپڑے پہنو، خوشبو لگاؤ اور روزہ رکھو پھر نماز ظہرین اور ان کی نافلہ سے فراغت کے بعد دو، دو، رکعت کر کے چار رکعت نماز پڑھو پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد دس (۱۰) مرتبہ اِنَّآ اَنزَلنَاہُ، دوسری رکعت میں حمد کے بعد دس (۱۰) مرتبہ قُل یَآ اَیُّھَا الکَافِرُونَ، تیسری

رکعت میں حمد کے بعد دس (۱۰) مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد دس (۱۰) دس (۱۰) مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھو پھر سجدۂ شکر میں جا کر یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدِ نِ الْاَوْصِيَآءِ
الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ
صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ
عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مَحَمَّدٍ
وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِىْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِىْ فَضَّلْتَهٗ
وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِىْ
فِيْمَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَىَّ حَتّٰى لَآ اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَ
وَسِّعْ عَلَىَّ فِىْ رِزْقِىْ يَاذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ! اَللّٰهُمَّ
مَاغَابَ عَنِّىْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّىْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ

وَمَافَقَدْتُّ مِنْ شَیْءٍ فَلا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْهِ حَتّٰی

لَآ اَتَکَلَّفَ مَا لَآاَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَا الْجَلالِ

وَالْاِکْرَامِ! ایسا کرنے سے پچاس (۵۰) سال کے گناہ معاف ہوں

گےاور کثرت سے یہ پڑھو: یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ!

(مفاتیح (۲): باب۲ فصل ۱۱، اعمال عید نوروز: ص ۴۹۴، ۴۹۵)

﴿نماز شب کے فضائل﴾

نماز شب سے متعلق بہت زیادہ احادیث وارد ہوئی ہیں اختصار کے باعث ذیل میں صرف دو حدیثیں پیش کی جارہی ہیں:

﴿**حدیث نمبر ۱**﴾ مفاتیح الجنان میں لکھا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب سے فرمایا: جب کوئی سوتا ہے تو شیطان اس کی پشت پر تین گرہیں لگا دیتا ہے اور ہر گرہ کو لگاتے ہوئے کہتا ہے: عَلَیْکَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ فَارْقُدْ: رات بہت طولانی ہے چین سے سوؤ. جب بندہ بیدار ہو کر ذکر خدا کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے، وضو کرتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے، جب نماز بھی پڑھ لیتا ہے تو تیسری

گرہ بھی کھل جاتی ہے پھر نشاط اور نفس کی پاکیزگی کے ساتھ صبح میں داخل ہوجاتا ہے ورنہ وہ اس حالت میں صبح کرتا ہے کہ خبیث النفس ہوتا ہے، کاہلی کرتا ہے. یہ حدیث کتب اہل سنت میں بھی موجود ہے.

﴿**حدیث نمبر ۲**﴾ قطب الدین راوندیؒ نے لکھا ہے: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی ماں حضرت مریم علیہا السلام کے مرنے کے بعد انھیں پکار کر پوچھا: مجھ سے باتیں کریں اور بتائیں کیا آپ دنیا میں واپس آنا چاہتی ہیں؟ فرمایا: ہاں! تاکہ میں سردی کی شدید ٹھنڈی راتوں میں نمازیں پڑھوں اور شدید گرمی کے دنوں میں روزے رکھوں بیٹے! یہ خطرناک راستہ ہے. [یعنی یہاں صرف وہی نیکیاں کام آتی ہیں جو زندگی میں دنیا میں انجام پاچکی ہوتی ہیں]. (گنجینۂ جواہر: ص ۲۱۷، ۲۱۸)

﴿دنیا میں نماز شب کے فوائد﴾

نماز شب میں بائیس (۲۲) خاصیت وفوائد ہیں ان میں سے گیارہ (۱۱) امور دنیا سے متعلق ہیں جو حسب ذیل ہیں:

﴿**فائدہ نمبر ۱**﴾ نمازی کا چہرہ نورانی ہوتا ہے لِاَنَّهُمْ خَلَّوا بِاللّٰهِ فَكَسَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ نُّوْرِهٖ: کیونکہ انھوں نے خدا کے ساتھ خلوت کی لہٰذا خدا نے انھیں اپنا نور عطا کیا.

﴿ فائدہ نمبر ۲ ﴾ نمازی ،لوگوں میں محبوب القلوب ہوتا ہے لوگ اس کی تائید کرتے ہیں جس عورت کا شوہر اس کی طرف مائل نہ ہو نماز شب کی برکت سے اسے بہت چاہنے لگتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۳﴾ نمازی کے لئے باعث شرف و بزرگی ہے.

﴿فائدہ نمبر ۴﴾ نمازی کے بدن میں درد سے نجات کا باعث ہے.

﴿فائدہ نمبر ۵﴾ نمازی کے لئے دن میں تقویت کا باعث ہے.

﴿فائدہ نمبر ٦﴾ نمازی، خوشبودار، خوش اخلاق، خوبصورت بنتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۷﴾ نمازی کا غم ،زائل ہوتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۸﴾ نمازی کا قرض، ادا ہو جاتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۹﴾ نمازی کی روزی میں وسعت و برکت ہوتی ہے.

﴿فائدہ نمبر ۱۰﴾ نمازی کی آنکھوں کے لئے جلا و صفا کا باعث ہے.

﴿فائدہ نمبر ۱۱﴾ نمازی کے بدن، اعضاء و جوارح کی صحت کا باعث ہے.

اس کے بعد آقائے احمدیان نے تحریر فرمایا: نمازی کی عمر بھی زیادہ ہوتی ہے. [یہ بھی ایک دنیاوی فائدہ ہے جیسا کہ مراجع عظام کی عمریں عام طور سے زیادہ ہوتی ہیں، انھیں اپنے حافظہ اور ہوش و حواس پر مکمل کنٹرول ہوتا ہے بلکہ زندگی کے آخری لمحات تک وہ فتوے بھی صادر کرتے رہتے ہیں].

آخرت میں نماز شب کے فوائد

نماز شب میں بائیس (۲۲) خاصیت وفوائد ہیں ان میں سے گیارہ (۱۱) امور آخرت سے متعلق ہیں جو حسب ذیل ہیں:

﴿فائدہ نمبر ۱﴾ نمازی مقام محمود تک پہونچتا ہے. خدا کا ارشاد ہے: وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّکَ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَاماً مَّحْمُوْدًا: اور رات کے خاص حصے میں نماز تہجد پڑھا کرو یہ سنت تمھاری (خاص) فضیلت ہے قریب ہے کہ قیامت کے دن خدا تم کو مقام محمود تک پہونچادے. (سورۂ بنی اسرائیل: ۷۹/۱۷۔ف)

مقام محمود سے گناہگاروں کی شفاعت، مراد ہے یا جنت میں ایک جگہ کا نام ہے.

﴿فائدہ نمبر ۲﴾ پہلے نمازی، جنت میں داخل ہوجائے گا پھر خدا سارے خلائق کے حساب میں مشغول ہوگا.

﴿فائدہ نمبر ۳﴾ نماز شب کی وجہ سے خدا، فرشتوں پر فخر ومباہات کرتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۴﴾ نمازی کے گناہوں کا کفارہ ہے.

﴿فائدہ نمبر ۵﴾ نمازی اس آیت کا مصداق بنتا ہے: وَالذَّاکِرِیْنَ اللّٰهَ کَثِیْرًا وَّ الذَّاکِرَاتِ: اور خدا کا بکثرت ذکر کرنے

والے مرد اور عورتیں (اللہ نے ان سب کے لئے مغفرت اور عظیم اجر مہیا کر رکھا ہے)۔(سورۂ احزاب:۳۳/۳۵۔حجؒ)

﴿فائدہ نمبر ۶﴾ نمازی کے جواب میں خدا، لبیک کہتا ہے کیوں کہ وہ مجیب الدعوات ہے اور اپنے مخلص بندوں کی دعا، قبول فرماتا ہے، دل میں نور خدا، جاگزین ہوتا ہے اور اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں.

﴿فائدہ نمبر ۷﴾ نماز شب، آخرت کی زینت ہے جس طرح دنیا کی زینت، مال اور اولاد ہیں.

﴿فائدہ نمبر ۸﴾ قیامت میں نمازی کے چہرہ کا نور پانچ سو(۵۰۰) سال تک کی راہ کو نورانی کرے گا دوسری روایت میں ہے کہ تین ہزار سال کی راہ کو نورانی کرے گا!

﴿فائدہ نمبر ۹﴾ نمازی کے پیچھے فرشتوں کی سات (۷) صفیں کھڑی ہو جاتی ہیں ہر صف، مشرق سے مغرب تک ہوتی ہے ہر فرشتہ کی تعداد کے مطابق اس کا درجہ بلند ہوتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۱۰﴾ نمازی کے گھر سے اس طرح آسمان پر نور پہونچتا اور پھیلتا ہے جس طرح آسمان سے ستاروں کا نور، زمین پر روشنی پھیلاتا ہے.

﴿فائدہ نمبر ۱۱﴾ نماز شب، خداوند عالم کی عظیم خوشنودی کا باعث ہے. (گنجینۂ جواہر: ص ۲۱۴، ۲۱۵، بحوالۂ سراج المتہجدین: فاضل بسطامی: ص ۲)

نماز شب کا وقت

اس نماز کا وقت آدھی رات سے شروع ہوکر صبح صادق کے طلوع تک ہے اور صبح صادق سے جس قدر نزدیک ہو اتنا افضل و بہتر ہے. شیخ طوسیؒ نے فرمایا: نماز وتر کے قنوت کی دعائیں اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کا احصاء وشمار نہیں کیا جاسکتا ہے. (گوہر شب چراغ: فضائل نماز شب صفحہ ۸۶ کے بعد نمبر ۳۰)

آقائے بلاغی نے لکھا ہے: علماءؒ کے بقول اگر کسی کے ذمہ، قضا نمازیں ہوں تو آٹھ (۸) رکعت نماز شب کے بجائے اپنی قضا نمازیں پڑھنا جائز وکافی ہوگا. (کشکول بلاغی: ص ۲۲۰)

نماز شب کا طریقہ

اس نماز میں کل گیارہ (۱۱) رکعتیں ہیں جنھیں تین (۳) حصوں میں تقسیم کر کے الگ الگ نیت کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) نافلۂ شب: یہ آٹھ (۸) رکعتیں ہیں پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورۂ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورۂ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ پڑھے اس کے بعد بقیہ چھ (۶) رکعتوں میں حمد

کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے دو، دو رکعتوں پر سلام پڑھتا رہے تمام نماز شب میں صرف حمد پر بھی اکتفاء کرنا جائز ہے ہر دوسری رکعت میں قنوت، سنت ہے.

(۲) نافلۂ شفع: یہ دو رکعتیں ہیں دونوں رکعتوں میں حمد کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے تا کہ نماز وتر کے سورۂ توحید کو ملا کر تین (۳) مرتبہ پڑھنے سے ایک ختم قرآن کا ثواب ملے.

(۳) نماز وتر: یہ صرف ایک رکعت ہے ایک مرتبہ حمد اور ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے قنوت میں بایاں ہاتھ بلند کرے اس کی مخصوص دعا یا جو دعا چاہے پڑھے اور داہنے ہاتھ سے استغفار وغیرہ کو شمار کرتا جائے قنوت میں خوف خدا سے گریہ کرے اس کے قنوت میں ادعیہ واذکار کی ترتیب اس طرح ہے:

﴿۱﴾ دعائے قنوت.

﴿۲﴾ چالیس (۴۰) یا اس سے زیادہ زندہ و مردہ مومنین و مومنات کے لئے اس طرح استغفار کرے.

(۱) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِخُمَيْنِیْ (۲) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِخُوْئِیْ
(۳) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمَرْعَشِیْ (۴) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِگُلْپَائِگَانِیْ

(۵)اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِخَامِنَہْ اِیْ (دَامَ ظِلُّہُ الْعَالِی).

اگر چالیس (۴۰) کے لئے اس طرح دعا نہ کر سکے تو صرف ایک مرتبہ اس طرح دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُوْمِنِیْنَ وَ الْمُوْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتْ.

﴿۳﴾ستر (۷۰) مرتبہ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ.

﴿۴﴾سات (۷) مرتبہ: ھٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذِ بِکَ مِنَ النَّارِ.

﴿۵﴾تین سو (۳۰۰) مرتبہ: اَلْعَفْوَ ، اَلْعَفْوَ.

﴿۶﴾ایک مرتبہ: رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ.

پھر رکوع، سجدے اور سلام کے بعد تسبیح حضرت فاطمہ علیہا السلام پڑھے. مومنین کرام سے مودبانہ گذارش ہے کہ اس حقیر و گناہگار مؤلف (کرار حسین اظہری) کو بھی حیات و ممات میں دعائے خیر میں یاد رکھیں

میں شدت کے ساتھ آپ تمام مومنین کرام کی نیک دعاؤں کا محتاج ہوں.
(مفاتیح الجنان (۱): ص ۲۴۶ تا ۲۷۶، فصل ۴، حاشیہ باقیات صالحات۔
کشکول ممتاز: ص ۲۱۸۔ کشکول بلاغی: ص ۲۲۰۔ گنجینۂ جواہر: ص ۲۱۷، ۲۱۸)

نماز زیارت

دور سے زیارت پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دو رکعت نماز زیارت، نماز صبح کی طرح پڑھے اس کے بعد زیارت پڑھے اور اگر معصومؑ کی قبر مطہر کے پاس جا کر نزدیک سے زیارت پڑھے تو پہلے زیارت اس کے بعد نماز زیارت پڑھے. (سراج الشیعہ: ص ۳۲۱۔ گلزار اکبری: ص ۲۸)

وقت نماز زیارت

محدث قمیؒ فرماتے ہیں: علماء کے درمیان اس نماز کی تقدیم وتاخیر کے متعلق اختلاف ہے کچھ لوگ تقدیم کے قائل ہیں یعنی دور سے زیارت پڑھنے والا پہلے نماز زیارت پڑھے اس کے بعد زیارت میں مشغول ہو جیسا کہ بعض روایات کے مطابق علماء نے فتویٰ دیا محقق میر دامادؒ نے اپنی کتاب ''اربعۃ ایام'' میں فرمایا:

''جب زیارت دور سے پڑھی جائے، کسی معصوم علیہ السلام کے قبہ

کے نیچے نہ ہوتو نماز، زیارت پر مقدم ہے یہ حکم جناب رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) حضرت علی مرتضیٰ (علیہ السلام) اور دیگر ائمہ ھدیٰ (علیہم السلام) کی زیارت میں مطرد وشائع ہے یہ مسئلہ، خفایائے مسائل اور خفیات احکام سے ہے جب تک حدیث میں کسی کو پوری پوری مہارت نہ ہوگی وہ اس باریک نکتہ سے بے خبر ہوگا اسی لئے زمانے کے اکثر لوگ اس سے غافل ہیں۔"

اس کے بعد محدث قمیؒ نے لکھا ہے: اس قدر اصرار وصراحت کے باوجود بھی بعض علماء نے فرمایا: نمازِ زیارت کو زیارت کے بعد پڑھیں خواہ زیارت دور سے ہو یا نزدیک سے جیسا کہ فاضل محقق سبزواریؒ نے دعاؤں کی نفیس وبہترین کتاب "مفاتیح النجاۃ" میں اعمال محرم کو بیان کرتے ہوئے فرمایا: "عاشورا کے دن حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سنت ہے اور جو شخص حضرت کے روضہ پر حاضر نہ ہو سکے اس کے لئے زیارت کا طریقہ یہ ہے کہ چھت کی بلندی پر چلا جائے سو (۱۰۰) مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے پھر اس طرح زیارت شروع کرے: اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہ ... پھر دعائے سجدہ پڑھے اس کے بعد دو رکعت نماز زیارت امام حسین علیہ السلام بجا لائے البتہ بعض علماء کے نزدیک نماز پہلے ہے لیکن علماء کے درمیان صحیح اور مشہور یہ ہے کہ نمازِ زیارت ہر حال میں زیارت

کے بعد ہی پڑھے اس زیارت کا بہت ثواب ہے۔'' (انتھٰی)

﴿نماز زیارت کے متعلق علامہ مجلسیؒ کا نظریہ﴾

اس کے بعد محدث قمیؒ فرماتے ہیں: علماء کے درمیان نمازِ زیارت کے متعلق جو اختلاف ہے وہ اختلافِ اَخبار کے باعث ہے اسی لئے علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے فرمایا: ''بعید نہیں ہے کہ دور سے زیارت پڑھنے والا مخیّر ہو چاہے نماز پہلے پڑھے یا زیارت کے بعد اسے اختیار ہے۔'' (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: ص ۴۸، ۴۹، باب اول، بحوالہ ہدیۃ الزائرین: فصل ۶ ص ۱۷۵)

بحار میں ہے کہ شہید (رحمہ اللہ) نے کتاب ذکریٰ (آخر مبحث نفل الصلوات) میں فرمایا: ''ابن زہرہؒ نے فرمایا ہے: جو شخص اپنے شہر سے زیارت پڑھے وہ پہلے نماز زیارت پڑھے پھر اس کے بعد زیارت پڑھے۔'' اس کے بعد علامہ مجلسیؒ نے فرمایا: دور سے زیارت پڑھنے والے کو اختیار ہے پہلے نماز پڑھے یا بعد میں کیونکہ دونوں طرح کی روایات وارد ہوئی ہیں۔ (بحار: ۹۸/ ۳۷۰، ۳۷۱، باب ۳۲، ح ۱۴، کتاب المزار)

﴿نماز زیارت کے متعلق علامہ کرمانشاہیؒ کا نظریہ﴾

صاحب کتاب ''مقامع الفضل'' علامہ کرمانشاہیؒ ابن علامہ مجدد

آقائے بہبہانیؒ سے سوال کیا گیا: ''دور سے زیارت پڑھنے والا زیارت سے پہلے نمازِ زیارت پڑھے یا بعد میں؟'' جواب میں فرمایا: ''بنابر اظہر پہلے نمازِ زیارت پڑھے اور اگر زیارت کے بعد دوبارہ پھر نماز پڑھ لے تو بہتر ہے.'' (مقامع الفضل: ۱/۵۷۲، سوال نمبر ۵۵۵)

مؤلف: مَیں شب ہائے جمعہ میں پہلے زیارت عاشوراء پڑھتا ہوں پھر دو رکعت نماز زیارت اور اس کے بعد زیارت جامعۂ صغیرہ وزیارت وارث وغیرہ پڑھتا ہوں تا کہ نمازِ زیارت، دو زیارتوں کے درمیان میں واقع ہو اور اس طرح سے دونوں قولوں پر عمل ہو جاتا ہے یعنی زیارت سے پہلے بھی نماز ہو جاتی ہے اور زیارت کے بعد بھی نماز، انجام پا جاتی ہے.

طریقۂ نماز زیارت

نماز زیارت کم سے کم دو (۲) رکعت ہے اگر نزدیک سے زیارت کرے تو نماز کا بالائے سر بجالانا بہتر ہے نیز پہلی رکعت میں سورۂ یٰس اور دوسری میں سورۂ رَحمٰن کا پڑھنا مستحب اور افضل ہے اس کے بعد وہ مخصوص دعا پڑھے جو حضرات معصومین علیہم السلام سے وارد ہوئی ہو پھر اپنے اور دوسروں کے لئے دین و دنیا کی بھلائی کی خاطر دعا کرے کیوں کہ اجابت سے بہت قریب ہے. (آثار و فوائد زیارت عاشوراء: ص ۵۰،

باب اول، بحوالہ ہدیۃ الزائرین: فصل اول، ص ۱۶)

البتہ اگر خدا اپنے فضل وکرم سے نوازے یہ توفیق دے کہ مومنین کرام نزدیک سے معصومین علیہم السلام کی زیات سے مشرف ہوں تو کم سے کم ایک مرتبہ نمازِ زیارت، سورۂ یٰس ورَحمٰن کے ساتھ ضرور پڑھ لیں یہ دونوں زبانی یاد نہ ہوں تو قرآن مجید یا دعاؤں کی کتاب جس میں یہ سورے لکھے ہوں یا خود یہی کتابِ حاضر ہاتھ میں لیکر دیکھ کر پڑھیں اوائل حاشیۂ مفاتیح میں ہے کہ ایک مرتبہ سورۂ یٰس پڑھنا بارہ (۱۲) مرتبہ قرآن ختم کرنے کے برابر ہے، پڑھتے وقت عجیب روحانی لذت حاصل ہوگی مجھ حقیر کو بھی اپنی پُرخلوص دعائے خیر میں فراموش نہ فرمائیں.

ایران خراسان مشہد مقدس میں غریب الغرباء امام علیہ السلام کی مبارک ضریح کے پاس چوبیس (۲۴) گھنٹے زائرین کرام ہاتھوں میں مفاتیح وغیرہ لے کر، دیکھ دیکھ کر دونوں سورے پڑھتے ہیں اس ملکوتی بارگاہ میں فرشتوں کے ساتھ ہر طرف سے شیعوں کی عبادت، زیارت اور تلاوت کی پُرکیف ولذت بخش آواز آتی رہتی ہے. (آثار وفوائد زیارت عاشوراء: ص ۵۰، ۵۱، باب اول)

٦

باب ششم

درزیارات

﴿قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام﴾

اِسْتَنْزِلُوا الرِّزْقَ بِالصَّدَقَةِ

روزی کے نزول کا انتظام، صدقہ کے ذریعہ سے کرو.

(نہج البلاغہ، حکم ومواعظ، حکمت نمبر ۱۳۷، ص ۶۸۰، ۶۸۱۔ ج)

باب ششم

درزیارات

چہاردہ معصومین علیہم السلام کی زیارتیں

حضرت امام علی رِضا علیہ السلام نے بزنطیؓ سے فرمایا: نماز کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس طرح صلوات بھیجو اور ان پر سلام کرو:

زیارت نمبر ۱

زیارت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا خِیَرَۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفْوَۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآاَمِیْنَ

اللّٰـهِ اَشْهَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مُحَمَّدُ
بْـنُ عَبْـدِ اللّٰـهِ وَاَشْهَـدُ اَنَّکَ قَدْ نَصَحْتَ لِاُمَّتِکَ
وَجَـاهَـدْتَّ فِـیْ سَبِیْـلِ رَبِّکَ وَعَبَـدْتَّهٗ حَتّٰی اَتَاکَ
الْیَـقِیْـنُ فَجَزَاکَ اللّٰهُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اَفْضَلَ مَاجَزٰی
نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ
عَلٰـیٰٓ اِبْـرَاهِیْـمَ وَ آلِ اِبْـرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ. (مفاتیح الجنان (۱): باب اول، فصل ۵ ص ۹۹)

﴿زیارت نمبر ۲﴾

﴿زیارت جناب فاطمہ زہراء علیہا السلام﴾

علامہ مجلسیؒ نے سید ابن طاؤسؒ سے نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ زیارت پڑھ کر خدا سے بخشش کی دعا کرے گا خداوند عالم اس کے گناہ بخش دے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا یہ زیارت مختصر و معتبر ہے ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے. (منتہی الآمال: ۱/۱۴۱، باب دوم، فصل ۳)

اقبال میں ہے کہ ۳ر جُمادی الثانیہ کو شہزادی کی شہادت کے دن یہ زیارت پڑھے. (اقبال: ص۱۰۹، ۱۱۰، باب ۶)

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَاوَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَی النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا. ﴿پھر کہے:﴾ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اَمَتِکَ وَ ابْنَتِ نَبِیِّکَ وَزَوْجَةِ وَصِیِّ نَبِیِّکَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ زُلْفٰی عِبَادِکَ الْمُکَرَّمِیْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ اَهْلِ الْاَرَضِیْنَ . (مفاتیح الجنان (۱): باب دوم، فصل ۱۰، ص ۵۳۹، ۵۴۰)

﴿زیارت نمبر ۳﴾

﴿زیارات ائمہ معصومین علیہم السلام﴾

زیارت جامعہ: یہ وہ زیارت ہے جو بارہ (۱۲) اماموں میں

سے ہر ایک امامؑ کے لئے پڑھی جا سکتی ہے بلکہ تمام انبیاء (ع) اور اوصیاء (ع) کے لئے بھی اس کا پڑھنا کافی ہے اس زیارت کو شیخ صدوقؒ نے کتاب فقیہ میں حضرت امام علی رِضا علیہ السلام سے نقل کیا ہے اور یہ کافی، تہذیب و کامل الزیارات میں بھی موجود ہے:

اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اَوْلِیَآءِ اللّٰهِ وَاَصْفِیَآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اُمَنَآءِ
اللّٰهِ وَاَحِبَّآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰٓی اَنْصَارِ اللّٰهِ وَخُلَفَآئِهٖ
اَلسَّلَامُ عَلٰی مَحَالِّ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَسَاكِنِ
ذِكْرِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مُظْهِرِیْ اَمْرِ اللّٰهِ وَ نَهْیِهٖ
اَلسَّلَامُ عَلَی الدُّعَاةِ اِلَی اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَی
الْمُسْتَقِرِّیْنَ فِیْ مَرْضَاتِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَی
الْمُخْلِصِیْنَ فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْاَدِلَّآءِ عَلَی
اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَی الَّذِیْنَ مَنْ وَّالَاهُمْ فَقَدْ وَالَی اللّٰهَ
وَمَنْ عَادَاهُمْ فَقَدْ عَادَی اللّٰهَ وَمَنْ عَرَفَهُمْ فَقَدْ عَرَفَ

اللّٰہَ وَمَنْ جَهِلَهُمْ فَقَدْ جَهِلَ اللّٰهَ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِهِمْ

فَقَدِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ وَمَنْ تَخَلّٰى مِنْهُمْ فَقَدْ تَخَلّٰى مِنَ

اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاُشْهِدُ اللّٰهَ اَنِّیْ سِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمْتُمْ وَ

حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبْتُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّكُمْ وَعَلَانِيَتِكُمْ

مُفَوِّضٌ فِیْ ذَالِکَ كُلِّهٖ اِلَيْكُمْ لَعَنَ اللّٰهُ عَدُوَّ آلِ

مُحَمَّدٍ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَاَبْرَءُ اِلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ.

(مفاتیح الجنان (۲): ص۸۹۹، ۹۰۰، باب سوم، مقام اول، زیارت اول۔ ہدیۃ الزائرین: ص۳۷۸، ۳۷۹، باب۸، فصل اول)

﴿زیارت نمبر۴﴾

﴿زیارت عاشورائے معروفہ﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآاَبَاعَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخِيَرَةَاللّٰهِ وَابْنَ

خِيَرَتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ابْنَ

سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ

نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا ثَارَاللّٰهِ وَابْنَ

ثَارِهِ وَ الْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ وَ عَلَى

الْاَرْوَاحِ الَّتِىْ حَلَّتْ بِفِنَآئِکَ عَلَيْکُمْ مِّنِّىْ جَمِيْعاً

سَلَامُ اللّٰهِ اَبَداً مَّابَقِيْتُ وَبَقِىَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ

يَآاَبَاعَبْدِ اللّٰهِ لَقَدْ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّتْ

وَعَظُمَتِ الْمُصِيْبَةُ بِکَ عَلَيْنَا وَعَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ

الْاِسْلَامِ وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتْ مُصِيْبَتُکَ فِى

السَّمٰوَاتِ عَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ فَلَعَنَ اللّٰهُ

اُمَّةً اَسَّسَتْ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ عَلَيْکُمْ اَهْلَ

الْبَيْتِ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً دَفَعَتْکُمْ عَنْ مَّقَامِکُمْ

وَاَزَالَتُكُمْ عَنْ مَّرَاتِبِكُمُ الَّتِىْ رَتَّبَكُمُ اللّٰهُ فِيْهَا

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ وَلَعَنَ اللّٰهُ الْمُمَهِّدِيْنَ لَهُمْ

بِالتَّمْكِيْنِ مِنْ قِتَالِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلَيْكُمْ

مِنْهُمْ وَمِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ وَاَوْلِيَآئِهِمْ يَآ اَبَا

عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّىْ سِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَكُمْ وَحَرْبٌ لِّمَنْ

حَارَبَكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَلَعَنَ اللّٰهُ آلَ زِيَادٍ وَّ

آلَ مَرْوَانَ وَلَعَنَ اللّٰهُ بَنِىْ اُمَيَّةَ قَاطِبَةً وَّلَعَنَ اللّٰهُ

ابْنَ مَرْجَانَةَ وَلَعَنَ اللّٰهُ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَّلَعَنَ اللّٰهُ

شِمْراً وَّلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَاَلْجَمَتْ وَتَنَقَّبَتْ

لِقِتَالِكَ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ لَقَدْ عَظُمَ مُصَابِىْ بِكَ

فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِىْ اَكْرَمَ مَقَامَكَ وَاَكْرَمَنِىْ بِكَ

اَنْ يَّرْزُقَنِىْ طَلَبَ ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ مَّنْصُوْرٍ مِّنْ اَهْلِ

بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ

عِنْدَكَ وَجِيْهاً بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِى الدُّنْيَا

وَالْاٰخِرَةِ يَآاَبَاعَبْدِ اللّٰهِ! اِنِّىْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلٰى

رَسُوْلِهٖ وَاِلٰى اَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ وَاِلٰى فَاطِمَةَ وَ اِلَى

الْحَسَنِ وَاِلَيْکَ بِمُوَالَاتِکَ وَبِالْبَرَآئَةِ مِمَّنْ قَاتَلَکَ

وَنَصَبَ لَکَ الْحَرْبَ وَ بِالْبَرَآئَةِ مِمَّنْ

اَسَّسَ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَ الْجَوْرِ عَلَيْكُمْ وَ اَبْرَءُ اِلَى

اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ ذَالِکَ وَ بَنٰى

عَلَيْهِ بُنْيَانَهٗ وَجَرٰى فِىْ ظُلْمِهٖ وَجَوْرِهٖ عَلَيْكُمْ

وَعَلٰى اَشْيَاعِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكُمْ مِّنْهُمْ

وَاَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوَالَاتِكُمْ وَمُوَالَاةِ

وَلِيِّكُمْ وَبِالْبَرَآئَةِ مِنْ اَعْدَآئِكُمْ وَالنَّاصِبِيْنَ لَكُمُ

اَلْحَرْبَ وَبِالْبَرَآئَةِ مِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَ اَتْبَاعِهِمْ اِنِّیْ

سِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمَكُمْ وَ حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَكُمْ وَ

وَلِیٌّ لِّمَنْ وَّالَاكُمْ وَ عَدُوٌّ لِّمَنْ عَادَاكُمْ فَاَسْئَلُ

اللّٰهَ الَّذِیْ اَكْرَمَنِیْ بِمَعْرِفَتِكُمْ وَ مَعْرِفَةِ اَوْلِيَآئِكُمْ

وَ رَزَقَنِیَ الْبَرَآئَةَ مِنْ اَعْدَآئِكُمْ اَنْ يَّجْعَلَنِیْ مَعَكُمْ

فِی الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَنْ يُّثَبِّتَ لِیْ عِنْدَكُمْ قَدَمَ

صِدْقٍ فِی الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَسْئَلُهٗ اَنْ يُّبَلِّغَنِیْ

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَ اَنْ يَّرْزُقَنِیْ

طَلَبَ ثَارِكُمْ مَعَ اِمَامٍ هُدًیً (مَّهْدِیٍّ) ظَاهِرٍ نَّاطِقٍ

بِالْحَقِّ مِنْكُمْ وَ اَسْئَلُ اللّٰهَ بِحَقِّكُمْ وَ بِالشَّاْنِ

الَّذِیْ لَكُمْ عِنْدَهٗ اَنْ يُّعْطِيَنِیْ بِمُصَابِیْ بِكُمْ اَفْضَلَ

مَا يُعْطِیْ مُصَاباً بِمُصِيْبَتِهٖ مُصِيْبَةً مَآاَعْظَمَهَا وَ

اَعْظَمَ رَزِيَّتَهَا فِى الْاِسْلَامِ وَ فِى جَمِيْعِ السَّمٰوَاتِ

وَ الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ فِىْ مَقَامِىْ هٰذَا مِمَّنْ

تَنَالُهٗ مِنْکَ صَلَوَاتٌ وَّ رَحْمَةٌ وَّ مَغْفِرَةٌ اَللّٰهُمَّ

اجْعَلْ مَحْيَایَ مَحْيَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ

مَمَاتِىْ مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا

يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهٖ بَنُوْ اُمَيَّةَ وَابْنُ آكِلَةِ الْاَكْبَادِ

اللَّعِيْنُ ابْنُ اللَّعِيْنِ عَلٰى لِسَانِکَ وَ لِسَانِ نَبِيِّکَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ فِىْ كُلِّ مَوْطِنٍ وَّ مَوْقِفٍ

وَقَفَ فِيْهِ نَبِيُّکَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ اَللّٰهُمَّ

الْعَنْ اَبَاسُفْيَانَ وَ مُعَاوِيَةَ وَ يَزِيْدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ

عَلَيْهِمْ مِّنْکَ اللَّعْنَةُ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَ هٰذَا يَوْمٌ

فَرِحَتْ بِهٖ آلُ زِيَادٍ وَّ آلُ مَرْوَانَ بِقَتْلِهِمُ الْحُسَيْنَ

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ فَضَاعِفْ عَلَيْهِمُ اللَّعْنَ
مِنْکَ وَالْعَذَابَ الْاَلِيْمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْکَ
فِیْ هٰذَا الْيَوْمِ وَ فِیْ مَوْقِفِیْ هٰذَا وَ اَيَّامِ حَيٰوتِیْ
بِالْبَرَآئَةِ مِنْهُمْ وَاللَّعْنَةِ عَلَيْهِمْ وَ بِالْمُوَالَاتِ
لِنَبِيِّکَ وَ آلِ نَبِيِّکَ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ .

﴿اس کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ کہو﴾

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ
مُحَمَّدٍ وَّ آخِرَ تَابِعٍ لَّهٗ عَلٰی ذٰلِکَ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ
الْعِصَابَةَ الَّتِیْ جَاهَدَتِ الْحُسَيْنَ وَ شَايَعَتْ وَ
بَايَعَتْ وَ تَابَعَتْ عَلٰی قَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيْعاً.

﴿اس کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ کہو﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَ عَلَی الْاَرْوَاحِ

الَّتِیْ حَلَّتْ بِفِنَآئِکَ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَداً
مَّابَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ وَ لَاجَعَلَهُ اللّٰهُ آخِرَ
الْعَهْدِ مِنِّیْ لِزِیَارَتِکُمْ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ وَ
عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی اَوْلَادِ الْحُسَیْنِ
وَعَلٰی اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ.

﴿اس کے بعد کہو﴾

اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّیْ وَابْدَءْ بِهٖ
اَوَّلاً ثُمَّ الثَّانِیَ وَ الثَّالِثَ وَالرَّابِعَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ یَزِیْدَ
خَامِساً وَّ الْعَنْ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ زِیَادٍ وَّابْنَ مَرْجَانَةَ
وَعُمَرَبْنَ سَعْدٍ وَّ شِمْراً وَّ آلَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَ آلَ
زِیَادٍ وَّ آلَ مَرْوَانَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ.

﴿پھر سجدہ میں جا کر کہو﴾

اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ عَلٰی
مُصَابِهِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی عَظِیْمِ رَزِیَّتِیْ اَللّٰهُمَّ
ارْزُقْنِیْ شَفَاعَةَ الْحُسَیْنِ یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَ ثَبِّتْ لِیْ
قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ وَ اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ
الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُهَجَهُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ .

❁ ❁ ❁ ❁ ❁

﴿زیارت نمبر ۵﴾

﴿زیارت مخصوص اربعین: چہلم﴾

ماہ صفر کی بیسویں تاریخ کو حضرت امام حسین علیہ السلام کے چالیسویں کی مناسبت سے یہ زیارت پڑھیں، جناب شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے کتاب تہذیب و مصباح میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا: مومن کی پانچ (۵) علامتیں ہیں: (۱) اِکاوَن (۵۱) رکعت نماز پڑھنا جن میں سترہ (۱۷) رکعت واجب ہیں اور شب و روز کی چونتیس (۳۴) رکعت نافلہ بھی شامل ہیں (۲) زیارت اربعین

پڑھنا (۳) داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا (۴) سجدہ میں خاک پر پیشانی رکھنا (۵) بلند آواز سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھنا.

مذکورہ دونوں کتابوں میں صفوان جمالؓ سے روایت ہے کہ مجھ سے میرے مولا وآقا حضرت صادق علیہ السلام نے زیارت اربعین کے متعلق ارشاد فرمایا: ''جب دن بلند ہو جائے تو یہ زیارت پڑھو اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت طلب کرو.''

اَلسَّلَامُ عَلٰی وَلِیِّ اللّٰہِ وَ حَبِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی
خَلِیْلِ اللّٰہِ وَ نَجِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی صَفِیِّ اللّٰہِ وَابْنِ
صَفِیِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ الْمَظْلُوْمِ الشَّھِیْدِ
اَلسَّلَامُ عَلٰی اَسِیْرِ الْکُرُبَاتِ وَ قَتِیْلِ الْعَبَرَاتِ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّہٗ وَلِیُّکَ وَابْنُ وَلِیِّکَ وَ
صَفِیُّکَ وَابْنُ صَفِیِّکَ الْفَآئِزُ بِکَرَامَتِکَ
اَکْرَمْتَہٗ بِالشَّھَادَۃِ وَ حَبَوْتَہٗ بِالسَّعَادَۃِ وَاجْتَبَیْتَہٗ

بِطِيْبِ الْوِلَادَةِ وَ جَعَلْتَهٗ سَيِّداً مِّنَ السَّادَةِ وَ
قَآئِداً مِّنَ الْقَادَةِ وَ ذَآئِداً مِّنَ الذَّادَةِ وَ اَعْطَيْتَهٗ
مَوَارِيْثَ الْاَنْبِيَآءِ وَ جَعَلْتَهٗ حُجَّةً عَلٰى خَلْقِكَ مِنَ
الْاَوْصِيَآءِ فَاَعْذَرَ فِى الدُّعَآءِ وَ مَنَحَ النُّصْحَ وَ
بَذَلَ مُهْجَتَهٗ فِيْكَ لِيَسْتَنْقِذَ عِبَادَكَ مِنَ الْجَهَالَةِ
وَ حَيْرَةِ الضَّلَالَةِ وَ قَدْتَوَازَرَ عَلَيْهِ مَنْ غَرَّتْهُ الدُّنْيَا
وَ بَاعَ حَظَّهٗ بِالْاَرْذَلِ الْاَدْنٰى وَ شَرٰى آخِرَتَهٗ
بِالثَّمَنِ الْاَوْكَسِ وَ تَغَطْرَسَ وَ تَرَدّٰى فِىْ هَوَاهُ وَ
اَسْخَطَكَ وَ اَسْخَطَ نَبِيَّكَ وَ اَطَاعَ مِنْ
عِبَادِكَ اَهْلَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ حَمَلَةَ الْاَوْزَارِ
الْمُسْتَوْجِبِيْنَ النَّارَ فَجَاهَدَهُمْ فِيْكَ صَابِراً
مُّحْتَسِباً حَتّٰى سُفِكَ فِى طَاعَتِكَ دَمُهٗ وَاسْتُبِيْحَ

حَرِيْمُهٗ اَللّٰهُمَّ فَالْعَنْهُمْ لَعْناً وَّبِيْلاً وَّ عَذِّبْهُمْ عَذَاباً

اَلِيْماً اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَابْنَ سَيِّدِ الْاَوْصِيَآءِ اَشْهَدُ اَنَّکَ اَمِيْنُ

اللّٰهِ وَابْنُ اَمِيْنِهٖ عِشْتَ سَعِيْداً وَّ مَضَيْتَ حَمِيْداً

وَّ مُتَّ فَقِيْداً مَّظْلُوْماً شَهِيْداً وَّ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ

مُنْجِزٌ مَّاوَعَدَکَ وَ مُهْلِکٌ مَّنْ خَذَلَکَ وَ

مُعَذِّبٌ مَّنْ قَتَلَکَ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ

اللّٰهِ وَ جَاهَدْتَّ فِی سَبِيْلِهٖ حَتّٰی اَتٰيکَ الْيَقِيْنُ

فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ظَلَمَکَ وَ

لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِکَ فَرَضِيَتْ بِهٖ اَللّٰهُمَّ

اِنِّیْ اُشْهِدُکَ اَنِّیْ وَلِیٌّ لِّمَنْ وَّالَاهُ وَ عَدُوٌّ لِّمَنْ

عَادَاهُ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَشْهَدُ

اَنَّکَ کُنْتَ نُوْراً فِی الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ
وَ الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْکَ الْجَاهِلِيَّةُ
بِاَنْجَاسِهَا وَ لَمْ تُلْبِسْکَ الْمُدْلَهِمَّاتُ مِنْ ثِيَابِهَا
وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مِنْ دَعَآئِمِ الدِّيْنِ وَ اَرْکَانِ
الْمُسْلِمِيْنَ وَ مَعْقِلِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ
الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِیُّ الرَّضِیُّ الزَّکِیُّ الْهَادِی الْمَهْدِیُّ
وَ اَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِکَ کَلِمَةُ التَّقْوٰی وَ
اَعْلَامُ الْهُدٰی وَ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی وَالْحُجَّةُ عَلٰی اَهْلِ
الدُّنْيَا وَ اَشْهَدُ اَنِّیْ بِکُمْ مُّؤْمِنٌ وَّ بِاِيَابِکُمْ مُّوْقِنٌ
بِشَرَآئِعِ دِيْنِیْ وَ خَوَاتِيْمِ عَمَلِیْ وَ قَلْبِیْ لِقَلْبِکُمْ
سِلْمٌ وَّ اَمْرِیْ لِاَمْرِکُمْ مُّتَّبِعٌ وَّ نُصْرَتِیْ لَکُمْ
مُّعَدَّةٌ حَتّٰی يَاْذَنَ اللّٰهُ لَکُمْ فَمَعَکُمْ مَعَکُمْ لَا مَعَ

عَدُوِّكُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ عَلٰى اَرْوَاحِكُمْ وَ

اَجْسَادِكُمْ وَ شَاهِدِكُمْ وَ غَآئِبِكُمْ وَ ظَاهِرِكُمْ وَ

بَاطِنِكُمْ آمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنْ . (مفاتیح، باب سوم، زیارات مخصوصہ امام حسینؑ، ہشتم زیارت اربعین)

﴿زیارت نمبر ٦﴾

﴿زیارت مخصوص نیمہ شعبان: شب برات﴾

پندرہ (۱۵) شعبان المعظم کی زیارت کی فضیلت میں بہت زیادہ روایات وارد ہوئی ہیں، شیخ کفعمیؒ نے کتاب بلد الامین میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ قبر مبارک امام حسین علیہ السلام کے پاس کھڑے ہو کر اس طرح زیارت پڑھو:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ

الصَّالِحُ الزَّكِيُّ اُوْدِعُكَ شَهَادَةً مِّنِّيْ لَكَ

تُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِ شَفَاعَتِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ

قُتِلْتَ وَ لَمْ تَمُتْ بَلْ بِرَجَآءِ حَيٰوتِكَ حَيِيَتْ

قُلُوْبُ شِیْعَتِکَ وَ بِضِیَآءِ نُوْرِکَ اهْتَدٰی
الطَّالِبُوْنَ اِلَیْکَ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ نُوْرُ اللّٰهِ الَّذِیْ
لَمْ یُطْفَأْ وَ لَایُطْفَأُ اَبَداً وَّ اَنَّکَ وَجْهُ اللّٰهِ الَّذِیْ
لَمْ یَهْلِکْ وَ لَا یُهْلَکُ اَبَداً وَّ اَشْهَدُ اَنَّ هٰذِهِ
التُّرْبَةَ تُرْبَتُکَ وَ هٰذَا الْحَرَمَ حَرَمُکَ وَ
هٰذَالْمَصْرَعَ مَصْرَعُ بَدَنِکَ لَاذَلِیْلَ وَاللّٰهِ مُعِزُّکَ
وَ لَامَغْلُوْبَ وَاللّٰهِ نَاصِرُکَ هٰذِهِ شَهَادَةٌ لِّیْ عِنْدَکَ
اِلٰی یَوْمِ قَبْضِ رُوْحِیْ بِحَضْرَتِکَ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ
اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ. (مفاتیح: باب سوم، زیارت مخصوصہ امام حسینؑ، سوم: زیارت نیمۂ شعبان)

﴿زیارت نمبر ۷﴾

﴿زیارت امام حسین علیہ السلام مخصوص شبہائے قدر﴾

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُوْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَابْنَ الصِّدِّيْقَةِ الطَّاهِرَةِ فَاطِمَةَ

سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَامَوْلَایَ يَآاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

اَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ آتَيْتَ

الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ

الْمُنْكَرِ وَ تَلَوْتَ الْكِتَابَ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ وَجَاهَدْتَّ

فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَی الْاَذٰی فِیْ

جَنْبِهٖ مُحْتَسِباً حَتّٰی اَتَاکَ الْيَقِيْنُ اَشْهَدُ اَنَّ

الَّذِيْنَ خَالَفُوْکَ وَ حَارَبُوْکَ وَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْکَ

مَلْعُوْنُوْنَ عَلٰی لِسَانِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ قَدْخَابَ مَنِ

افْتَرٰی لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمْ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ

وَ الْاٰخِرِیْنَ وَ ضَاعَفَ عَلَیْهِمُ الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ

اَتَیْتُکَ یَامَوْلَایَ! یَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ! زَآئِراً عَارِفاً

بِحَقِّکَ مُوَالِیاً لِّاَوْلِیَآئِکَ مُعَادِیاً لِّاَعْدَآئِکَ

مُسْتَبْصِراً بِالْهُدَی الَّذِیْ اَنْتَ عَلَیْهِ عَارِفاً

بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ

﴿۰۰۰﴾ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحُجَّةَ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ

وَسَمَآئِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی رُوْحِکَ الطَّیِّبِ وَ

جَسَدِکَ الطَّاهِرِ وَ عَلَیْکَ السَّلَامُ یَامَوْلَایَ وَ

رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ.

❁ اس کے بعد دو رکعت نمازِ زیارت پڑھیں پھر اس طرح حضرت علی اکبر علیہ السلام کی زیارت پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامَوْلَایَ وَابْنَ مَوْلَایَ وَ رَحْمَةُ

اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ظَلَمَكَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ

مَنْ قَتَلَكَ وَضَاعَفَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ.

❁ ﴿پھر دعا کر کے شہدائے کربلا (علیہم السلام) کی زیارت پڑھیں﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اَيُّهَا الشُّهَدَآءُ الصَّابِرُوْنَ اَشْهَدُ اَنَّكُمْ جَاهَدْتُّمْ فِىْ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ صَبَرْتُمْ عَلَى الْاَذٰى فِىْ جَنْبِ اللّٰهِ

وَ نَصَحْتُمْ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ حَتّٰٓى اَتٰيكُمُ الْيَقِيْنُ

اَشْهَدُ اَنَّكُمْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّكُمْ تُرْزَقُوْنَ فَجَزَاكُمُ

اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ وَ اَهْلِهٖ اَفْضَلَ جَزَآءِ الْمُحْسِنِيْنَ

وَ جَمَعَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ فِىْ مَحَلِّ النَّعِيْمِ.

❁ ﴿اس کے بعد حضرت عباس علیہ السلام کی زیارت پڑھیں﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ

عَلَیْکَ اَیُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِیْعُ لِلّٰهِ وَ
لِرَسُوْلِهٖ اَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْ جَاهَدْتَّ وَ نَصَحْتَ وَ
صَبَرْتَ حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِیْنَ لَکُمْ
مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَ اَلْحَقَهُمْ بِدَرْکِ الْجَحِیْمِ.

(مفاتیح (۱): باب سوم، زیارات مخصوصۂ امام حسین علیہ السلام چہارم زیارت شبہائے قدر، ص ۸۱۱ تا ۸۱۳)

﴿زیارت نمبر ۸﴾

﴿زیارت امام حسین علیہ السلام مخصوص عیدین﴾

علمائے اعلام نے عید فطر اور عید قربان کے لئے دو (۲) زیارتیں نقل کی ہیں ایک وہی زیارت جو اس سے پہلے گذر چکی (زیارت مخصوص شبہائے قدر، صفحہ ۳۳۹) اور دوسری یہ زیارت جو یہاں نقل کی جارہی ہے کلمات وعبارات علماء سے ظاہر ہوتا ہے کہ سابقہ زیارت، روزہائے عیدین کے لئے ہے اور یہ زیارت، شبہائے عیدین کے لئے ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَارِثَ آدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ اَمِيْنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَاوَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَاوَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَاوَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَاوَارِثَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ حَبِيْبِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَاوَارِثَ عَلِيٍّ حُجَّةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَرُّ التَّقِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

يَاثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ اَشْهَدُ اَنَّکَ

قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ آتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ

بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ جَاهَدْتَّ فِى

اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ حَتّٰى اسْتُبِيْحَ حَرَمُکَ وَ قُتِلْتَ

مَظْلُوْماً ﴿۰۰۰﴾ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَآ اَبَاعَبْدِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

یَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ فَاطِمَةَ

الزَّهْرَآءِ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

یَابَطَلَ الْمُسْلِمِیْنَ یَامَوْلَایَ اَشْهَدُ اَنَّکَ کُنْتَ

نُوْراً فِی الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ وَالْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ

لَمْ تُنَجِّسْکَ الْجَاهِلِیَّةُ بِاَنْجَاسِهَا وَ لَمْ تُلْبِسْکَ

مِنْ مُّدْلَهِمَّاتِ ثِیَابِهَا وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مِنْ دَعَآئِمِ

الدِّیْنِ وَ اَرْکَانِ الْمُسْلِمِیْنَ وَ مَعْقِلِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ

اَشْهَدُ اَنَّکَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِیُّ الرَّضِیُّ الزَّکِیُّ

الْهَادِی الْمَهْدِیُّ وَ اَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِکَ

کَلِمَةُ التَّقْوٰی وَ اَعْلَامُ الْهُدٰی وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی

وَالْحُجَّةُ عَلٰی اَهْلِ الدُّنْیَا ۞ ... ۞ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا

اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ يَامَوْلَایَ! اَنَاْ مُوَالٍ لِّوَلِيِّكُمْ وَ مُعَادٍ
لِّعَدُوِّكُمْ وَ اَنَاْ بِكُمْ مُّوْمِنٌ وَّ بِاِيَابِكُمْ مُّوْقِنٌ
بِشَرَآئِعِ دِيْنِیْ وَ خَوَاتِيْمِ عَمَلِیْ وَ قَلْبِیْ لِقَلْبِكُمْ
سِلْمٌ وَّ اَمْرِیْ لِاَمْرِكُمْ مُّتَّبِعٌ يَّامَوْلَایَ! اَتَيْتُكَ
خَآئِفاً فَآمِنِّیْ وَ اَتَيْتُكَ مُسْتَجِيْراً فَاَجِرْنِیْ وَ
اَتَيْتُكَ فَقِيْراً فَاَغْنِنِیْ سَيِّدِیْ وَ مَوْلَایَ اَنْتَ
مَوْلَایَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ آمَنْتُ
بِسِرِّكُمْ وَ عَلَانِيَتِكُمْ وَ بِظَاهِرِكُمْ وَ بَاطِنِكُمْ وَ
اَوَّلِكُمْ وَ آخِرِكُمْ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ التَّالِیْ لِكِتَابِ
اللّٰهِ وَ اَمِيْنُ اللّٰهِ الدَّاعِیْ اِلَى اللّٰهِ بِالْحِكْمَةِ وَ
الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْكَ وَ اُمَّةً
قَتَلَتْكَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذَالِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ.

❁ ﴿پھر حضرت کے سر مبارک کے نزدیک دو (۲) رکعت نماز

زیارت بجالائیں اس کے بعد پڑھیں:﴾

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَکَ صَلَّیْتُ وَ لَکَ رَکَعْتُ وَ لَکَ

سَجَدْتُّ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ فَاِنَّهٗ لَاتَجُوْزُ

الصَّلٰوةُ وَ الرُّکُوْعُ وَ السُّجُوْدُ اِلَّا لَکَ لِاَنَّکَ

اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَبْلِغْهُمْ عَنِّیْ اَفْضَلَ

السَّلَامِ وَالتَّحِیَّةِ وَارْدُدْ عَلَیَّ مِنْهُمُ السَّلَامَ اَللّٰھُمَّ

وَ هَاتَانِ الرَّکْعَتَانِ هَدِیَّةٌ مِّنِّیْ اِلٰی سَیِّدِی

الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلَیْهِ وَ تَقَبَّلْهُمَا مِنِّیْ وَ اجْزِنِیْ

عَلَیْهِمَا اَفْضَلَ اَمَلِیْ وَ رَجَآئِیْ فِیْکَ وَ فِیْ

وَلِيّکَ يَاوَلِیَّ الْمُوْمِنِيْنَ ﴿۰۰۰﴾ اَلسَّلَامُ عَلَى
الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ نِ الْمَظْلُوْمِ الشَّهِيْدِ قَتِيْلِ
الْعَبَرَاتِ وَ اَسِيْرِ الْكُرُبَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّهٗ
وَلِيُّکَ وَابْنُ وَلِيِّکَ وَ صَفِيُّکَ الثَّآئِرُ بِحَقِّکَ
اَكْرَمْتَهٗ بِكَرَامَتِکَ وَ خَتَمْتَ لَهٗ بِالشَّهَادَةِ وَ
جَعَلْتَهٗ سَيِّداً مِّنَ السَّادَةِ وَ قَآئِداً مِّنَ الْقَادَةِ وَ
اَكْرَمْتَهٗ بِطِيْبِ الْوِلَادَةِ وَ اَعْطَيْتَهٗ مَوَارِيْثَ الْاَنْبِيَآءِ
وَ جَعَلْتَهٗ حُجَّةً عَلٰى خَلْقِکَ مِنَ الْاَوْصِيَآءِ
فَاَعْذَرَ فِی الدُّعَآءِ وَ مَنَحَ النَّصِيْحَةَ وَ بَذَلَ
مُهْجَتَهٗ فِيْکَ حَتَّى اسْتَنْقَذَ عِبَادَکَ مِنَ الْجَهَالَةِ
وَ حَيْرَةِ الضَّلَالَةِ وَ قَدْتَوَازَرَ عَلَيْهِ مَنْ غَرَّتْهُ الدُّنْيَا
وَ بَاعَ حَظَّهٗ مِنَ الْاٰخِرَةِ بِالْاَدْنٰى وَ تَرَدّٰى فِیْ

هَوَاهُ وَ اَسْخَطَکَ وَ اَسْخَطَ نَبِیَّکَ وَ اَطَاعَ مِنْ

عِبَادِکَ اُولِی الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ حَمَلَةَ الْاَوْزَارِ

الْمُسْتَوْجِبِیْنَ النَّارَ فَجَاهَدَهُمْ فِیْکَ صَابِراً

مُّحْتَسِباً مُّقْبِلاً غَیْرَ مُدْبِرٍ لَّاتَاْخُذُهُ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَآئِم

حَتّٰی سُفِکَ فِیْ طَاعَتِکَ دَمُهُ وَاسْتُبِیْحَ حَرِیْمُهُ

اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ لَعْناً وَّبِیْلاً وَّ عَذِّبْهُمْ عَذَاباً اَلِیْمَاً.

❁ ﴿ پھر حضرت علی اکبر علیہ السلام کی یہ زیارت پڑھیں: ﴾

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَلِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ

رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ فَاطِمَةَ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ

عَلَیْکَ اَیُّهَا الْمَظْلُوْمُ الشَّهِیْدُ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ

عِشْتَ سَعِيْداً وَّ قُتِلْتَ مَظْلُوْماً شَهِيْدَاْ.

❁ ﴿اس کے بعد شہدائے کربلا علیہم السلام کی زیارت پڑھیں:﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الذَّآبُّوْنَ عَنْ تَوْحِيْدِ اللّٰهِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ بِاَبِىْ

اَنْتُمْ وَ اُمِّىْ فُزْتُمْ فَوْزاً عَظِيْمَاْ.

❁ ﴿پھر حضرت عباس علیہ السلام کی زیارت پڑھیں:﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَ الصِّدِّيْقُ

الْمُوَاسِىْ اَشْهَدُ اَنَّكَ آمَنْتَ بِاللّٰهِ وَ نَصَرْتَ ابْنَ

رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ دَعَوْتَ اِلٰى سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ وَاَسَيْتَ

بِنَفْسِكَ فَعَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ اَفْضَلُ التَّحِيَّةِ

وَالسَّلَامِ ﴿۰۰۰﴾ بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ يَا نَاصِرَ دِيْنِ

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَانَاصِرَ الْحُسَيْنِ الصِّدِّيْقِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَاصِرَ الْحُسَیْنِ الشَّهِیْدِ

عَلَیْکَ مِنِّی السَّلَامُ مَابَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ.

﴿اس کے بعد دو (۲) رکعت نماز پڑھ کر وہی گذشتہ پوری دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَکَ صَلَّیْتُ...یَاوَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ صفحہ نمبر ۳۴۷_۳۴۸﴾

(مفاتیح، باب سوم، زیارات مخصوصۂ امام حسین علیہ السلام پنجم زیارت عید فطر وعید قربان)

اکثر مخصوص زیارتیں ضریح مقدس کے پاس، روضۂ مبارک کے اندر جا کر نزدیک سے پڑھنے کی ہیں خداوند عالم اس توفیق وسعادت سے نوازے بہر حال اگر دور سے بھی ان مخصوص ایام واوقات میں ان مخصوص کلمات وفقرات میں زیارت پڑھ لی جائے تو بہت مناسب ہے عقیدت و محبت میں مکان کی دوری، کار خیر میں رکاوٹ نہیں بن سکتی ہے ان شاء اللہ دور سے پڑھنے پر بھی خدا، اجر وثواب سے ضرور نوازے گا.

البتہ زائرین کرام بخوبی جانتے ہیں کہ دیگر زائرین محترم کی کثرت اور اہل بیت اطہار علیہم السلام کے چاہنے والوں کے ہجوم و ازدحام کے باعث، نزدیک سے بھی زیارت پڑھنے اور زیارت کرنے کے جو آداب وشرائط ہیں ان سب پر عمل کرنا ایک مشکل امر ہے لیکن پھر

بھی جہاں تک ہو سکے ان کا لحاظ رکھنا چاہئے تا کہ زیارت مقبول ہو اور ثواب میں مزید اضافہ ہو ان مخصوص زیارتوں میں اس کتاب میں خاص آداب وشرائط کی جگہ تین نقطے (۰۰۰) ہیں اور یہ کتاب خاص طور سے دور سے زیارت پڑھنے والے حضرات کے لئے مرتب کی گئی ہے.

﴿زیارت نمبر ۹﴾

﴿زیارت وارثِ حضرت امام حسین علیہ السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَارِثَ آدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَاوَارِثَ نُوْحٍ نَّبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
وَارِثَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ
مُوْسٰی کَلِیْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَارِثَ عِیْسٰی
رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاوَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَلِیِّ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَابْنَ عَلِيِّ نِ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ

فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ خَدِيْجَةَ

الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَ ابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ

الْمَوْتُوْرَ اَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَآتَيْتَ

الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ

وَاَطَعْتَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَتّٰى اَتَاکَ الْيَقِيْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ

اُمَّةً قَتَلَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

سَمِعَتْ بِذَالِکَ فَرَضِيَتْ بِهٖ يَامَوْلَایَ! يَآاَبَاعَبْدِ

اللّٰهِ! اَشْهَدُ اَنَّکَ كُنْتَ نُوْراً فِى الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

وَ الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْکَ الْجَاهِلِيَّةُ

بِاَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْکَ مِنْ مُّدْلَهِمَّاتِ ثِيَابِهَا وَاَشْهَدُ

اَنَّکَ مِنْ دَعَآئِمِ الدِّيْنِ وَ اَرْكَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَشْهَدُ

اَنَّکَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِیُّ الرَّضِیُّ الزَّکِیُّ الْهَادِی
الْمَهْدِیُّ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِکَ کَلِمَةُ التَّقْوٰی
وَ اَعْلَامُ الْهُدٰی وَ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی وَ الْحُجَّةُ عَلٰٓی اَهْلِ
الدُّنْیَا وَ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلَآئِکَتَهٗ وَاَنْبِیَآئَهٗ وَرُسُلَهٗ اَنِّیْ
بِکُمْ مُّؤْمِنٌ وَّ بِاِیَابِکُمْ مُّوْقِنٌ بِشَرَآئِعِ دِیْنِیْ وَ خَوَاتِیْمِ
عَمَلِیْ وَقَلْبِیْ لِقَلْبِکُمْ سِلْمٌ وَّ اَمْرِیْ لِاَمْرِکُمْ مُتَّبِعٌ
صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَعَلٰٓی اَرْوَاحِکُمْ وَ عَلٰٓی
اَجْسَادِکُمْ وَعَلٰٓی اَجْسَامِکُمْ وَ عَلٰی شَاهِدِکُمْ
وَعَلٰی غَآئِبِکُمْ وَ عَلٰی ظَاهِرِکُمْ وَعَلٰی بَاطِنِکُمْ.

﴿زیارت نمبر ۱۰﴾

﴿زیارت حضرت علی اکبر علیہ السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

يَابْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ اَيُّهَاالشَّهِيْدُ وَابْنُ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ اَيُّهَا

الْمَظْلُوْمُ وَابْنُ الْمَظْلُوْمِ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰهُ

اُمَّةً ظَلَمَتْکَ وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذَالِکَ فَرَضِيَتْ بِهٖ.

﴿زیارت نمبر ۱۱﴾

﴿زیارت حضرت عباس علیہ السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِيْعُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ اَشْهَدُ

اَنَّکَ قَدْجَاهَدْتَّ وَنَصَحْتَ وَصَبَرْتَ حَتّٰى اَتَاکَ

الْيَقِيْنُ لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ لَکُمْ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ

الْاٰخِرِيْنَ وَ اَلْحَقَهُمْ بِدَرْکِ الْجَحِيْمِ.

﴿زیارت نمبر ۱۲﴾

﴿زیارت سائر شہدائے کربلا علیہم السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآاَوْلِيَآءَ اللّٰهِ وَاَحِبَّآئَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

يَآاَصْفِيَآءَ اللّٰهِ وَ اَوِدَّآئَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآاَنْصَارَ دِيْنِ

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآاَنْصَارَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْكُمْ يَآ اَنْصَارَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

يَآاَنْصَارَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآاَنْصَارَ اَبِىْ مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ بْنِ

عَلِيِّ نِ الْوَلِيِّ الزَّكِيِّ النَّاصِحِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآاَنْصَارَ اَبِىْ

عَبْدِاللّٰهِ بِاَبِىْ اَنْتُمْ وَاُمِّىْ طِبْتُمْ وَطَابَتِ الْاَرْضُ الَّتِىْ فِيْهَا

دُفِنْتُمْ وَ فُزْتُمْ فَوْزًا عَظِيْماً فَيَالَيْتَنِىْ كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ مَعَكُمْ.

(مفاتیح الجنان (۱): باب سوم، فصل ۷، زیارت نمبر ۷، ص ۷۸۲ تا ۷۸۷، ۸۱۳۔ ہدیۃ الزائرین: باب ۴، فصل ۵، ص ۱۱۱، ۱۱۲)

﴿نماز پنجگانہ کے بعد پڑھنے والی مختصر زیارتیں﴾

محدث قمیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی تقریباً تیس (۳۰) زیارتیں ہیں. (ہدیۃ الزائرین: ص ۱۰۱، باب ۴، فصل ۵)

علامہ مجلسیؒ نے تحفۃ الزائر میں چھوٹی بڑی سولہ (۱۶) زیارات مطلقہ پھر زیارت عاشوراء واربعین اور اس کے بعد ماہ ہائے رجب، شعبان ورمضان المبارک کی خصوصی زیارتیں نقل کی ہیں. زیارات کی یہ کثرت سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی بے نہایت عظمت پر دلیل ہیں.

اہل بیت اطہار علیہم السلام کے تمام دوستدار جو ہر نماز کے بعد زیارت پڑھتے ہیں یہ ان کا بہترین شیوہ ہے اور مطابق رضائے پروردگار بھی ہے، شیعہ خیرُ البَریہ کی یہ بہترین عادت، سفیرِ حسینی حضرت مسلم ابن عقیل علیہما السلام کی یادگار سنت ہے جناب مسلمؑ نے اپنی شہادت سے ذرا پہلے نماز کے بعد انگلی سے اشارہ کر کے کہا: اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَاعَبْدِ اللهِ! لہٰذا آج تک ہر حسینی حضرت مسلمؑ کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے نماز بعد اپنے مظلوم امام علیہ السلام کو سلام کرتا ہے یہ زیارتیں روزانہ نماز پنجگانہ کے بعد پڑھی جائیں:

﴿زیارت نمبر ۱۳﴾

﴿دور سے مختصر بیحد با فضیلت زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام﴾

معتبر سندوں کے ذریعہ سدیر صرافؒ سے منقول ہے کہ مجھ سے حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: تم ہر ہفتہ پانچ (۵) مرتبہ یا روزانہ ایک مرتبہ قبر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کیوں نہیں کرتے؟ کون سی چیز تمھارے لئے رکاوٹ ہے؟ میں نے عرض کیا: آپ پر فدا ہو جاؤں میرے اور قبر حسین علیہ السلام کے درمیان فاصلہ بہت زیادہ اور راستہ بہت طولانی ہے. (لہٰذا روزانہ کیسے زیارت کروں؟) امام علیہ السلام نے فرمایا: اپنے گھر کی چھت پر چڑھ جاؤ، اپنی داہنی جانب اور بائیں جانب متوجہ ہو جاؤ پھر اپنے سر کو آسمان کی طرف بلند کرو اس کے بعد قبر حسین علیہ السلام کی طرف رخ کر کے اس طرح زیارت پڑھو:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآاَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ
رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہُ.

تمھارے لئے حج اور عمرہ کا ثواب لکھا جائے گا."

سدیرؒ بیان کرتے ہیں: حضرت کی زبان مبارک سے یہ فضائل

سننے کے بعد میں نے اکثر وبیشتر ایک ہی دن میں بیس (۲۰) مرتبہ سے زیادہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی یہ زیارت پڑھی!

(آثار وفوائد زیارت عاشوراء: ص ۱۲۸، باب دوم، زیارت نمبر ۷، بحوالۂ ہدیۃ الزائرین: اواخر باب چہارم، فصل ہفتم، زیارت اربعین، ص ۱۸۵)

بقیہ تفصیل وتحقیق ہماری کتاب آثار وفوائد زیارت عاشورا: صفحہ نمبر ۱۲۹ پر ملاحظہ فرمائیں. اس زیارت کو جناب شیخ بہائیؒ نے بھی کامل الزیارات کے مطابق صرف اول وآخر فقرات کے ساتھ نقل فرمایا ہے درمیان کا جملہ حذف ہے. (جامع عباسی (۲): باب ۷، فصل ا ص ۲۵، ۲۶)

❁ ✿ ❁ ✿ ❁

﴿زیارت نمبر ۱۴﴾

﴿زیارت دیگر حضرت امام حسین علیہ السلام﴾

علامہ مجلسیؒ نے کتاب تحفہ میں لکھا ہے: بعض بزرگ علماءؒ نے ابوالحسن فارسیؒ سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے کہا: میں بہت زیادہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے جایا کرتا تھا پھر کچھ مالی پریشانی اور بڑھاپے کی وجہ سے حضرت کی زیارت کی توفیق حاصل نہ ہوسکی ایک رات میں نے خواب میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام بھی آپ کی خدمت میں حاضر

تھے جب میں ان کے قریب گیا تو حضرت امام حسین علیہ السلام نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی: ''نانا! یہ شخص بہت زیادہ میری زیارت کرتا تھا مگر اب اِس نے ترک کر دیا ہے۔''

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف رخ کر کے فرمایا: ''کیا حسین (علیہ السلام) جیسے کی بھی زیارت کو ترک کیا جا سکتا ہے؟'' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مالی دشواری اور ضعیفی کی وجہ سے میں اِس سعادت سے محروم ہو گیا ہوں. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر رات اپنے گھر کی چھت پر چلے جاؤ انگشتِ شہادت سے قبر کی طرف اشارہ کر کے اس طرح زیارت پڑھ لیا کرو، زیارت کے بعد حاجت طلب کرو ایسا کرنے سے نزدیک اور دور دونوں طرح سے تمھاری زیارت مقبول ہو گی:

[اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ] اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ

عَلٰی جَدِّکَ وَ اَبِیْکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ عَلٰیٓ اُمِّکَ

وَ اَخِیْکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَعَلَی الْاَئِمَّةِ مِنْ بَنِیْکَ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاصَاحِبَ الدَّمْعَةِ السَّاکِبَةِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْکَ يَاصَاحِبَ الْمُصِيْبَةِ الرَّاتِبَةِ لَقَدْ اَصْبَحَ كِتَابُ

اللّٰهِ فِيْکَ مَهْجُوْراً وَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِيْکَ مَوْتُوْراً

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلٰى

اَنْصَارِ اللّٰهِ وَ خُلَفَآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰى اُمَنَآءِ اللّٰهِ وَاَحِبَّآئِهٖ

اَلسَّلَامُ عَلٰى مَحَالِّ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ وَ مَعَادِنِ حِكْمَةِ اللّٰهِ

وَ حَفَظَةِ سِرِّ اللّٰهِ وَ حَمَلَةِ كِتَابِ اللّٰهِ وَ اَوْصِيَآءِ نَبِيِّ

اللّٰهِ وَ ذُرِّيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ

رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ.

(ہدیۃ الزائرین: ص ۴۰۵، باب ۸، فصل ۳۔ بحار: ۳۷۶/۹۸، باب ۳۲، ح ۱۷، کتاب المزار۔ مستدرک: ۴۰۴/۱۰، ح ۵، باب ۸۶)

نوٹ:

ہدیہ، بحار و مستدرک تینوں میں پہلا جملہ موجود نہیں ہے اور بحار و مستدرک میں لفظ "مَوْتُوْراً" کی جگہ "مَحْزُوْناً" ہے. اس کے بعد آنے والی دو زیارتیں جو آٹھویں اور بارہویں امام علیہما السلام کی ہیں ابھی تک

کسی معتبر کتاب میں نہ مل سکیں مسلسل کئی دنوں بلکہ ہفتوں سے تلاش جاری ہے کمپیوٹر کی مدد سے بھی صرف ایک ایک جملہ ملا پوری پوری زیارتیں نہ مل سکیں البتہ شیعوں کے درمیان اس قدر مشہور ہیں کہ کسی شک کی گنجائش نہیں ہے چھوٹے چھوٹے بچوں کو بھی زبانی یاد ہیں.

﴿زیارت نمبر ۱۵﴾

﴿زیارت حضرت امام علی رِضا علیہ السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاغَرِیْبَ الْغُرَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَامُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاشَمْسَ الشُّمُوْسِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآاَنِیْسَ النُّفُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا
الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ طُوْسٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُغِیْثَ
الشِّیْعَةِ وَالزُّوَّارِ فِیْ یَوْمِ الْجَزَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَاسُلْطَانَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآاَبَا الْحَسَنِ

عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ.

(تحفۃ العوام مقبول مستند (۲): ص ۳۷۹)

﴿زیارت نمبر ۱۶﴾

﴿زیارت حضرت صاحب الزمان علیہ السلام﴾

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبَ الْعَصْرِ وَ الزَّمَانِ اَلسَّلَامُ

عَلَيْكَ يَاخَلِيفَةَ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآاِمَامَ

الْاِنْسِ وَالْجَانِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَظْهَرَ الْاِيْمَانِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاشَرِيْكَ الْقُرْآنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَآاِمَامَ زَمَانِنَا هٰذَا عَجَّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَرَجَكَ وَ سَهَّلَ اللّٰهُ

مَخْرَجَكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ .

نوٹ: آقائے عاملیؒ نے ایک طولانی زیارت میں اس زیارت کے صرف بعض فقرات نقل کئے ہیں. (دیکھئے: مفتاح الجنات: ۲/۲۷۲)

قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام

اَلْقَنَاعَةُ مَالٌ لَّایَنْفَدُ

قناعت ایسا سرمایہ ہے جو ختم نہیں ہوتا.

(نہج البلاغہ ، حِکم و مواعظ ، حکمت نمبر ۴۶۷۔م)

۷

باب هفتم

در متفرقات

﴿قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام﴾

اَلتَّوَدُّدُ نِصْفُ الْعَقْلِ

میل مَحبت پیدا کرنا عقل کا نصف حصہ ہے.

(نہج البلاغہ، حِکم ومواعظ، حکمت نمبر ۱۴۲، ص ۶۸۰، ۶۸۱۔ ج)

باب ہفتم

در متفرقات

۱۔ شدائد و مشکلات حل ہوں

باب الحوائج حضرت عباس علیہ السلام کے اسم مبارک کے عدد کے مطابق ۱۳۳ مرتبہ اس ذکر کو پڑھے: یَا کَاشِفَ الْکَرْبِ مِنْ وَّجْهِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِکْشِفْ کَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْکَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ.

اس کے بعد آقائے کاشانیؒ نے تحریر فرمایا ہے: میرے والد ماجد سید علی اکبر حسینی (اعلی اللہ مقامہ) اور دوسرے بزرگ علماء نے مجھ سے بیان فرمایا ہے کہ ہم نے شدید مشکلات میں باب الحوائج کو وسیلہ بنایا ہماری تمام مشکلات دور ہو گئیں. (کتاب المخازن: ۱/۵۴)

۲۔ وسعت رزق

وسعت رزق کے لئے سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ کو تین (۳) راتوں

میں ہر رات چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے وسعت رزق کے لئے بہت ہی زیادہ آزمودہ ہے. (کتاب المخازن: ۶۸/۱)

﴿۳۔قرض، دشمن، شفاء﴾

بعض معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ آیۂ مبارکہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. کو (۷۳۰) مرتبہ پڑھے تو قرض کی ادائیگی، دشمن سے نجات، ہمّ وغم کے دور ہونے اور بیماری سے شفا کے لئے مفید ہے وضو کے ساتھ قبلہ رخ ہوکر پڑھنا چاہئے. (کتاب المخازن: ۶۹/۱)

﴿۴۔قضائے حاجات ومہمات﴾

نماز صبح کے بعد بغیر کسی سے بات کئے ہوئے دس (۱۰) دنوں تک سورۂ یٰسٓ کی تلاوت کرے اس سے پہلے دس (۱۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے تو ہر حاجت پوری ہوگی. حدیث کا راوی بیان کرتا ہے کہ اگر اس کی حاجت پوری نہ ہو تو مجھ پر لعنت بھیجے کیوں کہ اس دعا میں اسم اعظم موجود ہے اور وہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: یَاقَدِیْمُ! یَادَآئِمُ! یَاحَیُّ!

یَاقَیُّوْمُ! یَافَرْدُ! یَاوَتْرُ! یَاوَاحِدُ!یَآاَحَدُ! یَاصَمَدُ! یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ وَّصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.(کتاب المخازن:۱/۹۰)

﴿۵۔عزت ودولت اور جاہ ومنصب﴾

جن اسمائے الٰہی میں حرف ''قاف'' ہے مثلاً: یَاقَیُّوْمُ! یَاقَادِرُ! یَامُقْتَدِرُ !وغیرہ وغیرہ اگران میں سے کسی کوغروبِ آفتاب کے وقت (۱۸۱)مرتبہ عزت ودولت اور جاہ ومنصب کے لئے پڑھے تو مفید ومجرب ہے.(کتاب المخازن:۱/۹۶)

﴿۶۔محبت زن وشوہر﴾

سورۂ مبارکۂ جمعہ کو(۵) مرتبہ زن وشوہر کے درمیان محبت کی نیت سے پڑھنا مفید ہے.(کتاب المخازن:۱/۱۵۳)

﴿۷۔توانگری﴾

بعض کتب تفاسیر میں لکھا ہے کہ سورۂ انفال کوتوانگری کی نیت

سے تین (۳) مرتبہ پڑھنا مفید و موثر ہے. (کتاب المخازن: ۱/۱۵۳)

۸۔ قضائے حاجات و دفع بلیات

علامہ سید علی خان شیرازی علیہ الرحمہ نے کلم الطیب میں تحریر فرمایا:
قضائے حاجات و دفع بلیات کے لئے (۷۱) مرتبہ سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھے درمیان میں کسی سے بات نہ کرے آزمودہ ہے.
(کتاب المخازن: ۱/۲۷۸)

۹۔ بخار

اگر بخار کے مریض پر سورۂ وَ الْعَصْرِ پڑھ کر دم کیا جائے تو بخار جاتا رہے گا. (کتاب المخازن: ۱/۲۸۳)

۱۰۔ شفائے بیمار

ختم سورۂ مبارکہ اِقْرَأْ ختومات مجربہ میں سے ہے اس کا مکرر تجربہ ہوا ہے. طریقہ یہ ہے کہ (۴۱) مرتبہ سورۂ اِقْرَأْ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک سکہ اٹھاتے ہوئے نیچے سے اوپر کی طرف آئے ہر مرتبہ آیۂ سجدہ پر پہونچ کر سجدہ کرے جب ختم ہو جائے تو (۴۱) فقیروں کو ایک، ایک سکہ دے دے یہ بارہا کا آزمودہ ہے. (کتاب المخازن: ۱/۲۸۳)

﴿۱۱۔لڑکا پیدا کرنا﴾

اگر آیت الکرسی پڑھ کر میٹھے انار پر دم کر کے چار (۴) مہینے سے پہلے حاملہ کو کھلا دے تو اس کے لڑکا پیدا ہوگا، ان شاء اللہ. (کتاب المخازن:۱/۲۸۴)

﴿۱۲۔حصول علم و مال﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جو مسلسل دو مہینوں تک روزانہ ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے گا خداوند عالم اسے علم و مال کا خزانہ عطا فرمائے گا (ایک روایت میں ہے کہ روزانہ چار سو (۴۰۰) مرتبہ پڑھے) وہ دعا یہ ہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِ مِنْ جَمِیْعِ ظُلْمِیْ وَ اِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ. (کتاب المخازن:۱/۲۸۸)

﴿۱۳۔غنا و ثروت﴾

کتاب جواہر مکنونہ میں مذکور ہے کہ جو شخص چہار شنبہ (بدھ) کو اس نیت سے دو رکعت نماز حاجت پڑھے کہ خدا اس کو غنی اور صاحب ثروت بنا دے پھر چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ کوثر پڑھے تو اِنْ شَآءَ اللہ اس

کی برکت سے بہت زیادہ مال حاصل ہوگا، بارہا کا آزمودہ ہے. (کتاب المخازن: ۱/۲۹۳)

﴿۱۴۔حاجت﴾

آقائے کاشانیؒ نے تحریر فرمایا ہے: علامۂ بزرگوار میرے والد ماجد سید علی اکبر حسینی (اعلیٰ اللہ مقامہ) نے اپنے بعض اساتذہ سے نقل فرمایا ہے کہ جو شخص تضرع وخشوع کے ساتھ (۶۶) مرتبہ ''یَآاَللّٰہُ!'' اس کے عدد کے مطابق پڑھے گا ان شاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی مجرب ہے. (کتاب المخازن: ۱/۳۲۷)

﴿۱۵۔زن وشوہر کے درمیان بہترین تعلقات﴾

بعض قدیم معتبر خطی کتابوں میں مذکور ہے کہ زن وشوہر کے درمیان اختلاف کو دور کرنے کے لئے ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ اسم مبارک ''وَدُوْدُ'' پڑھیں ان شاء اللہ اختلاف دور ہو جائے گا. (کتاب المخازن: ۱/۳۵۸)

﴿۱۶۔وسعت رزق، حاجت وثروت﴾

ہمارے جلیل القدر علماء کی بعض قدیم خطی کتابوں میں مذکور ہے

کہ وسعت رزق کے لئے روزانہ نمازِ صبح کے بعد سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاہُ پڑھے پھر قدرت خدا کا مشاہدہ کرے رزق کے لئے اس کا اثر عجیب وغریب ہے آزمودہ ہے. بعض علماء نے فرمایا ہے:

اس سورہ (قدر) کو جس حاجت کے لئے (۳۶۰) مرتبہ پڑھے گا اس کی حاجت پوری ہوگی اور یہی عدد فقر وفاقہ اور عسرت واحتیاج کو دور کرنے اور ثروت وادائیگی قرض کے لئے بھی مجرب ہے. (کتاب المخازن: ۱/۴۵۸)

﴿۱۷۔ حیوانات موذی﴾

جب گھر کے اندر داخل ہو یا بستر پر جاؤ تو اس آیۂ مبارکہ کو پڑھ کر پھونک دو مچھر، جوں وغیرہ اور دوسرے اذیت دینے والے حیوانات، اذیت نہ پہونچا سکیں گے آیت یہ ہے: وَاللّٰہُ یَدْعُوْ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ وَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ. (کتاب المخازن: ۱/۴۸۵)

﴿۱۸۔ قرض﴾

کتاب امالی میں شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

اپنے قرض کی شکایت کی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: اے علی! (علیہ السلام) یہ دعا پڑھا کرو: اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ. تو اگر تمھارے اوپر صَبِیر کے برابر بھی قرض ہوگا خدا اسے بھی ادا فرمادے گا.

توضیح:

صبیر: یمن میں ایک پہاڑ کا نام ہے یمن میں اس سے بڑا کوئی پہاڑ نہیں ہے. شیخ بہائیؒ، سید محسن عاملیؒ اور دیگر علماء و مومنین کو اس دعا کی برکت سے بہت زیادہ مقروض ہونے کے بعد نجات ملی.

شیخ بہائیؒ فرماتے ہیں: میں نماز صبح کے بعد مکرر اس دعا کو پڑھنے لگا، اکثر دوسری نمازوں کے بعد بھی پڑھنے لگا خدا نے بہت ہی مختصر مدت میں ایسے عجیب و غریب اسباب کے ذریعہ میرا قرض ادا فرمادیا جو میرے دل میں خطور بھی نہ کر سکتے تھے اور جن کا وہم و گمان بھی نہ تھا. قنوت میں، نماز کے بعد اور دیگر حالات میں اس دعا کو پڑھتا رہے. (التحفۃ الرضویہ فی مجربات الامامیہ: ص ۲۶، ۲۷)

۱۹۔ دعائے مجلسیؒ

علامہ محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: میری نظر شب جمعہ ایک دعائے قلیل اللفظ، کثیر المعنٰی پر پڑی میں نے اسے پڑھا پھر دوسری

شب جمعہ کو جب اسے دوبارہ پڑھنا چاہا تو سقف خانہ سے آواز آئی کہ اے فاضل کامل! گذشتہ شب جمعہ جو تم نے یہ دعا پڑھی تھی اس کا ثواب لکھنے سے کراماً کاتبین ابھی تک فارغ نہیں ہوئے ہیں. خلاصہ یہ کہ شب جمعہ بلکہ ہر شب اس عا کا پڑھنا بہت ثواب کا باعث ہے. وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى فَنَآئِهَا وَ مِنَ الْآخِرَةِ اِلٰى بَقَآئِهَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ وَّ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. (حیات القلوب (اردو): ۱/۱۔ قصص العلماء: ص ۲۰۸)

۲۰۔ دعائے کثیر الثواب

علامہ مجلسیؒ نے کتاب عدۃ الداعی سے نقل فرمایا کہ عمر بن شعیب ناقل ہیں کہ میرے جد نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ ایک دن جبرئیل میرے پاس نازل ہوئے وہ بہت شاد مان وخندان تھے مجھ سے سلام کیا میں نے جواب دیا پھر انھوں نے عرض کیا: خدا نے آپ کے لئے ایک تحفہ بھیجا ہے اور وہ جنت کے خزانہ کے چند کلمات ہیں جو خدا نے آپ کو عنایت فرمائے ہیں وہ یہ ہیں:

يَامَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَ سَتَرَ الْقَبِيْحَ يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاْخِذْ

بِالْجَرِيْرَةِ وَ لَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ يَاعَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ

التَّجَاوُزِ يَاوَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَابَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ

يَاصَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى وَ يَامُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى

يَاكَرِيْمَ الصَّفْحِ يَاعَظِيْمَ الْمَنِّ يَامُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ

اسْتِحْقَاقِهَا يَارَبَّنَا وَيَاسَيِّدَنَا وَيَامَوْلَانَا وَيَاغَايَةَ

رَغْبَتِنَا اَسْئَلُکَ يَآاَللّٰهُ! اَنْ لَّاتُشَوِّهَ خَلْقِیْ بِالنَّارِ.

آپ ان کلمات کو صرف پرہیز گاروں کو بتائیں منافقین کو ان کی تعلیم نہ دیں کیوں کہ یہ ایک مستجاب دعا ہے جو پڑھے گا قبول ہوگی یہ بیت المعمور کے فرشتوں کی دعا ہے وہ طواف کے وقت یہی پڑھتے ہیں.

جناب رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے جبرئیل سے پوچھا ان کلمات کا ثواب کیا ہے؟ عرض کیا: ہرگز کوئی بھی اس کا ثواب شمار نہیں کرسکتا اگر ساتوں آسمان کے فرشتے اور زمین کے ساتوں طبقات کے ساکنین اس کا ثواب بیان کرنا چاہیں تو قیامت تک اس سے عاجز رہیں

گے یہاں تک کہ ان کلمات کے ایک جزء کا بھی ثواب نہیں بیان کر سکتے.
(بحارالانوار: ۹۵/۱۹۸ تا ۲۰۰، کتاب الذکر والدعا، باب ۱۰۶، دعا نمبر ۳۲)

نوٹ: یہ دعا پمفلیٹ کی شکل میں مرکز جہانی علوم اسلامی کی طرف سے قم مقدسہ مسجد اعظم میں ۲۶ تا ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ ق اعتکاف کے دوران طلاب غیر ایرانی کے درمیان تقسیم کی گئی تھی. اس میں صرف جلد وصفحہ نمبر تھا ہم نے بحار سے اس کا دقیق حوالہ لکھ دیا ہے اسی وقت سے ہر شب جمعہ اس کا ورد جاری ہے خدا قبول فرمائے مزید توفیق دے.

﴿۲۱۔ دعائے دیگر کثیر الثواب﴾

آقائے عطاری نے لکھا ہے کہ ایک معتبر کتاب میں لکھا ہوا ہے: جو شخص ان تہلیلات کو پڑھے گا اسے چھتیس (۳۶) حج؛ چھتیس (۳۶) ختم قرآن؛ چھتیس (۳۶) غلام آزاد کرنے اور چھتیس (۳۶) دینار صدقہ دینے کا ثواب ملے گا نیز اس کے چھتیس (۳۶) غم دور ہوں گے خداوند عالم اسے یہ چھ (۶) چیزیں عطا فرمائے گا: ۱۔ فقر ختم کر دے گا ۲۔ منکر ونکیر کا سوال آسان کر دے گا ۳۔ وہ پل صراط سے گذر جائے گا ۴۔ اچانک موت سے نجات پائے گا ۵۔ اس پر جہنم، حرام ہوگی ۶۔ وہ قبر کی تنگی سے نجات پائے گا اور وہ یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْجَلِيْلُ الْجَبَّارُ،لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ

الْـقَهَّـارُ،لَآاِلٰـهَ اِلَّا الـلّٰـهُ الْـعَزِيْزُ الْغَفَّارُ،لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

الْـكَـرِيْمُ الْسَّتَّارُ،لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ، لَآاِلٰـهَ

اِلَّاالـلّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْکَ لَهٗ اِلٰهاً وَّاحِداً رَّبًّا وَّ شَاهِداً

اَحَداً صَمَداً وَّ نَحْنُ لَهٗ عَابِدُوْنَ،لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

لَاشَرِيْکَ لَهٗ اِلٰهاً وَّاُحِداً رَّبّاً وَّ شَاهِداً اَحَداًصَمَداً وَّ

نَـحْـنُ لَـهٗ قَـانِتُـوْنَ،لَآاِلٰـهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْکَ لَهٗ

اِلٰهاً وَّاُحِـداً رَّبّـاً وَّ شَـاهِـداً اَحَـداً صَمَداً وَّ نَحْنُ لَهٗ

صَابِرُوْنَ،لَآاِلٰـهَ اِلَّااللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ(صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ)عَلِيٌّ (عَلَيْهِ السَّلَامُ)وَلِيُّ اللّٰهِ ،اَللّٰهُمَّ

اِلَيْکَ وَجَّهْتُ وَجْهِىْ وَ اِلَيْکَ فَوَّضْتُ اَمْرِىْ وَ

عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. (کشکول عطاری: ص ۶۳، ۶۴)

نوٹ :مذکورہ کتاب میں اس دعا کے متعلق صرف اتنا لکھا ہے: ''ایک معتبر کتاب میں لکھا ہے''. اس کتاب کا نام نہیں لکھا ہے. (مؤلف)

﴿۲۲۔ثوابِ لَآاِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص سو (۱۰۰) مرتبہ لَآاِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اس دن اس کی عبادت سب سے زیادہ ہوگی البتہ اگر کوئی دوسرا شخص سو (۱۰۰) مرتبہ سے زیادہ کہے گا تو اس کا ثواب اس سے بھی بڑھ جائے گا. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۱۷)

﴿۲۳۔ثوابِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص سوتے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے گا خدا اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنادے گا. جو سوتے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھے گا اس کے گناہ اس طرح جھڑ جائیں گے جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۱۸)

﴿۲۴۔ثواب تسبیحات اربعہ﴾

﴿اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ﴾

حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ فقراء جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے عرض کیا: مالدار لوگ غلام آزاد کرتے ہیں، حج کرتے ہیں، صدقہ دیتے ہیں، جہاد کرتے ہیں مگر ہم فقر اور محتاجگی کی وجہ سے ان عبادتوں سے محروم رہتے ہیں.

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم غریب لوگوں میں سے جو سو (۱۰۰) مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے گا اس کی فضیلت سو (۱۰۰) غلاموں کو آزاد کرنے سے زیادہ ہوگی. جو سو (۱۰۰) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کہے گا اس کی فضیلت، حج میں سو (۱۰۰) قربانیوں سے زیادہ ہوگی. جو سو (۱۰۰) مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے گا اس کی فضیلت راہ خدا میں سو (۱۰۰) زین دار، لجام دار، رکاب دار گھوڑوں سے زیادہ ہوگی اور جو سو (۱۰۰) مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اس دن اس کے عمل کی فضیلت تمام لوگوں سے زیادہ ہوگی اس سے زیادہ کہنے والے کی اس سے بھی زیادہ ہوگی.

اس کے بعد امام علیہ السلام نے فرمایا: جب مالداروں کو ان فضائل کا علم ہوا تو وہ بھی یہ اعمال بجالائے چنانچہ فقراء دوبارہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بتایا کہ مالدار لوگ بھی یہ ادعیہ اور اذکار پڑھنے لگے. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ثواب الٰہی، فضل وعطیہ ہے وہ جسے چاہے گا عنایت فرمائے گا وہ بڑا فضل والا ہے. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۲۹)

﴿۲۵۔ثوابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جو شخص اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ کہے گا فرشتے اس کا ثواب لکھنے سے عاجز ہو جائیں گے. راوی نے پوچھا کیوں کر عاجز ہوں گے؟ فرمایا: فرشتے عرض کریں گے: خدایا! ہم کو غیب کا علم نہیں ہے! خطاب ہوگا: تم بالکل اسی طرح لکھ لو اس کا حساب میرے ذمہ ہوگا. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۳۵)

مؤلف: حالت نماز میں ابتدائے تشہد میں اس کی عادت ڈالنا بہت مناسب ہے چنانچہ بعض علماء اسی طرح پڑھتے ہیں.

﴿۲۶۔ثوابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت چار (۴) مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ کہے گا وہ اس دن کا شکر، ادا

کرلے گا، اگر رات میں کہے تو رات کا شکر، ادا کرلے گا. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۳۵)

﴿۲۷۔ مسجد میں چراغ جلانے کا ثواب﴾

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص خدا کی مسجد میں کوئی چراغ جلائے گا جب تک اس کی روشنی رہے گی فرشتے اور حاملین عرش اس کے لئے بخشش کی دعا کرتے رہیں گے. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۷۱)

﴿۲۸۔ مسجد میں جھاڑو دینے کا ثواب﴾

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعرات یا شب جمعہ کسی مسجد میں جھاڑو لگائے آنکھ میں سرمہ لگانے کے برابر اس کی خاک وغیرہ مسجد سے نکال کر باہر ڈال دے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے. (ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ص ۷۵)

﴿۲۹۔ سورۂ قدر روشنیٔ چشم﴾

جو شخص وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف رخ کر کے ایک بار

سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاہُ کو پڑھ لیا کرے اس کی بصارت میں کبھی کمی نہ ہوگی. (کنز الاسرار (جدید): ص ۳۱)

﴿۳۰۔ فوائد استغفار﴾

کتاب بلد الامین میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ، دس (۱۰) مرتبہ. بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے گا تو گناہوں سے اس طرح باہر آجائے گا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو، خدا ستر (۷۰) بلاؤں مثلاً دیوانگی، برص، جذام وفلج وغیرہ سے محفوظ رکھے گا اور ستر (۷۰) ہزار فرشتے استغفار کرتے رہیں گے.

(مفاتیح الجنان (۱): حاشیہ (باقیات صالحات) ''دعاہائے ماثور در ہر روز'' ص ۳۵۶، ۳۵۷)

﴿۳۱۔ فقر و تنگدستی﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھے گا وہ تنگدستی وفقر سے محفوظ رہے گا. (مفاتیح الجنان (۱): حاشیہ (باقیات صالحات) ''دعاہائے ماثور در ہر روز'' ص ۳۵۷)

﴿۳۲۔ محبت بین زوجین﴾

اگر میاں بیوی کے درمیان محبت نہ ہو تو مثلاً شوہر، حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام کی تسبیح پڑھ کر بیوی کے چہرہ کی طرف پھونک دے اگر

شوہر، بیوی کو نہ چاہتا ہوتو بیوی بھی ایسا ہی کرے ان شاء اللہ مَحبت پیدا ہوجائے گی جیسا کہ حضرت خضر علیہ السلام سے منقول ہے. تسبیح کی ترتیب اس طرح ہوگی: پہلے ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر، ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پھر آخر میں ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ. (کشکول عطاری: ص ۲۷۰، ۲۷۱)

۳۳۔ تعویذ محافظ جان

منقول ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے زمانہ میں حاکم وقت نے کسی شخص کو تین (۳) مرتبہ آگ میں ڈالا اسے داغ تک نہ لگا، پانی میں غرق کیا بال تک نہ بھیگے، تلوار گردن پر ماری ایک خط بھی نہ پڑا حضرت نے فرمایا: اس ناخطا کار کے پاس ایک دعا ہے. جب لوگوں نے جا کر اس کو برہنہ کیا تو اس کے پاس ایک تعویذ نکلا جس پر یہ کلمات لکھے تھے :

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، یَا مَنْ لَّا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ
یَا مَنْ لَّا یُدَبِّرُ الْاَمْرَ اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ لَّا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا
ھُوَ یَا مَنْ لَّا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ لَّا یُحْیِ الْعِظَامَ
الْمَوْتٰی اِلَّا ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ

بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ وَّبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَ مَآ اَرْسَلْنَاکَ اِلَّا مُبَشِّراً وَّ نَذِیْراً ۟ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ کَامِلاً هَاوِیاً یَّاسِراً یَّامِلاً صَادِقاً ۟ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ . (لسانیٔ مخزونہ: ص ۷۱، ۷۲)

﴿۳۴ سلامتی کے ساتھ سفر سے واپسی﴾

